مجرب عملیات تعویزات

نادر اور نایاب

چشتی، قادری، قلندری، اویسیہ، صابری،
فاروقیہ کے خاص الخاص اور مجرب اعمال

انمول تحفہ
عمل محبت
مجرب عملیات تعویزات
نادر اور نایاب
چشتی، قادری، قلندری، اویسیہ، صابری،
فاروقیہ کے خاص الخاص اور مجرب اعمال

عورت پر قدرت حاصل کرنے کیلئے ایک قرآنی عمل:

از اعمال قرآنی تصنیف حضرت تھانوی رحمۃ اللہ تعالیٰ ' حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ سے کسی نے ذکر کیا کہ فلاں شخص نے نکاح کیا مگر عورت پر قادر نہیں ہو سکا تو آپ نے دو بیضہ مرغ (انڈے) جوش دیئے ہوئے منگوائے اور ان کا چھلکا اتار کر ایک پر آیت لکھی۔

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ.

(پارہ ۲۷ سورۃ ذاریات، آیت ۴۸)

اور مرد کو کھانے کو دیا اور دوسرے پر یہ آیت لکھی۔

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ.

(پارہ ۲۷ سورۃ ذاریات، آیت ۴۸)

فہرست

مجھے عملیات وتعویذات کا نہایت شوق تھا۔ جہاں کہیں کسی بزرگ کی قدم بوسی کی کچھ نہ کچھ اُن سے استفادہ کرتا رہا اور اکثر اوقات دعوت وغیرہ میں بھی مشغول رہا۔ خیال آیا کہ جو عملیات وتعویذات اس ہیچمدان نے اپنے حضرات پیران عظام ودیگر بزرگان دین سے استفادہ کئے ہیں۔ جنمیں سے اکثر کی سند حدیث صحیح سے بھی ہے ایسی کتب قلمبند کروں کہ خاص وعوام کو فائدہ پہنچے اور اس فقیر کے واسطے ایک ذریعہ ثواب کا ہو۔ دیگر عوارض دنیوی کچھ ایسے پیش آ جاتے تھے کہ ہمت پست ہو جاتی تھی اور قلم اٹھانا دشوار ہو جاتا تھا اسی خیال میں عرصہ گزر گیا۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے کرم فرمایا۔ تمام پریشانیوں کو پس پشت پھینک کر قلم اُٹھایا۔ اور بطور یادگار اپنے تمام مجربات کو جو ہمیشہ میرے تجربہ میں رہے۔ قلمبند کر رہا ہوں۔ حق سبحانہ وتعالیٰ اُس کو قبول فرمائے۔ اور ہر خاص وعام کو اس سے فائدہ مند کرے اور خاکسار کے لئے ذریعہ ثواب آخرت کا ٹھہرائے۔

احباب طریقت واصحاب حقیقت کی خدمت میں التماس ہے کہ اگر کہیں کوئی غلطی ظہور میں آئے تو پردہ پوشی کریں اور اس فقیر کو دعائے خیر سے یاد فرماویں۔

ازل میں توحید کی گواہی پس اسی گواہی کے نور سے برگزیدہ اہل علم نے جرعہ نوشی کی ہے۔ اس کو سمجھو اور ترتیب ابدی دونوں شہادتوں میں جو ملائکہ اور اہل علم سے متصل ہین یہی ابدی گواہی ہے۔ پس جس نے ان دونوں شہادتوں کے بھید کو جان لیا اس نے دونوں عالم کا علم ان کی اندرونی اشیاء کے مقام کشف ہو کر مشاہدہ کیا۔ اس مقام کے ہر شخص کے واسطے ایک ہیبت ہوتی ہے۔ جو اس کو تمام حکمتوں تک پہنچا دیتی ہے۔

خدائے حی وقیوم سے میری دعا ہے کہ اس کو خاص صدقہ مقبولہ میری آخرت کے واسطے کرے اور اس کی راحت دینے والی ہوائیں میری قبر میں میرے ساتھ رکھے اور میرے اور تمہارے واسطے مطلب کو واضح کر دے اور انوار تحقیق ہم کو اور تم کو عنایت کرے۔

یقیناً یہ رحمانی چمک اور یہ روشن آفتاب عارفوں کا راستہ اور صدیقوں کا طریقہ اور صالحین کا حضور رب العالمین میں حاضر ہونے کے واسطے ذریعہ ہے۔ وہ رب جو کہ رب لاریب ہے۔ جس ذات گرامی کے طفیل اللہ نے کل کائنات کو پیدا کیا یعنی حضور پر نور سیدنا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ ان سے اگر مسلمان اپنا رشتہ تعظیم اور محبت نہایت پختگی اور مضبوطی کے ساتھ جوڑے تو تمام باتوں سے بے نیاز ہو جائے اور پھر کسی چیز کے دیکھنے بھالنے کی ضرورت نہ ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس خان برگ

اس کتاب میں ہر چیز ملے گی جو آج تک نہ کسی کتاب میں لکھی ہو گی نہ دیکھی گی۔

سب کو عام اجازت

اس وضاحت کے بعد میں اصل موضوع کی طرف آتا ہوں اور نہایت کھلے دل سے سب کو اجازت دیتا ہوں کہ وہ ان قرآنی عملیات سے فائدہ اٹھائیں۔ میں اپنی ذات کے لئے کسی کا دشمن نہیں۔ نہ میرا کوئی دشمن ہے۔ اور اگر میرا کوئی دشمن ہو بھی تب بھی میں اسے اجازت دیتا ہوں۔ شاید آپ کہتے ہوں کہ جب ہم نے کتاب بازار سے رقم دے کر خرید لی تو پھر اجازت کیسی؟ کوئی اجزت دے نہ دے ہم خود پڑھ کر فائدہ اٹھالیں گے۔ یہ خیال آپ کا صحیح نہیں۔ یہ عملیات صرف مجھ تک ہیں۔ میری بغیر اجازت کوئی شخص بھی ان عملیات سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ اور ہر عمل کے لئے عامل سے اجازت لینے کی ضرورت ہوتی ہے۔

البتہ اتنا ضرور کہوں گا کہ کوئی صاحب ان عملیات سے ناجائز فائدہ نہ اٹھائیں اور کسی بدی اور برائی کے لئے عمل پڑھ کر اپنے آپ کو اور مجھے معصیت میں مبتلا نہ کریں۔ جو صاحب میری اس درخواست پر عمل نہیں کر سکتے وہ میری اس عام اجازت سے مستثنٰی ہیں۔ یعنی ایسے مقاصد کے لئے جو خدا کے ناپسند ہیں اور جن کو خدا نے برا قرار دیا ہے۔ قطعاً کسی کو اجازت نہیں ہے۔

اگر آپ اپنے کسی بھائی کے لئے بلا معاوضہ عمل پڑھیں تو خدا اجر دینے والا ہے دنیا میں ایک انسان دوسرے کی امداد کے لئے بھیجا گیا ہے۔ سب لوگ ایک عظیم الشان انسانی برادری میں منسلک ہیں۔ خدا خوش ہوتا ہے جب اس کا ایک بندہ اس کے دوسرے بندے کی خدمت اور امداد کرتا ہے۔

کون لوگ زیادہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں؟

(1) خدا کو ایک جاننے والے۔ اس کے سب پیغمبروں۔ رشیوں منیوں کی عزت کرنے والے اور خدا کی تمام الہامی کتابوں پر جن میں قرآن سب سے آخری اور مکمل کتاب ہے یقین رکھنے والے۔

(2) زبان کو غیبت، جھوٹ اور گندی باتوں سے پاک رکھنے والے۔

(3) دل کو حسد، تعصب، کینہ اور لالچ سے پاک رکھنے والے۔

(4) دماغ کو تکبر، رعونت، بد خیالات، ناواجب ارادوں اور کسی کی اذیت رسانی اور تکلیف دہی کی پخت و پز سے پاک رکھنے والے۔

(5) جسم اور لباس کو میل کچیل اور پلیدی سے پاک رکھنے والے۔

(6) پیٹ کو حرام کمائی سے پاک رکھنے والے۔

(7) عمل پڑھتے وقت زبان اور دل دونوں کو عمل اور خدا کی طرف متوجہ رکھنے والے۔

جو لوگ ان مختصر ہدایات پر عمل کریں گے وہ فائدہ میں رہیں گے اور جو ان باتوں کا خیال نہ رکھیں گے وہ ان علوی عملیات سے کما حقہ مستفید نہ ہو سکیں گے۔ اب ناظرین کو اختیار ہے کہ وہ چاہیں تو خدا کی بخشی ہوئی نعمتوں سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں اور نہ چاہیں تو ادھورے فائدے سے بھی اپنے آپ کو محروم کر لیں۔

آخر میں دست بدعا ہوں کہ مستجاب الدعوات اپنے سب بندوں کے نیک مقاصد اور پاک مرادوں میں کامیابی عطا فرمائے اور اپنے فضل و کرم سے سب کو ہدایت کی راہ اور نیکی کی توفیق بخشے اور ہندوستان کی سب قوموں کو سیدھا رستہ دکھا کر متحد اور متفق کر دے۔ سب کچھ تیرے اختیار میں ہے تو کر سکتا ہے اور کر دے۔ آمین

اس تفصیل سے اب آپ سمجھ گئے ہوں گے اب دو حرف حاصل ہو گئے مستوی اور دلیلی اب

تیسرا حرف سری باقی ہے اس کو معلوم کرنے یہ طریقہ ہے کہ دلیلی حرف کے ابجد سے اعداد معلوم کرو مثلا جمیل مستوی اور دلیلی حرف ج اور ظ ہیں اب دلیلی حرف کے اعداد ۹۰۰ ہیں ان کو ۲۸ پر تقسیم کیا۔ ۹۰۰ ۔ ۲۸ = ۳۲ باقی ۴ بچے ابجد کو شمار کیا تو حرف دال سری ہوا اب آپ کو معلوم ہو گیا کہ جمیل نام کے تین حروف مستوی دلیلی وسری ج، ظ، د حاصل ہوئے ان سہ حروف کے اعداد ۹۰۷ ہوئے اب ان اعداد کے مطابق نام خدا تلاش کرو اگر اتفاق ایسا ہو کہ ایک نام نہ ملے تو ۲ یا ۳ اسم لیکر تعداد کے مطابق کرو اور یہ بات یاد رکھو کہ اسم خدا اور تمہارے نام کا پہلا حرف ایک ہو تو یہ اعلیٰ اسم ذات ہے جس کی تاثیر اور تعریف حد بیان سے باہر ہے۔ پڑھتے پڑھتے انسان کچھ سے کچھ ہو جائے گا۔ تعداد کا طریقہ یہ ہے کہ اول ہر سہ حرفی اعداد کی تعداد کے مطابق روز پڑھیں۔ دوسرے اپنے نام کی تعداد کے مطابق پڑھیں۔ اور تیسرا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر سوا لاکھ کی تعداد پوری کریں۔ اور اعتقاد کامل اور یقین مستحکم اور ارادت واعتقاد کے ساتھ پڑھیں اور جلد تاثیر کا معائنہ کریں اور قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھیں۔ اسماء کے باری تعالیٰ پہلے بیان ہو چکے ہیں لہٰذا دیکھ کر پڑھئے گا اور اپنے دینی ودنیاوی مقاصد حاصل کیجئے گا۔

باب النقوش

ارباب فہم واذکار اور ارباب بنشیں پر پوشیدہ نہیں کہ فن عملیات میں نقش بھرنا ایک الگ باب ہے۔ اور نقش قائم مقام عمل کے ہوتا ہے نقش کا بھرنا علم ریاضی پر موقوف ہے اور مثلث اور مربع کی چال بعینہ شطرنج کی چال ہے اور مخمس، مسدس، مسبع، مثمن علم ریاضی کے زیر سایہ ہیں۔ علم ریاضی سے واقفیت ہونا ضروری ہے۔ اگر کوئی شخ عملیات کے قوانین وغیرہ سے واقف نہیں تو نقش بھرنا دشوار ہے۔ لیکن میں عام فہم عبارت میں آسان طریقہ سے نقش بھرنے کے طریقے بیان کرتا ہوں امید ہے کہ اس باب کے پڑھنے کے بعد نقش بھرنے میں کوئی دشواری نہ ہوگی اور ہر قسم کے نقوش بآسانی بھر لئے جائیں گی۔

نقش کے معنی

کسی عمل یا وظیفہ کو اعداد میں تبدیل کر کے نقش بھرنے کو اصطلاح عملیات میں نقش کہتے ہیں۔ اور عاملین نے نقش بھرنے کا طریقہ ایجاد کیا۔ اور ٹکڑے ٹکڑے کر کے نقش بھرنے کی زحمت اس لئے اٹھائی کہ نقش کی طاقت کم زیادہ کرنے کیلئے جیسا کہ چار عناصر سے کل کائنات بنی اور کوئی شے ان چار عناصر سے خالی نہیں۔ اسی طرح عاملین نے نقش پر کرنے کی چار قسمیں رکھی ہیں۔ یعنی آتشی، بادی، آبی، خاکی۔ مثلاً ایک شخص کو آپ مسخر کرنے کا اس کا مزاج اور ستارہ آتشی ہے اسی مناسبت سے آپ نے عمل بھی آتشی منتخب کیا۔ اب اس شخص کا مزاج وستارہ بھی آتشی اور آپ کے عمل کا ستارہ بھی آتشی ہے یعنی دونوں آتشی برابر کے مزاج ہیں۔ پھر عاملین نے عمل کے مزاج کو تیز تر کرنے کا طریقہ معلوم کیا۔ یعنی نقش پر کرنے سے عمل کا مزاج تیز کر دیا جاتا ہے اور مزاج میں دوگنی طاقت آجاتی ہے۔ اور یہ صفت مثلث مخمس، مسبع اور ہر اس نقش میں ہے جو ۴ پر تقسیم نہ ہو اسی وجہ سے عاملین نے مثلث کو تمام نقوش پر ترجیح دی ہے۔ غور کیجئے مثلث کے چار کونے ہوتے ہیں اور عناصر ہیں۔ اب آپ جس چال سے بھی مثلث پر کرو گے اس عنصر کے حصہ میں تین خانے آئیں گے۔ اور باقی عنصروں میں حصہ میں ۲۔۲ خانے آئیں گے۔ اس طریق سے مزاج مرتبہ سہہ گنا ہو جائے گا۔ جس مزاج سے پر کیا ہے۔ مثلاً آپ نے آتشی چال سے مثلث پر کیا ہے تو آتشی عنصر کے حصہ میں ۳ خانے آئے۔ جب عمل حرف کی شکل میں تا تو یہ زیادتی ممکن نہ تھی اور مربع نقش مساوی ہوتا ہے کیونکہ مربع میں سولہ خانہ ہوتے ہیں اور ہر عنصر کے حصہ میں چار چار خانے آتے ہیں۔ اور مزاج زیادہ نہیں ہوتا۔ عاملین مربع سے اس جگہ کام لیتے ہیں جہاں پر عمل کو تیز کرنا منظور نہیں ہوتا۔ بلکہ کسی شخص کو صرف تسخیر کرنا مقصود ہوتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ معشوق کو دیوانہ وار نہیں بنانا یا کسی شخص کو خراب وخستہ نہیں کرنا بلکہ اس لئے کہ وہ محبت والفت قائم رکھے اور دشمن

صرف دشمنی ترک کردے ایسی جگہ مربع نقش سے کام لیا جاتا ہے۔ تبدیلی عمل سے اعداد میں بہت فوائد رکھتی ہے آپ کسی عمل کو اعداد میں تبدیل کر کے بلا حفاظت اور تالے کے رکھئے۔ محفوظ رہے گا۔ کیونکہ اس کے بارے میں کسی کو معلوم نہیں اس لئے وہ بیکار سمجھ کر چھوڑ دے گا۔ اس لئے بزرگوں نے حروف کو اعداد میں تبدیل کرنے کا طریقہ ایجاد کیا۔ تا کہ عمل محفوظ اور اس کی حرمت و عزت برقرار رہے۔ نقش صرف دو قسم کے ہوتے ہیں۔ اول مثلث دوئم مربع اور جو اثرات مثلث کے ہیں وہی مخمس، مسبع وغیرہ کے ہیں اور جو تاثیر مربع کی ہے وہی مسدس اور مثمن کی ہے۔ یوں تو نقش کی کوئی حد نہیں ہو سکتی مثلث سے لیکر صد در صد کے نقش بن سکتے ہیں اور جو اعداد ۲ پر برابر تقسیم ہو جائیں ان سے مربع نقش پر کیا جاتا ہے اور جو اعداد ۲ سے پورے تقسیم نہ ہوں ان سے مثلث تیار کیا جاتا ہے۔ یہ بات یاد رکھو کہ کسر مثلث کی پوری نہیں ہو سکتی۔ مربع کی کسر پوری ہو سکتی ہے۔ جس مثلث میں کسر نہیں ہوتی وہ بہت ہی قوی ہوتا ہے۔

جیسا کہ بیس کے نقش کے بارے میں غلط افواہ ہے اس کی تردید بھی ضروری ہے۔ زمانہ کم علمی میں بناوٹی پیر وصوفی جو کہ علم سے کورے مگر ٹھیکیدار بنے ہوئے تھے عوام میں بیس کے نقش کو اس قدر مشہور کیا کہ خدا کی پناہ عوام کا یہ خیال ہے کہ بیس کا نقش گویا خزانہ ہے یا خزانہ کی کنجی ہے ہزاروں غاصبوں اور فریب دینے والوں نے دھوکہ دے کر غریبوں کا خون چوسا ہے اور چوس رہے ہیں اور مختلف بزرگان دین سے منسوب کر کے فریب دیتے ہیں۔ کیونکہ مثلث نقش اکبر وہ ہوتا ہے جس میں کسر نہ ہو جبکہ اس بیس کے نقش میں کسر ہے اور مثلث کی کسر پوری نہیں ہوتی اور مربع تو کسی صورت صحیح پر کیا ہی نہیں جا سکتا۔ مربع کو لوگ کسی عدد کو مکرر کسی کو گرا کر لکھتے ہیں جو کہ قاعدہ عملیات سے باہر ہے۔ عجیب تماشا ہے لوگ فریب دینے کیلئے کیا کیا تماشا کرتے ہیں یہ کوئی گھر بیری تو ہے نہیں کہ جس عدد کو چاہا گرا دیا اور جس کو چاہا مکرر لکھ دیا۔ اس صورت وہی لکھ سکتا ہے جو قوانین عملیات سے واقف نہیں ہے سوایسے لوگوں کی عقلوں پر ماتم

کرنے کے علاوہ کیا کیا جاسکتا ہے۔ بعض کہتے ہیں یہ (بیس کا نقش) اسم بدوح کا نقش ہے جو کہ خدا کا نام ہے۔ مگر آپ غور کریں گے تو معلوم ہوگا کہ یہ اسم بدوح پورے کلام الٰہی میں کسی جگہ موجود نہیں۔ یہاں تک کہ کسی حدیث میں بھی اس اسم کا ذکر نہیں ہے۔ ایسا کیسا یہ اسم اعظم ہے کہ جس کا ذکر قرآن وحدیث میں بھی نہیں ہے۔ جبکہ قرآن پاک کا دعویٰ ہے کہ "رطب ولا یابس الا فی کتب مبین آیۃ: یعنی دنیا کی کوئی تر اور خشک شے باقی نہیں جس کا ذکر قرآن شریف میں نہ ہو۔ جب قرآن میں اور حدیث میں نہیں تو پھر تسلیم کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ اسی طرح آج لکھے پڑھے لوگ جو کہلاتے ہیں ان کو عملیات سے ذرا برابر واقفیت نہیں مگر عوام الناس کے سامنے ایک مہمل افواہ کی تردید کرنے کی جرات نہیں کر سکتے۔ بلکہ الٹا تائید کر کے ان ہی فریب دہندہ لوگوں میں شمار ہو جاتے ہیں۔ کمال یہ کہ اپنے کو صاف اور ستھرا سمجھتے ہیں۔ بس اسی سے اندازہ لگا لیجئے گا کہ پہلے عالم لوگوں کو فریب دیتے تھے اب پڑھے لکھے خود کو فریب دیتے ہیں۔ واضح ہو نقوش میں سب سے اول نقش مثلث ہے اگر کسر نہ ہو کبریت احمر ہے اور اسم اعظم ہے اور دوسرے مربع نقش ہے۔ بس یہ دو اصل ہیں باقی ذہنیت کلام ہیں اور لوگوں کو مرعوب کرنے کیلئے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ مخمس، مسدس، مسبع، مثمن نہ ورنہ، وہ ورد وہ تک لکھے جا سکتے ہیں مگر فوائد وہی مثلث مربع والے ہیں اور کوئی خاص فائدہ نہیں ہے۔ میں خود مثلث و مربع کو ہی قابل تسلیم کہتا ہوں اور نہ درنہ تک صحیح سمجھتا ہوں باقی علم ریاضی کا کمال اور ذہنیت کلام ہے۔

نقش بھرنے کا طریقہ

اب نقش بھرنے کا طریقہ بیان کرتا ہوں جس نقش میں جتنے خانے ہوں گے اتنی ہی قسم سے نقش پر کیا جاسکتا ہے مثلاً مثلث کے ۹ خانے ہیں۔ تو مثلث کا نقش نو قسم سے لکھا جاسکتا ہے۔ مربع میں سولہ خانے ہیں تو مربع نقش سولہ قسم سے لکھا جاسکتا ہے۔ اور مخمس میں پچیس خانے

ہیں تو پچیس طرح سے لکھا جا سکتا ہے مگر حقیقت میں اربعہ عناصر کی تقسیم پر ہر نقش کی چار چالیس معتبر اور کارآمد ہیں باقی ذہنیت کلام ہیں یعنی جن سے کوئی فائدہ نہیں لیا جا سکتا۔ اب آپ نقش مثلث کو سمجھئے اور چالوں کے بارے میں معلوم کیجئے۔ آتشی چال مشرق سے منسوب ہے اور بادی چال مغرب سے نامزد ہے۔ آبی چال شمال سے متعلق ہے جبکہ خاکی چال جنوب سے موسوم ہے۔ مثلث کے پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جو اعداد ہوں ان میں سے بارہ عدد قانون کے خارج کرو بقایا کو تین سے تقسیم کرو پھر خارج قسمت کو پہلے خانہ میں لکھو اور ہر خانہ میں ایک اضافہ کرتے جاؤ نقش پر ہو جائے گا۔ نقش کے صحیح ہونے کے یہ معنی ہیں کہ چاہے جس طرف سے شمار کرو وہی اعداد ہوں جتنے اعداد کا نقش بھرا ہے اور ہر طرف کی میزان وہی ایک ہو تو نقش صحیح ہونے کی دلیل ہے مثلاً پندرہ کا نقش لکھنا ہے تو بارہ عدد قانون کے خارج کئے تو ۳ باقی بچے ان کو تین سے تقسیم کیا تو باقی کچھ نہیں خارج قسمت میں ایک ہے اس کو پہلے خانہ میں لکھا اور پھر ایک ایک کا اضافہ کر کے نقش پر کیا۔ دیکھئے چاروں عناصر کی صورت یہ ہے۔

مثلث آتشی چال

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

مثلث بادی چال

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

مثلث آبی چال

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

مثلث خاکی چال

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

دوسرے نقش مثلث کی مثال سمجھئے۔ مندرجہ بالا پندرہ کی مثال ہے اور یہی مثلث کے مستقل خانے ہیں اب آپ نے بسم اللہ شریف کا نقش لکھنا ہے۔ بسم اللہ شریف کے عدد ۷۸۶ ہیں ۱۲ عدد قانون کے نفی کئے باقی ۷۷۴ بچے۔ تین سے تقسیم کیا ۷۷۴۔۳=۲۵۸ باقی کچھ نہیں تو خانہ اول میں ۲۵۸ اور دوسرے خانہ میں ۲۵۹ تیسرے خانہ میں ۲۶۰ اور چوتھے خانہ میں ۲۶۱ اسی طرح آخر تک ایک ایک کر کے نقش پر کیا جائے گا۔

۷۸۶

۲۶۳	۲۵۸	۲۶۵
۲۶۴	۲۶۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۶	۲۶۱

اب دیکھئے جس طرف سے بھی شمار کرو گے اصلی تعداد ۷۸۶ ہر طرف سے پوری ہوگی۔ ایک بات اور یاد رکھئے گا۔ اگر تقسیم کرنے پر کچھ بچے مثلاً ایک بچا تو خانہ سات میں ایک اضافہ کرو اگر دو بچیں تو خانہ چار میں ایک کا اضافہ کرو۔ اضافہ سے مراد یہ ہے کہ خانہ چار میں ایک اور کا مزید اضافہ ہو جائے گا۔ مثلاً بسم اللہ شریف کے نقش میں ۲ کی کسر ہوتی تو خانہ ۴ میں اضافہ یہ ہوا کہ بجائے ۲۶۱ کے ۲۶۲ لکھتے اور پانچویں خانہ میں ۲۶۳ لکھیں گے اگر ایک کی کسر ہوتی تو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کریں گے بجائے ۲۶۴ کے ۲۶۵ لکھتے اور اسی طرح پورا نقش پر کرتے۔ مثال ۷۸۷ کا نقش بھرنا ہے تو اس کی یہ صورت ہوگی ۷۸۷ سے ۱۲ قانونی عدد نفی کیے تو ۷۷۵ بچے ۷۷۵ کو تین سے تقسیم کیا ۷۷۵۔۳=۲۵۸۔ باقی ایک بچا یعنی اس میں ایک کی کسر ہے تو اس کے نقش کی یہ صورت ہوگی۔ اب اس کو کسی بھی طرف سے شمار کرو وہی ۷۸۷ اعداد ہوں گے۔ تو نقش صحیح ہے۔

۷۸۷

۲۶۳	۲۵۹	۲۶۶
۲۶۵	۲۶۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۶[illegible]	۲۶۱

مثال نمبر ۳: کسر ۲ کی دیکھئے گا ۷۸۸ کا نقش بھرنا ہے تو ۷۸۸ میں سے قانون کے ۱۲ [illegible] سے ۷۷۶ بچے ۳ سے تقسیم کیا ۷۷۶۔۳=۲۵۸ باقی ۲ کی کسر ہے۔ اس کا نقش بھرا تو اس کی صورت یہ ہوگی۔ اب اس کو کسی بھی طرف سے شمار کرو ۷۸۸ ہی عدد ہوں گے۔ اور نقش صحیح ہوگا۔"

۷۸۶

۳۰۴	۲۵۸	۲۶۶
۲۶۵	۲۶۳	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۷	۲۶۲

اب مربع نقش بھرنے کا طریقہ بیان کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ۳۰ عدد قانون کے خارج کردو بقایا کو ۴ پر تقسیم کرو اور خارج قسمت کو پہلے خانہ میں رکھو اور ایک ایک کا اضافہ کرتے ہوئے نقش پورا کرو طریقہ وہی مثلث والا ہے صرف اخراج عدد اور کسرات کے قانون کا فرق ہے یہ ہر طریقہ میں ساتھ ساتھ بیان کروں گا۔ اور چال وہی چار ہیں چار سے زیادہ چالیں نقش بھرنے میں فضول اور بیکار ہیں محض بناوٹ ان سے کوئی فائدہ نہیں ہے نقش مربع کی چاروں چالیں یہ ہیں۔

مربع آتشی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

مربع بادی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

مربع آبی چال

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

مربع خاکی چال

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

یہی نقش کی چال ہے اور مستقل خانہ ہیں چاہے جتنے اعداد کا نقش بریں اسی طریقہ سے پر کیا جائے گا۔ اگر کسر ایک بچے تو خانہ ۱۳ میں ایک کا اضافہ کرو۔ اگر کسر ۲ کی ہو تو خانہ ۹ میں ایک کا اضافہ کرو اور اگر کسر ۳ کی رہے تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کرو تو نقش پر ہوگا۔ یہ مربع نقش کا مشہور معروف طریقہ ہے اور یہ عام طریقہ پر رائج ہیں اور بھی چند ترکیبیں مربع پر کرنے کی ہیں۔ اول ترکیب یہ ہے کہ اصل اعداد سے ۳۴ عدد قانون کے منہا کرو بقایا کو چار پر تقسیم کرو اور جو خارج قسمت ہوں اس میں ایک کا اضافہ کر کے چال سے نقش پورا کرو نقش پر ہوگا

کسر وہی رہے گی جو پہلے طریقہ میں تھی۔ صرف خارج قسمت میں ایک کے اضافہ کرنے کا فرق ہے۔ مثلاً خارج قسمت ۷ ہیں تو ہم پہلے خانہ میں ۸ لکھیں گے اور ایک کا اضافہ کرتے ہوئے نقش پر کریں گے۔ نقش پر ہوگا۔

مثال نمبر ۱: ۷۸۶ کا مربع نقش بھرنا ہے تو ۳۴ عدد قانون کے خارج کیے تو باقی بچے ۷۵۲۔ ۷۵۲ کو ۴ سے تقسیم کیا۔ ۷۵۲ ۔ ۴ = ۱۸۸ خارج قسمت رہا اب ۱۸۸ میں ایک کا اضافہ کر کے یعنی ۱۸۹ پہلے خانہ میں لکھا پھر ایک کا اضافہ کر کے ۱۹۰ دوسرے خانہ میں لکھا غرض یہ ہے کہ ایک ایک کے اضافہ سے نقش کو پر کیا۔ نقش مکمل ہوا اب اس کو شمار کرو ہر طرف سے میزان ۷۸۶ ہوگا۔

مثال نمبر ۱ ۷۸۶

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

طریقہ نمبر ۲ کی مثال ۷۸۶

۱	۷۶۶	۱۱	۵۸
۱۲	۷	۲	۷۶۵
۶	۹	۷۶۸	۳
۷۶۷	۴	۵	۱۰

طریقہ دوم: اس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ جس قدر بھی اعداد کا نقش لکھنا چاہیں۔ کل اعداد میں سے ۲۱ عدد قانون کے نفی کر دو باقی کو محفوظ رکھو اور مربع نقش کو ایک سے ۱۲ خانوں تک پر کرو تیرھویں خانہ میں باقی محفوظ رکھے اعداد لکھو اور ایک ایک کے اضافہ سے ۱۳ واں، ۱۴ واں،

۱۵واں اور سولہواں خانہ پر کرو نقش پورا ہو گا۔ مثال ۷۸۶ کا نقش لکھنا ہے تو ۷۸۶ سے ۲۱ عدد قانون کے نفی کیے تو ۷۶۵ بچے ایک سے بارہ تک لکھا اور تیرھویں خانہ میں ۷۶۵ لکھا اور ایک ایک کے اضافہ سے نقش پورا کرو نقش پورا ہو گا۔ اب دیکھیے اس نقش کو کسی طرف سے بھی شمار کرو میزان ۷۸۶ ہو گی۔ اور دیکھا اس نقش میں کسر نہیں ہوئی۔ کیونکہ اس میں تقسیم ہی نہیں ہوئی اس لئے کسر نہیں ہوئی۔ مربع نقش کے بھرنے یں اور بھی کئے طریقے ہیں۔ جس میں کسر کا جھگڑا ہی نہیں ہے

طریقہ سوئم: اس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ کے پاس جس قدر اعداد ہوں ان کو دو حصے کر لو۔ نصف حصہ میں سے ۸ عدد کم کرو جو باقی بچے اس کو اپنے پاس محفوظ رکھو اور مربع نقش کو خانہ ایک سے لے کر خانہ آٹھ تک پورا کرو اور نویں خانہ میں وہ محفوظ عدد لکھو جو آپ کے پاس ہیں اور ایک ایک کا اضافہ کر کے لکھتے جاؤ نقش پورا ہو گا۔

مثال: آپ بسم اللہ شریف کا نقش لکھنا چاہتے ہیں تو بسم اللہ کے عدد ۷۸۶ کو نصف کیا تو ۳۹۳ ہوئے ۸ عدد قانون کے نفی کیے تو ۳۸۵ بچے اب نقش مربع لکھنا شروع کیا خانہ ایک سے خانہ ۸ تک حسب قاعدہ لکھا اور نویں خانہ میں بچے ہوئے ۳۸۵ کا عدد لکھا اور ایک ایک کا اضافہ کر کے نقش پورا کیا تو نقش مکمل ہوا اب اس کو شمار کریں ہر طرف سے میزان ۷۸۶ ہو گی جو صحیح ہونے کی دلیل ہے۔

۷۸۶

۸	۳۸۷	۳۹۰	۱
۳۸۹	۲	۷	۳۸۸
۳	۳۹۲	۳۸۵	۶
۳۸۶	۵	۴	۳۹۱

نقش مخمس: اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس میں پچیس خانے ہوتے ہیں ۵ عرض میں اور ۵ طول میں

اس کے لکھنے کا یہ طریقہ ہے کہ جس قدر اعداد ہوں اس میں سے ۶۰ عدد قانون کے نفی کرو بقایا کو ۵ سے تقسیم کرو خارج قسمت کو خانہ اول میں لکھو اور ایک کا اضافہ کر کے لکھتے جاؤ نقش پورا ہوگا۔

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

نقش مخمس کی طبیع چال یہ ہے اس صورت نقش مکمل کیا جائے گا۔ اور کسر مخمس یہ ہے کہ اگر تقسیم میں ایک باقی رہے تو خانہ ۲۱ میں ایک کا اضافہ کیا جائے گا اور اگر ۲ باقی رہیں تو خانہ ۱۶ میں ایک کا اضافہ ہوگا اگر ۳ باقی بچیں تو خانہ ۱۱ میں ایک کا اضافہ کریں اور اگر چار کی کسر باقی ہو تو خانہ چھ میں ایک کا اضافہ کرو نقش پورا ہوگا۔ مگر یہ دھیان رہے کہ جس طرح مثلث کی کسر پوری نہیں ہو سکتی اسی طرح مخمس کی کسر پوری نہیں ہو سکتی ان کے علاوہ اور کوئی طریقہ نہیں ہے۔

مثال: اسم اعظم یا اللہ مخمس نقش لکھنا ہے تو اللہ کے عدد ۶۶ ہیں ۶۰ عدد قانون کے نفی کئے باقی ۶ بچے اب ان کو ۶ سے تقسیم کیا ۶۔۵=۱ باقی ایک اب اس کا نقش بھرا تو یہ صورت ہوئی۔ اور اس میں ایک کی سر ہے تو اکیسویں خانہ میں ایک کا اضافہ کیا نقش پر ہو گیا دیکھئے کسی طرف سے شمار کریں ۶۶ ہوگا۔

۷۸۶

۹	۲۲	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۱۵	۱۱
۲۳	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۶	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۴

نقش مسدس: مسدس کے معنی شش در شش کے ہیں یعنی ۶ خانہ طول میں اور ۶ خانہ عرض میں ہوتے ہیں کل ۳۶ خانے ہوتے ہیں اس کے لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ۱۱۱ عدد قانون کے نفی کر کے بقایا کو چھ سے تقسیم کرو۔ خارج قسمت کو خانہ اول میں ایک کا اضافہ کر کے لکھو اور ایک ایک کے اضافہ سے لکھتے جاؤ نقش پورا ہوگا۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ جتنے اعداد ہوں ان میں سے قانون کے ۵۔ا عدد نفی کر کے بقایا کو ۶ سے تقسیم کرو خارج قسمت کو خانہ اول میں لکھو اور ایک ایک کے اضافہ سے نقش پورا کرو اس میں پہلے خانہ میں ایک کے اضافہ کی ضرورت نہیں بلکہ ۱۱۱ عدد قانون کے حذف کرنے والے قاعدہ میں ایک کا پہلے خانہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ مسدس میں کسر کا طریقہ یہ ہے کہ اگر ایک باقی رہے تو خانہ ۳۱ میں ایک کا اضافہ کرو اگر ۲ باقی رہیں تو خانہ ۲۵ میں ایک کا اضافہ کرو اگر ۳ باقی رہیں تو خانہ ۱۹ میں ایک کا اضافہ کریں اگر ۴ باقی رہیں تو خانہ ۱۳ میں ایک کا اضافہ کریں اور اگر ۵ باقی رہیں تو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کر کے نقش پر کریں نقش پورا ہوگا۔

۷۸۶

۶	۳۲	۳۴	۳	۳۵	۱
۷	۱۱	۲۷	۲۸	۸	۳۰
۱۸	۱۴	۲۱	۲۲	۲۳	۱۳
۱۹	۲۰	۱۵	۱۶	۱۷	۲۴
۲۵	۲۹	۱۰	۹	۲۶	۱۲
۳۶	۵	۴	۳۳	۲	۳۱

مسدس نقش ایک سو گیارہ سے کم کا نہیں لکھا جاتا۔ مندرجہ بالا طبع نقش مسدس تحریر کر دیا ہے دیکھئے۔ یہی اس کے مستقل خانہ ہوں گے پھر آپ کتنے ہی اعداد کا نقش لکھیں اسی چال

خانوں سے پر کریں گے۔

نقش مسبع (ہفت در ہفت) اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس میں سات خانے عرض میں اور سات طول میں کل ملا کر ۷×۷=۴۹ خانے ہوتے ہیں جس قدر اعداد ہوں ان میں سے عدد قانون کے حذف کر دو اور جو باقی رہیں انکو ۷ پر تقسیم کریں"۔ اگر کسر ایک باقی رہے تو خانہ ۴۲ میں ایک کا اضافہ کرو اگر ۲ باقی رہیں تو خانہ ۳۵ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر ۳ باقی رہیں تو خانہ ۲۸ میں ایک کا اضافہ کریں اگر ۴ باقی رہیں تو خانہ ۲۱ میں ایک کا اضافہ کرو اگر ۵ باقی رہیں تو خانہ ۱۵ میں ایک کا اضافہ کریں اور اگر ۶ باقی رہیں تو خانہ ۸ میں ایک کا اضافہ کریں اور نقش پر کریں۔

نقش مسبع کا نمونہ مندرجہ بالا ہے۔

اس نقش کو آپ کسی طرف سے بھی شمار کریں میزان ۱۷۵ ہوگی۔

۷۸۶

۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۲۰	۲۶
۴۰	۴۶	۳۴	۹	۱۵	۲۸	۳۴
۴۸	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۴۲
۷	۱۳	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳
۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲
۱۶	۲۲	۳۵	۴۱	۴۷	۳	۱۰
۲۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸

یہاں تک (نقش مسبع تک) جو نقش لکھے جا چکے ہیں۔ یہ کافی ہیں اگر عاملین انہیں محنت و ریاض کے ساتھ کریں تو فیوض و برکات سے مستفیض ہوں اور دوسری مخلوق خدا کو بھی فیض پہنچائیں عاملین متقدمین نے اول کے دو نقش کو بہت اہمیت دی ہے جس کی بنا پر مثلث اور مربع کو عظمت اور قدر و منزلت حاصل ہے۔ اور بعض عاملین نے مثلث خالی البطن کو اور مخمس

خالی البطن کوزیادہ فوقیت دی ہے اور پر تاثیر بتایا ہے اب ان کو بھرنے کا طریقہ بھی بیان کرتا ہوں بطن پیٹ کو کہتے ہیں یعنی مثلث ہو یا مخمس بطن (پیٹ) خالی ہو۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ جس قدر اعداد ہوں وہ آٹھ خانوں میں پورے ہو جائیں اور پیٹ خالی رہے اسی طرح مخمس کے چوبیس خانوں میں اعداد پورے ہو جائیں اور پیٹ خالی رہے اسی کو مخمس خالی البطن اور مخمس جوف بھی کہتے ہیں۔

مثلث خالی البطن بھرنے کا یہ طریقہ ہے کہ جس قدر اعداد ہوں انکو بارہ سے تقسیم کریں اور جو خارج قسمت ہو اس کو خانہ اول میں لکھیں دوسرے خانہ میں خانہ اول کا اضافہ کر کے لکھو اسی طرح ہر خانہ میں اول خانہ کے اعداد کا اضافہ ہوگا۔" مثلاً خانہ اول ۲ ہے تو دوسرے خانہ میں دوگنا کر کے ۴ لکھا جائے گا۔ اور تیسرے خانہ میں ۴+۲=۶ لکھا جائے گا۔ اسی طرح پورا نقش لکھا جائے گا۔ اس طریقہ میں نفی کرنے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی تقسیم کا جھگڑا ہے مثال طبعی نقش مثلث خالی البطن کی صورت یہ ہے۔

۱۵	۴۶	۵	۳	۸	۱
۴۱		۲۵	۷		۵
۱۰	۲۰	۳۶	۲	۴	۶

اسم اللہ کے عدد ۶۶ کا نقش لکھنا ہے تو ۶۶ کو ۱۲ سے تقسیم کیا ۶۶۔۱۲=۵۔۶۰ باقی ۶ بچے۔ دیکھیے مثلث خالی البطن کا نقش بناؤ اور خانہ اول میں خارج قسمت ۵ کا عدد لکھا اور خانہ ۲ میں دوگنا کر کے لکھا تو ۱۰ لکھا خانہ ۳ میں اول کا اضافہ کیا تو ۱۵ لکھا خانہ ۴ میں خانہ ۳ کے ۱۵ اور اول خانہ کا اضافہ کیا تو خانہ ۴ میں ۲۰ لکھا خانہ ۵ میں ۲۵ لکھا خانہ ۶ میں ۲۵+۵=۳۰ ہوتے ہیں مگر ۶ کی کسر ہے اس طریقہ میں قاعدہ ہے کہ کسر جتنی بھی ہوگی وہ سب کی سب خانہ ۶ میں اضافہ کی جائے گی۔ ۳۰+۶=۳۶ ہوئے۔ خانہ ۶ میں ۳۶ لکھا خانہ ۷ میں ۳۶+۵=۴۱ ہوا تو خانہ ۷ میں ۴۱ ہوا تو خانہ ۷ میں ۴۱ لکھا خانہ ۸ میں ۴۶ لکھا۔ نقش مثلث خالی البطن مکمل ہوا۔ دیکھو اس کی ہر طرف

سے میزان ٦٦ ہے آپ اب اس تفصیل سے اچھی طرح سمجھ گئے ہوں گے کہ مثلث خالی البطن بھرنا کوئی مشکل نہیں ہوگا۔

مخمس خالی البطن یا مخمس اجوف کے عاملین متقدمین نے کتنے ہی طریقے بتائے ہیں جو کہ از حد مشکل اور اچھے اچھے تجربہ کاروں کیلئے بھی دردسر اور دشوار ہیں اس لئے ان سے قطع نظر کرکے بالکل آسان اور سیدھا طریقہ لکھتا ہوں جو کہ میرے معمول اور تجربہ میں ہے۔ اس میں نئی تقسیم کی کوئی قید اور کسر وغیرہ کا کوئی جھگڑا نہیں ہے اور نہ ہی طوالت اور دماغ سوزی ہے۔ وہ طریقہ یہ ہے کہ جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ۴۰ عدد منہا کر دیں جو باقی بچیں ان کو محفوظ رکھیں اور نقش مخمس بنائیں۔

۸	۲	۱۶	۴۰	۱۴
۱۵	۲۴	۱۳	۷	۱
۱۲	۶		۱۹	۲۳
۴	۱۸	۲۲	۱۱	۵
۲۱	۱۰	۹	۳	۱۷

اور اول خانہ سے خانہ ۱۹ تک پر کریں یعنی ایک سے ۹ عدد تک پھر بیسویں خانہ میں وہ عدد لکھیں جو ۴۰ عدد منہا کرنے کے بعد بچے تھے۔ ان کو لکھو اور ترتیب وار لکھ کر نقش پورا کرو۔ اس طرح نقش مخمس خالی البطن رہلو جائے گا۔ اس کی چال گزشتہ صفحہ پر ملاحظہ کریں۔ اس نقش مخمس خالی البطن کو اصلی طبعی چال سے پر کرکے لکھا گیا ہے۔

۸	۲	۱۶	۴۶ے	۱۴
۱۵	۵۰ے	۱۳	۷	۱
۱۲	۶		۱۹	۴۹ے
۴	۱۸	۴۸ے	۱۱	۵
۴۷ے	۱۰	۹	۳	۱۷

اب سمجھئے مثال۔ بسم اللہ شریف کا نقش مخمس خالی البطن لکھنا ہے۔ عدد ۷۸۶ ہیں ۴۰ عدد منہا کیے تو ۷۴۶ بچے خانہ اول سے خانہ ۱۹ تک ایک سے ۱۹ اعداد تک پورے کیے۔ بیسویں خانہ سے منہا کیا ہوا عدد علی الترتیب لکھا۔ نقش پورا۔ اب کتنے ہی اعداد کا مخمس اجوف کا نقشہ بھر سکتے ہیں۔ یہ بہت سہل اور آسان طریقہ ہے۔"

نقش کی زکوٰۃ

اب زکوٰۃ کے بارے میں لکھتا ہوں۔ جس طرح عمل کی زکوٰۃ ہوتی ہے اسی طرح نقش کی زکوٰۃ ہوتی ہے۔ مگر عمل اور نقش کی زکوٰۃ میں فرق بس اتنا ہے کہ عمل یا وظیفہ پڑھا جاتا ہے اور نقش لکھا جاتا ہے۔ عمل یا وظیفہ کی زکوٰۃ لکھنے سے ادا نہیں ہوتی اور نقوش کی زکوٰۃ۔۔ پڑھنے سے ادا نہیں ہوتی۔ عملیات کی زکوٰۃ کا طریقہ مفصل گزر چکا ہے یہاں صرف نقش کی زکوٰۃ بیان کی جائے گی۔

بعض نقش تو ایسے ہیں کہ ان کی زکوٰۃ مخصوص ہوتی ہے اس قسم کے نقوش کی زکوٰۃ کا کوئی خاص اور جامع بیان نہیں ملتا۔ کیونکہ عاملین و کاملین نے مختلف طریقے بیان فرمائے ہیں۔ لیکن پھر بھی یہ فقیر ہر ممکن کوشش کرے گا اور ایسا طریقہ بیان کرے گا کہ جو انشاء اللہ تعالیٰ تمام قسم کے نقوش کی زکوٰۃ پر مشتمل ہوگا۔ بہت سے عطائی عملیات و تعویزات ہوتے ہیں اور ان کی زکوٰۃ۔۔ بھی مخصوص ہوتی ہے۔ اگر وہ زکوٰۃ معلوم نہیں تو اسی طریقہ کے مطابق اگر زکوٰۃ ادا کی جائے گی تو عمل و نقش میں تاثیر ضرور پیدا ہوگی۔"

اب رہا یہ سوال کہ کس قسم کی زکوٰۃ اولیٰ ہے اور کس قسم کی زکوٰۃ ادنیٰ ہے؟ اس کا انحصار نقش کے اوپر ہے۔ اس کی ترکیب و طریقہ حسب ذیل لکھا جاتا ہے۔

طریقہ نمبر ۱: ہر نقش کے اعداد طبعی ہوتے ہیں جس قدر اعداد طبعی ہوں روزانہ اتنے ہی نقش اور اتنے ہی دن تک لکھیں۔ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ مثلاً مثلث نقش کے اعداد طبعی ۱۵ ہیں تو بہ نیت زکوٰۃ

پندرہ نقش روز لکھیں اور پندرہ دن تک لکھیں تو زکوٰۃ ادا ہو گی۔ اسی طرح نقش مربع کے عدد چونتیس ہیں تو چونتیس نقش روزانہ چونتیس روز تک لکھیں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔"

طریقہ نمبر ۲: اگر اعداد طبعی زیادہ ہوں تو پھر نقش کے خانوں کی تعداد کے مطابق نقش لکھیں، مثلاً مثلث کے نو خانے ہیں اور مربع کے خانے سولہ ہیں لہٰذا نو نقش روزانہ نو دن تک لکھنے سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اور مربع نقش کی زکوٰۃ ۱۶ نقش روزانہ ۱۶ دن تک لکھنے سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ مگر زکوٰۃ نمبر اول سے زکوٰۃ نمبر ۲ کمزور ہے۔ معمولی کاموں میں اس سے کام لیا جا سکتا ہے۔ اہم کاموں کیلئے زکوٰۃ نمبر ۲ بہتر ہے۔"

طریقہ نمبر ۳: کوئی بھی نقش ہو اور کسی بھی کام کیلئے ہو تو ہر نقش کو تین سو ساٹھ مرتبہ لکھو چالیس روز تک۔ یہ زکوٰۃ ہر دو سابقہ زکوٰۃ سے مرجح اور کامل اثر پیدا کرتی ہے۔"

شرائط: نقوش کی زکوٰۃ ادا کرنے میں بھی وہ سب پابندیاں عائد ہیں جو عمل کی زکوٰۃ ادا کرتے وقت ہوتی ہیں۔ یعنی پاکیزگی طہارت، وضو اور غسل، خوشبو، پابندی مقام اور وقت قبلہ رخ ہونا۔ زعفران سے لکھنا بہرحال اولیٰ ہے۔ ہاں تباہی و بربادی دشمن اور باہمی مفارقت کیلئے سیاہ روشنائی سے لکھنا۔ زعفران نہ ہو تو کسی موقعہ پر ہلدی سے بھی لکھا جاتا ہے۔

مصرف: اب رہا یہ سوال کہ جو نقش زکوٰۃ کے لکھے ہیں ان کا کیا کیا جائے؟ تو اس کا قاعدہ یہ ہے کہ نقوش کی چار قسمیں ہیں۔ آتشی، بادی، آبی، خاکی۔ بس جس نقش کی آپ زکوٰۃ دے رہے ہیں اگر وہ نقش آتشی ہے تو آگ میں جلائیں۔ اگر بادی ہے تو کسی پھل دار درخت میں لٹکائیں اگر آبی ہے تو پانی میں بہائیں اگر خاکی ہے تو زمین میں دفن کریں۔ اس کے برعکس بھی بعض مواقع پر کیا جا سکتا ہے۔ مگر آیات قرآنی کو جلانا اچھا نہیں ہے اعدادی نقش کو جلانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

زکوٰۃ کا ایک اور آسان طریقہ

یہ ہے۔ مثلاً بسم اللہ شریف کے اعداد ۷۸۶ ہیں تو اس کا نقش ۷۸۶ مرتبہ روزانہ ۴۰ روز تک لکھا جائے تو بسم اللہ شریف کے نقش کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ ویسے نقوش کی زکوٰۃ ضروری نہیں۔ نقش بغیر زکوٰۃ کے بھی کام دے سکتا ہے مگر عمل بغیر زکوٰۃ کے کام نہیں دیتا ہاں اگر نقش کی زکوٰۃ ادا کر لی جائے تو اس کی تاثیر بڑھ جاتی ہے اور نقش بھی مثل عمل کے کام دیتا ہے۔

نقش پر کرنے کے قاعدے

نقوش میں مثلث، مربع یا مخمس میں طرح بار بار آتی ہے۔ یعنی اگر مثلث پر کرنا ہے تو جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ۱۲ عدد قانون کے خارج کر دو۔ آخر میں یہ بارہ عدد کیوں اور کہاں سے آئے۔ اسی طرح مربع میں جس قدر اعداد ہوں ان میں سے قانون کے تمیں عدد خارج کر دو۔ آخر یہ تمیں کہاں سے آئے اور کیوں؟ اسی طرح مخمس ومسدس وغیرہ میں ایک خاص عدد قانون کے خارج کئے جاتے ہیں۔ آخر یہ قانون کے عدد کہاں سے آئے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جس نقش کے جس قدر خانے ہوں ان میں سے ایک کم کر کے بقایا کو نصف کر و اس نصف کو ایک پٹی کے خانوں سے ضرب دو۔ جو حاصل ضرب ہو وہ بھی اعداد طرح کے ہوں گے اور قانون کے کہلائیں گے۔ مثلث کے ۹ خانے ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک کم کیا تو باقی آٹھ رہے آٹھ کے نصف چار ہوتے ہیں مثلث کی ہر پٹی میں تین خانے ہوتے ہیں لہٰذا چار کو تین سے ضرب دیا تو بارہ عدد حاصل ہوئے لہٰذا مثلث کے اعداد طرح ۱۲ ہوئے اور یہی طریقہ اعداد طرح نکالنے کا ہے اور جس چاہے نقش کے اعداد طرح نکالے جاسکتے ہیں۔ مثلاً مربع کے سولہ خانے ہوتے ہیں۔ حسب قاعدہ ایک کم کیا تو پندرہ باقی رہے۔ نصف کیا تو ساڑھے سات ہوئے۔ اور چونکہ مربع کی ہر پٹی (لائن) میں چار خانے ہوتے ہیں ۱/۲۔۷ کو ۴ سے ضرب کیا تو تمیں عدد حاصل ہوئے بس مربع کی طرح عدد کی ہوئی۔ اسی طرح مخمس کے

۲۵ خانے ہوتے ہیں حسب قاعدہ ایک عدد کم کیا تو ۲۴ باقی رہے اس کو نصف کیا تو ۱۲ باقی رہا اور مخمس کی ایک لائن میں ۵ خانے ہوتے ہیں ۱۲ کو ۵ سے ضرب دیا تو ۶۰ عدد ہوئے۔ اسی طرح مسدس کے کل خانے ۳۶ ہوتے ہیں۔ حسب قاعدہ ایک عدد کم کیا تو ۳۵ باقی رہے اس کو نصف کیا تو ۱۷ ہوئے اب مسدس کی ہر لائن میں ۶ خانے ہوتے ہیں تو کو ۶ سے ضرب دیا تو ۱۰۵ ہوئے۔ بس مسدس کے اعداد طرح ۱۰۵ ہوتے ہیں۔ اسی طرح دیکھئے مثلث کے ۳ خانے عرض کے اور ۳ طول کے اب ۳ کو ۳ سے ضرب کیا تو ۹ ہوا یعنی ۹ خانوں سے کم کا کوئی مثلث نہیں ہو سکتا اور نہ ہی زیادہ خانوں کا مثلث کہلا سکتا ہے اسی طرح اعداد کے بارے میں قاعدہ کلی ہے یعنی مثلث کے ۹ خانے ہیں حسب قاعدہ ایک کا اضافہ کیا تو ۱۰ عدد ہوئے ان کو نصف کیا تو ۵ باقی رہے ۵ کو مثلث ایک لائن کے خانہ ۳ سے ضرب کیا۔ ۵×۳=۱۵ ہوئے یعنی نقش مثلث ۱۵ عدد سے کم کا نہیں ہو سکتا۔ زیادہ چاہے جتنے عدد ہوں۔ اسی طرح مربع کا حال ہے۔ یعنی مربع کے سولہ خانے ہیں حسب قاعدہ ایک کا اضافہ کیا تو ۱۷ عدد ہوئے یعنی نقش مربع چونتیس عدد سے کم کا نہیں لکھا جاتا۔ اسی طرح ہر نقش کا طریقہ و قاعدہ ہے۔ اب رہا کسر کا سوال وہ یہ ہے مثلاً مثلث میں ۲ عدد کی کسر ہے تو چوتھے خانہ میں اور ایک کی کسر ہے تو ساتویں خانہ میں ایک کا اضافہ کرو۔ یعنی ۳ خانے چھوڑ کر چوتھے میں کسر کا اضافہ کرو۔ اگر ایک عدد کی کسر ہے تو چوتھے خانہ میں کسر تھی تو ۴+۳=۷ ہوئے تو ساتویں خانہ میں کسر کا اضافہ ہوگا۔ اسی طرح مخمس کا طریقہ ہے یعنی مخمس میں ایک عدد کی کسر ہے تو کس خانہ میں لکھیں۔ قاعدہ ہے کہ مخمس کے ۳۶ خانے ہوتے ہیں ۳۶ سے ۵ نفیس کئے تو ۳۱ رہے تو انیسویں خانہ میں مگر چار کی کسر ہے تو تیرھویں خانہ میں اگر ۵ عدد کی کسر ہے تو ساتویں خانہ میں ایک کا اضافہ ہوگا۔

نقوش پر کرنے کا طریقہ بالتفصیل بیان ہو چکا ہے اب نقش بھرنے میں کوئی دشواری نہ ہوگی ہر طرح کا قاعدہ اور قانون وضاحت سے بیان ہو چکے ہیں۔

نقش ذوالکتابت

اب نقش ذوالکتابت کا طریقہ لکھتا ہوں تاکہ اس میں الجھن نہ ہو۔ کیونکہ بہت سے اصحاب عاملین نے نقش ذوالکتابت کو پسند کیا اور ترجیح دی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ نقش مثلث ہو یا مربع اوپر کی پہلی لائن ۳ یا ۴ جو خانے ہوتے ہیں ان میں عربی مضمون اور نیچے کے باقی خانوں میں اعداد ہوتے ہیں۔ لکھنے کی چال وہی مربع یا مثلث والی ہوتی ہے اس میں تقسیم اور نفی وغیرہ کا کوئی جھگڑا نہیں ہوتا مثلاً آپ نے بسم اللہ شریف کا نقش ذوالکتابت لکھنا ہے۔ تو مثلث ذوالکتابت کی یہ صورت ہوگی یعنی خانہ اول مثلث میں الرحمٰن ہے جس کے عدد ۳۲۹ ہیں۔ دوسرے خانہ میں ۳۳۰ اور تیسرے خانہ میں ۳۳۱ عدد ہیں اب چوتھے خانہ میں ۲۸۷ اس لئے لکھا ہے، کیونکہ الرحیم کے عدد ۲۸۹ ہیں اور چوتھا خانہ سابقہ میں ہے پھر پانچویں خانہ میں ۲۸۸ لکھا اور چھٹے خانہ میں الرحیم ہے جس کے عدد ۲۸۹ ہیں اب ساتویں خانہ میں ۱۶۷ اس لئے لکھا کیونکہ آٹھویں خانہ بسم اللہ کے عدد ۱۶۸ ہیں اور نویں خانہ میں ۱۶۹ لکھا دیکھئے شمار کیجئے ہر طرف سے میزان ۷۸۶ ہوگا۔

بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم
۱۶۸	۳۲۹	۲۸۹
۳۳۱	۲۸۸	۱۶۷
۲۸۷	۱۶۹	۳۳۰

اسی طرح آپ کسی بھی اسم، آیۃ یا سورۃ کا نقش ذوالکتابت پر کر سکتے ہیں۔

ایک اور مفردات کے حروف سے مربع لکھا جاتا ہے تاکہ سمجھنے میں سہولت اور آسانی ہو۔ یعنی یا کریم کا نقش ذوالکتابت پر کرنا ہے تو اس کی یہ صورت ہوگی۔ یہ بھی ہر طرف سے شمار کرنے پر ۲۷۰ عدد ہوں گے۔

ک	ر	ی	م
۴۰۰	۲۰۰	۱۰	۴۰
۱۱	۳۹	۲۱	۱۹۹
۳۸	۸	۲۰۲	۲۲
۲۰۱	۲۳	۳۷	۹

باب علم الحروف

یہاں تک علم الاعداد والحروف پر تفصیل سے گزر چکا ہے۔ مگر علم الحروف کے فوائد اور پڑھنے کے طرائق کا ذکر عملیات مرکبات سے پہلے ہونا ضروری سمجھا۔ اس لئے علم الحروف کی خاصیت وفوائد وقواعد ذکر کرتا ہوں۔ اور مفردات حروف کا ذکر اس لئے بھی ضروری ہے کہ عوام تو عوام خواص بھی مفرد حرفوں کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ حالانکہ مرکبات ان ہی مفردات حروف سے بنتے ہیں مگر نظر انداز کر دیتے ہیں۔ اور یہ مفرد حروف ہی تاثیرات کا خزانہ ہیں۔ آج ہمارے سامنے عربی کے جو حروف ہیں اور ان سے جو آواز پیدا ہوتی ہے وہ رب ذوالجلال والاکرام کی طرف سے ایک تحفہ لاجواب ہے۔ جس کو حضرت آدم علیہ السلام کے قلب پر القاء فرمایا گیا تھا۔ آپ کی اولاد میں جن کو آپ سے صحبت وقربت زیادہ رہی ان کو حروف تہجی کا اسی قدر حصول ہوا۔ اور جن کو دوری رہی وہ محروم رہے۔ اور حسب ضرورت اپنے مافی الضمیر کی افہام وتفہیم کیلئے مختلف آوازیں نکالتے رہے اور نقطوں اور لکیروں کے ذریعہ ایک دوسرے سے بات کرتے تھے۔ یہاں تک کہ دنیا میں مختلف زبانیں، حروف کی شکلیں اور آوازیں وجود میں آگئیں۔

سیدنا خیر البشر حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کی مدت حمل ۸ یا ۹ گھنٹہ کی ہوتی تھی اور حضرت شیث علیہ السلام کی مدت حمل ۸ دن یا ایک ماہ کی ہے۔ اسی لئے کسب فطرۃ کا موقع آپ کو

زیادہ ملا اور صحبت بھی آپ ہی کو زیادہ رہی اسی فطرت وصحبت کا اثر ہے کہ یہ حرف اصلی شکل ملکوتی میں آج بھی ہمارے سامنے ہیں۔ شریعت میں بھی اسی لئے تاکید ہے کہ عربی حروف کا ادب و احترام لازمی ہے۔ حروف مفرد ہوں یا مرکب ان کو زمین پر ڈالنا جائز نہیں۔ بلکہ پڑے ہوئے حروف کو اٹھا کر کسی محفوظ و پاک جگہ پر رکھنا ثواب کا باعث ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ کتاب اللہ یا اس کا جزو زمین پر گرے تو اس کی حفاظت کیلئے اللہ تعالیٰ فرشتوں کو بھیج کر حفاظت کرتا ہے اور وہ فرشتے اپنے پروں سے اس وقت تک نگرانی کرتے رہتے ہیں جب تک کہ کوئی اہل اللہ مرد مومن اسے اٹھا نہیں لیتا۔ اور زمین سے کوئی شخص گرا ہوا قرآن شریف کا ٹکڑا یا کوئی اسم باری یا اسم رسول ادبا اٹھائے تو اللہ تعالیٰ اس کے نام کو مقام علیین میں جگہ دیتے ہیں اور اس کے والدین کے عذاب میں کمی کرتے ہیں اگرچہ وہ کافر مرے ہوں۔ (طبرانی شریف)

حروف کے اعداد علم الجفر میں تفصیل سے گزر چکے ہیں اور نقشہ موکل ظاہری و باطنی کا حال بیان ہو چکا ہے اور عربی اور اردو کے حروف کا موازنہ وتطابق بھی بیان ہو چکا ہے۔ یہاں حروف کے ذریعہ علاج جسمانی وروحانی سے متعلق بیان کروں گا۔ کیونکہ یہ حروف ہر بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوئے ہیں۔

حروف چار عنصر پر منقسم ہیں۔ اور جسم انسانی بھی چار عنصر سے مرکب ہے۔ آتش، باد، آب اور خاک اور یہ اٹھائیس حروف چاروں عناصر پر حکمراں ہیں۔ گویا کہ جسم انسانی کا تمام حصہ ان اٹھائیس حرفوں کے تابع ہے۔ ایک نقشہ ترتیب دے کر حروف کی خاصیت و تعلق سیارہ بالتفصیل بتاتا ہوں تاکہ معلوم ہو کہ حروف کا تعلق کس عضو انسانی سے متعلق ہے۔

نقشہ حروف

سیارگان	آتشی، صفرا آگ	بادی، خون ہوا	آبی، بلغم پانی	خاکی، سودا مٹی	کسی عضو انسانی سے متعلق ہے
زحل	ا	ب	ج	د	ان چاروں کا تعلق سر سے ہے
مشتری	ھ	و	ز	ح	ان چاروں کا تعلق داہنے بازو سے ہے
مریخ	ط	ی	ک	ل	ان چاروں کا تعلق بائیں بازو سے ہے
شمس	م	ن	س	ع	ان چاروں کا تعلق پشت سے ہے
زہرہ	ف	ص	ق	ر	ان چاروں کا تعلق شکم سے ہے
عطارد	ش	ت	ث	خ	ان چاروں کا تعلق داہنی ران سے ہے
قمر	ذ	ض	ظ	غ	ان چاروں کا تعلق بائیں ران سے ہے

اب ان حروف سے علاج روحانی کی یہ صورت ہے

نمبرا: امراض سر: خصوصاً پاگل پن، مالیخولیا، جنون، بالوں کا گرنا، بال خورا، تشنج، کمزوری دماغ، بھولنا، کمزوری حافظہ، دردسر، دردکان، درددانت، امراض چشم، آواز کا بند ہونا، حلق میں

درد ہونا بکل امراض سر کیلئے یعنی سر سے گردن تک کے کل امراض کیلئے یہ نقش ساعت زحل میں لکھ کر باندھنے کو دیں اور چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی یا آب زمزم سے دھو کر پلائیں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف

د	ج	ب	ا
ا	ب	ج	د
ج	د	ا	ب
ب	ا	د	ج

نمبر۲: امراض داہنے بازو کے: داہنے بازو سے ناخنوں تک سینے اور شانہ تک کسی قسم کا درد، فالج، ادھرنگ وغیرہ ہو اس نقش کو ساعت مشتری میں لکھ کر باندھیں اور چینی کی پلیٹ میں لکھ کر پانی میں دھو کر پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

اجب یا دردیائیل بحق ھا (۲)

ح	ز	و	ہ
ہ	و	ز	ح
ز	ح	ہ	و
و	ہ	ح	ز

نمبر۳: امراض بائیں بازو کے: آدھے سینے و شانے سے بائیں ہاتھ کی انگلیوں تک کے ہر ہر مرض اور ہر تکلیف کیلئے، فالج، شانے کا درد، جوڑوں کا درد، دل کے امراض، گھبراہٹ اور دل کی جملہ بیماریوں کیلئے مریض کی ساعت میں لکھ کر باندھنے کو دیں اور پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یا اسماعیل بحق طا (۳)

ل	ک	ی	ط
ط	ی	ک	ل
ک	ل	ط	ی
ی	ط	ل	ک

نمبر۴: امراض پشت کیلئے: درد کمر، پھیپھڑوں کا درد، دمہ، دق، سل، رقت منی، احتلام وغیرہ امراض میں ساعت شمس میں لکھ کر باندھنے کو دیں اور چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا دردمائیل بحق میمہ (۴)

ع	س	ن	م
م	ن	س	ع
س	ع	م	ن
ن	م	ع	س

نمبر۵: امراض شکم: درد شکم، ناف کا ٹلنا، آنتوں کی دق، مثانے کے کل امراض کیلئے، درد گردہ، معدہ کی خرابی، جگر کی سستی وغیرہ میں اس نقش کو ساعت زہرہ میں لکھ کر باندھنے کو دیں اور چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یامرحائیل بحق فانہ

کا	ن	ص	ف
ف	ص	ق	کا
ق	کا	ف	ص
ص	ف	کا	ق

نمبر۶: امراض داہنی ران کے: داہنے پاؤں کی انگلیوں سے ران تک کل امراض کیلئے، عرق النساء، رانگن وغیرہ کے کل امراض اور دردوں کیلئے ساعت عطارد میں لکھ کر باندھنے کو دیں اور چینی کی پلیٹ میں لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یاهمزائیل بحق شخت (۶)

خ	ث	ت	ش
ش	ت	ث	خ
ث	خ	ش	ت
ت	ش	خ	ث

نمبر ۷: امراض بائیں ران کے: عرق النساء، ریگن وغیرہ اور جملہ امراض بائیں ران کیلئے اس نقش کو ساعت قمر میں لکھ کر باندھنے کو دیں اور چینی کی پلیٹ پر لکھ دھو کر پلائیں انشاءاللہ شفا ہوگی۔

اجب یا اسرائیل بحق ذال (ذ)

ذ	ض	ظ	غ
غ	ظ	ض	ذ
ض	ذ	غ	ظ
ظ	غ	ذ	ض

بعض عاملین نے اس طریقہ سے بھی لکھا ہے فقیر نے تحریر کیا، مجرب پایا۔

نمبر ا: حروف آتشی (الف، ہا، طا، میم، فا، شین، ذال) یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراھیم۔

نمبر ۲: حروف بادی (با، واؤ، یا، نون، صاد، تا، ضاد) سلام قولا من رب الرحیم۔

نمبر ۳: حروف آبی (جیم، زا، کاف، سین، قاف، ثا، ظا) سلام علی نوح فی العالمین ط

نمبر ۴: حروف خاکی (دال، حال، لام، عین، را، خا، غین) سلام علی موسیٰ وھارون۔

اس کی ترکیب یہ ہے کہ مثلاً آتشی مرض ہے تو آبی حروف لکھ کر باندھنے یا پلانے کو دیں اگر بادی مرض ہے تو خاکی حروف لکھ کر باندھنے کو یا پلانے کو دیں۔ انشاءاللہ صحت ہوگی۔

عاملین کاملین نے حروف باموکل پڑھنے کی کتنی ہی ترکیبیں بیان کی ہیں۔ صاحب حضرت امام بونی رحمۃ اللہ علیہ نے جو طریقہ بیان کیا ہے ان کی تفصیل اور صحت کے ساتھ لکھتا ہوں باموکل ظاہری کا نقشہ آئندہ صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

ملاقات حضرت خضر علیہ السلام

یہ عمل کثیف حضرت تمیمی رحمۃ اللہ سے منقول ہے فرماتے ہیں کہ "اس عمل کے تین فائدے عظیم ہیں۔ اول زیارت رسول علیہ الصلوۃ والسلام سے شرف یابی حاصل ہوتی ہے۔ دوسرے حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کا شرف حاصل ہوتا ہے۔ تیسرے جس مقصد کیلئے آپ نے عمل کیا ہے اس کی تدبیر اور حل بذریعہ حضرت خضر علیہ السلام حاصل ہوتا ہے۔ طریقہ یہ ہے قبل طلوع آفتاب یا قبل غروب پڑھے۔ اول سورۃ فاتحہ ۷ مرتبہ، سورہ ناس ۷ مرتبہ، سورہ فلق ۷ مرتبہ، سورہ اخلاص ۷ مرتبہ، سورہ کافرون ۷ مرتبہ، آیۃ الکرسی ۷ مرتبہ، کلمہ تمجید ۷ مرتبہ اور درود شریف اللھم صل علی سیدنا محمد عبدک حبیبک و نبیک ورسولک النبی الامی وعلی آل سیدنا محمد وبارک وسلم ۷ مرتبہ اور یہ دعا اللھم اغفر لجمیع المومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات الاحیاء منھم والاموات انک مجیب الدعوات ورافع الدرجات یاقاضی الحاجات برحمتک یاارحم الراحمین۔ ۷ مرتبہ اور یہ دعا اللھم یا رب افعل بی وبھم عاجلا واجلا فی الدین والدنیا والاخرۃ ماانت لہ اھل ولا تفعل بنایا مولانا مانحن لہ اھل انک عفور جواد کریم ملک بر الرئوف الرحیم ۷ مرتبہ پڑھے اور ثواب حضرت آقائے نامدار تاجدار مدینہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت خضر علیہ السلام وجمیع انبیاء علیہم السلام وجمیع امت محمدیہ کی خدمت میں پیش کرے۔ تین روز میں قسمت کا ستارہ عروج و بالا کے عرش نظر آئے گا۔ اور زیارت سے مشرف ہوگا۔ اگر روز ورد میں رکھے تو روزی غیب سے با آسانی میسر ہو" انشاءاللہ

کشف حصول مراد

یہ عمل حضرت محبوب الٰہی سیدی شیخ نظام الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تعلیم فرمایا ہے کہ کسی مقصد و مراد و مطلب کیلئے معلوم کرنا ہو کہ کس طرح ہوگا یا کیسے ہوگا۔ یہ عمل مجرب ہے۔ اس کو شب یکشنبہ سے شروع کرے اول روز یا واحد یا احد ۲۰۰ مرتبہ پڑھے شب دوشنبہ میں یا صمد یا ۲۰۰ مرتبہ پڑھے، اور شب سہ شنبہ میں یاحی یاقیوم ۲۰۰ مرتبہ پڑھے اور شب چہارشنبہ میں یاحنان یامنان ۲۰۰ مرتبہ پڑھے اور شب پنجشنبہ میں یا ذوالجلال والاکرام ۲۰۰ مرتبہ پڑھے اور شب جمعہ میں یا اللہ یارحمن ۲۰۰ مرتبہ پڑھے اور شب شنبہ میں یا رحمن یارحیم ۲۰۰ مرتبہ پڑھے اول آخر درود شریف دس۔ دس مرتبہ پڑھے۔"

کشف قلوب و قبور

اس عمل کو بھی سات روز کرنا بہتر ہے۔ یہ شب شنبہ سے شروع ہوگا۔ یعنی جمعہ کا دن گزار کر شنبہ کی رات سے پڑھنا ہے۔ روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اول آخر درود شریف ۲۱۔ ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ یقین کامل کے ساتھ پڑھے۔ انشاء اللہ اول دن ہی مقصد حاصل ہوگا۔ کشف قلوب و قبور کا حاصل ہوگا، اور عالم روحانیات اور عالم ملائکہ اس پر ظاہر ہوں گے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

۱۔ شب شنبہ کو: بسم اللہ الرحمن الرحیم. اللھم یا جلیل تجللت بالجلال والجلال فی جلال جلالک یا جلیل یا دائم المعبود ویامنعم المقصود ویامن لا الہ الا اللہ یااحکم الحاکمین.

۲۔ شب یکشنبہ کو: بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم یالطیف باوصاف کمالہ باللطافۃ و اللطافۃ فی لطافۃ لطافتک یالطیف انا سمعنا کتابا انزل من

بعد موسی مصدقا لما بین یدیه ویهدی الی الحق والی طریق مستقیم ویا خیر الرازقین۔

شب دوشنبہ کو: بسم اللہ الرحمن الرحمن۔ اللھم یا سمیع البرطان واذ صوفنا الیک نفرا من الجن یستمعنو القرآن یا سمیع تسمعت یا السمع والسمع فی سمع سمعک یا سمیع والذین یومنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک وبالاخرۃ ھم یوقنون وھو الحق الوکیل یا احسن الخالقین۔

شب سہ شنبہ کو: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم یامعز یامزل یا علیم یا عظیم تعظمت بالعظمۃ والعظمۃ فی عظمۃ عظمتک یا عظیم فاعلم انہ لا الہ الا اللہ واستغفر لذنبک وللمومنین والمومنات واللہ یعلم متقلبکم ومثوالکم ویا نصیر الناصرین۔

شب چہارشنبہ کو یہ عزیمت پڑھے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم یا رحیم ترحمت بالرحمۃ والرحمۃ فی رحمۃ رحمتک یارحیم یا حفیظ تحفظت بالحفظ والحفظ فی حفظ حفظک یا حفیظ یامکرم الصادقین ویا منعم الحافظین۔

شب پنجشنبہ کو یہ عزیمت پڑھے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم یا کریم تکرمت بالکرامۃ والکرم فی کرم کرمک یا کریم واللہ یعلم غیب السموت والارض واللہ بصیر بما تعملون یاسریع الحاسبین۔

شب جمعہ کو یہ عزیمت پڑھے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ط اللھم یا غفور تغفرت بالمغفرۃ والمغفرۃ فی مغفرۃ مغفرتک یا غفور لم یلد ولم یولد ولم

یکن لہ کفوا احد ط برحمتک یاارحم الراحمین ط۔

کشف قلب کو منور کرنے کیلئے

یہ عمل تہجد گزار لوگوں کیلئے اکسیر ہے اور عجب پرتاثیر ہے۔ عامل حیرت انگیز منظر دیکھتا اور محو حیرت رہتا ہے۔ آدمی رات کے بعد تہجد کیلئے اٹھے، غسل کرے، وہ نہ وضو کرکے کم سے کم چار رکعت یا پوری بارہ رکعت ادا کرے، اول رکعت میں الحمد شریف کے بعد والضحیٰ ۳ مرتبہ پڑھے دوسری رکعت میں الم نشرح ۳ مرتبہ پڑھے، ۱۲ رکعت پوری پڑھنے کے بعد یا جلیل تجللت بالجلال والجلال فی جلال جلالک یا جلیل ۷۳ مرتبہ پڑھے، اول آخر درود شریف ۳، ۳ مرتبہ پڑھے پھر یہ دعا کرکے سورہے، اگر وقت کم ہو، نہ سوئے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اے اللہ تو نے عالم کو بغیر سبب کے پیدا کیا، اور آسمان کو بے ستون کھڑا کیا اور تنور سے پانی جاری کیا اور پتھر سے ناقہ یعنی اونٹنی نکالی، عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا فرمایا اور حضرت آدم کو بغیر ماں باپ کے ظہور میں لایا، اور ہمارے نبی امی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو علم اولین وآخرین سے سرفراز فرمایا، الٰہی اس نبی امی کی برکت سے مجھ کو نور عرفان وایمان کمال عطا فرما۔ اور نفس ودل اور جان کو نور احدیت وحدانیت سے روشن فرما۔ آمین

کشف القلوب

حضرت سیدنا جنید بغدادی رحمۃ اللہ سے یہ دعا منقول ہے۔ پہلے ۲ رکعت نماز نفل پڑھ کر اس کا ثواب جمیع اہل اسلام کو پہنچائے پھر درود شریف ۲۱ مرتبہ پڑھے اور یانور تنورت بالنور والنور فی نور نور ک یا نور ۲۵۶ مرتبہ پڑھ کر یوں دعا کرے۔ الٰہی جب حضرت یونس علیہ السلام نے دعا کی ظلمت وتاریکی سے نجات دے تو تو نے ان کی دعا قبول فرمائی، الٰہی میری بھی دعا قبول فرما، اور گناہوں کی تاریکی سے نجات دے۔ اور حضرت سیدنا ابراہیم

علیہ السلام نے دعا کی کہ الٰہی تو مردے کو کس طرح زندہ کرتا ہے۔ مجھے دکھا تو ان کی دعا قبول کی۔ الٰہی میری بھی دعا قبول فرما اور میرے مردہ دل کو زندہ فرما دے۔ بحرمتہ سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم یا ارحم الراحمین درود شریف اول آخر ۹۔ ۹ مرتبہ پڑھے۔

کشف ضیاء قلب

یہ عمل کشف مجربہ ومصدقہ وآزمودہ ہے۔ اور خانقاہ رحیمی کا خاص عطیہ ہے۔ یعنی بڑے حضرت قطب عالم شیخ المشائخ، عمدۃ الواصلین، زبدۃ العابدین شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری رحمۃ اللہ سے حضرت قطب عصر، سراج السالکین، واقف رموز شریعت، وحقیقت مرشدی و مولائی شاہ عبدالقادر صاحب رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص عمل کشف قلوب یا کشف قبور کا کرنا چاہے تو اول ۲ رکعت نماز نفل کا ادا کرے۔ اول رکعت میں الحمد شریف کے بعد ۱۱ مرتبہ قل ھو اللہ شریف پڑھے۔ دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد ے مرتبہ قل ھو اللہ شریف پڑھے بعد سلام یا جمیل تجملت بالجمال والجمال فی جمالک یا جمیل ۔۳۳۲ مرتبہ پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے۔ الھی قلبی محجوب ونفسی معیوب وعقلی مغلوب وطاعتی قلیل ومعصیتی کثیر فکیف حیلتی یاستار العیوب اغفر ذنوبی کلھا یاغفار یا ستار برحمتک یاارحم الراحمین اول آخر ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اور پھر مراقب ہو کر بیٹھ جائے۔ اور دل کی طرف متوجہ رہے۔ انشاء اللہ مطلب برآری ہوگی اور جواب شافی حاصل ہوگا۔

کشف قبور

اگر کوئی شخص چاہے کہ کسی صاحب قبر سے ملاقات کرے یا فیض حاصل کرے تو اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز مغرب یا عشاء خوشبو سے کپڑوں کو معطر کرے اور صاحب مزار کے

حضور حاضر ہو کر کہے۔ السلام علیکم یا اھل القبور و رحمة الله و بر کاته انا انشاء الله بکم لاحقون۔ اور فاتحہ پڑھے۔ اور ایصال ثواب کرے، تمام ارواح اسلام کو اور صاحب مزار کو ثواب پہنچائے۔ اور پھر چہرے کے سامنے باادب دوزانو بیٹھ کر یہ درود شریف ۲۲۵ مرتبہ پڑھے۔ اللھم صل علی روح وجسد محمد سیدنا و سید العلمین ط و علی الارواح واجساد الانبیاء والمرسلین والصدیقین والشھداء والصالحین والاولیاء کاملین والعلماء الراشدین وجمیع المسلمین برحمتک یاارحم الراحمین یارب العالمین۔ اور صاحب مزار کی روح کو ثواب پہنچائے اور سلام عرض کر کے واپس چلا جائے، دوسری شب کو حسب دستور بعد سلام یہی درود شریف ۱۱ مرتبہ پڑھے، پھر انگشت شہادت قبر پر رکھے اور آنکھیں بند کر کے ۲۱ مرتبہ یاروح پڑھے اور ۲۱ مرتبہ یا روح الارواح پڑھے اس کے بعد قبر سے انگلی ہٹا کر سلام قولا من الرب الرحیم ۸۵۰ مرتبہ پڑھے اور پھر درود شریف مذکورہ ۱۱ مرتبہ پڑھے اور ثواب پہنچائے اور سلام عرض کر کے واپس آ جائے تیسری شب کو حسب دستور سلام کرے درود شریف و فاتحہ کے بعد یاروح ۲۱ مرتبہ اور یا روح الارواح ۲۱ مرتبہ پڑھے اور "سلام قولا من الرب الرحیم" ط ۳۱ مرتبہ پڑھے پھر سبوح قدوس ربنا ورب الملائکة والروح بے شمار پڑھتا رہے یہاں تک کہ صاحب مزار سے ملاقات و دیدار سے شرف یابی حاصل ہووے اور مدعا حاصل ہووے۔

درود شریف برائے کشف

اس درود شریف کو سوتے وقت ۱۱ مرتبہ پڑھ کر سو رہے انشاء اللہ جس مقصد و مطلب کیلئے معلومات کی جائے گی اس کا جواب باصواب حاصل ہوگا۔ وہ درود شریف یہ ہے

اللھم صل علی سیدنا محمد معدن الانوار والاسرار و کاشف الاستار

وکاشف الاسرار الصلوۃ والسلام علیک یا نور الانوار الصلوۃ والسلام علیک یا معدن الاسرار الصلوۃ والسلام علیک یا کاشف الاستار الصلوۃ والسلام علیک یا کاشف الاسرار اکشف عنی، اکشف قلبی اکشف صدری یا کاشف الاسرار یا رسول اللہ خذ بیدی اعنی واغثنی یا صادق صدق قولک من عسرت علیہ حاجۃ فلیکثر بالصلوۃ علی فانھا تکشف الھموم والغموم والکرب وتکثر الارزاق وتقضی الحوائج یا قاضی الحاجات وصلی اللہ علیک وعلیھم اجمعین۔

کشف ملاقات مرشداں

اس کلام کو سونے سے قبل ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ چند روز کی تلاوت سے جس بزرگ یا پیر ومرشد سے ملاقات مقصود ہو انشاء اللہ ملاقات ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ کلام یہ ہے۔

تقلبنی ولا تردد سوالی — اغثنی مرشد عمدا بحالی

کاشفات حجائب

چند عملیات ومعمولات وہ تحریر کرتا ہوں جو عاملین اور کشف کے شائقین کیلئے ضروری ہیں جو عملیات کشف حجاب بنتے ہیں اور رکاوٹ وتساہل وعقیدہ کی کمزوری کا باعث بنتے ہیں اور جو عملیات دل سے شکوک وشبہات وحجابات کی علامات کو دور کرتے ہیں۔

اول طریقہ: الحمد شریف پوری کو پاک وصاف چینی کے برتن پر لکھے اور دھو کر پئے یا پلائے۔ اس شخص کو جس کے دل میں شک ولرزہ ہو اور عقیدہ کمزور ہو، سات روز پلائیں، صبح نہار منہ (بغیر کچھ کھائے پئے) انشاء اللہ شک ولرزہ دور ہوگا۔ یقین کامل ہوگا۔

دوسرا طریقہ: بسم اللہ الرحمن الرحیم ط الصابرین والصادقین والقانتین والمنفقین والمستغفرین باالاسحار، شھد اللہ انہ لا الہ الا اللہ والملئکۃ والو العلم قائما بالقسط قف لا الہ الا ھو العزیز الحکیم ط ان الدین عند اللہ الاسلام ط وما اختلف الذین اوتو الکتب الا من بعد ماجاء ھم العلم بغیا بینھم ط ومن یکفر بایات اللہ فان اللہ سریع الحساب ط

ان آیات شریفہ کو سات مرتبہ پڑھ کر سبز پتوں کے رس پر دم کرے اور سات روز تک پیئے۔ انشاء اللہ یقین کامل ہوگا اور شک ولرزہ دور ہوگا۔ عقیدہ درست و نیک ہوگا۔ دینداری میں اخلاص پیدا ہوگا، دل کا زنگ دور ہوکر روحانیت میں عروج پیدا ہوگا۔ اور کشف کے حصول کیلئے راستہ ہموار ہوگا۔

تیسرا طریقہ: ایمان کو قوی کرنے کیلئے، دل کی سختی کو دور کرنے کے واسطے، اگر کسی کے دل میں شک یا حجاب یا حادث ہو یا کوئی حادث ہو یا کوئی رسوم اہل کتاب یہود ونصاریٰ کی دل میں پیوست ہو اس کو نکالنے کیلئے ان آیات شریفہ کو کام میں لائے۔ انشاء اللہ۔

ایمان قوی ہوگا، حجاب دور ہوگا اور دل سے سختی دور ہوگی۔ یہود ونصاریٰ کی رسوم کا تردد واشکال دفع ہوگا۔ اور شغل کشف میں دسترس حاصل ہوگی۔ اول تین دن روزہ رکھے (شنبہ، یکشنبہ، دوشنبہ) اور شیرینی سے روزہ افطار کرے بعد شب پنجشنبہ کو بعد نماز عشاء بارہ رکعت نوافل پڑھے۔ بعد سلام تسبیح پڑھے۔ سبحان اللہ و الحمد اللہ دس مرتبہ پڑھے۔ درود شریف دس مرتبہ پڑھے۔ پھر استغفار دس مرتبہ پڑھے۔ اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ اٹھارہ مرتبہ پڑھے اور مندرجہ ذیل آیات شریفہ کو چینی کے برتن میں لکھے اور صبح نہار منہ، دھوکر پیئے وہ آیات شریفہ یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم. یا یھا الناس قد جائکم الرسول بالحق من ربکم فامنوا خیرالکم وان تکفروا فان للہ ما فی

السموت والارض وكان الله عليما حكيما. يا هل الكتاب لا تغللو فی دینکم ولا تقولوا علی الله الا لحق ط انما المسیح ابن مریم رسول الله وکلمته ط القاها الی مریم وروح منه فامنوا با الله ورسوله ولا تقولو ثلثة ط انتهوا خیرالکم انما الله اله قاحد ط سبحنه ان یکون له ولد ط له ما فی السموت وما فی الارض وکفی با الله وکیلا.

چوتھا طریقہ: سلسلہ چشتیہ وسلسلہ قادریہ کے بزرگان دین سے یہ طریقہ منقول ہے کہ جب کوئی شخص چاہے کہ ایمان قوی ہووے اور دل کے اوپر سے حجابات ظلمات دور ہوں اور دل کی سختی دور ہو اور اخلاص و پاکیزگی اور حلال روزی میسر آئے اور زہد و قناعت اور صبر و شکر حاصل ہووے اور شغل کشف میں عروج حاصل ہو تو چاہئے کہ "سورہ غاشیہ" پوری مشک و زعفران سے لکھے (چینی کے برتن میں) یا ایک بیری کی لکڑی لاوے اور اس کو صاف مسطح کرے یعنی رندا دے اور اس پر لکھ کر سات روز متواتر چاٹے۔ انشاء اللہ مقصد دلی حاصل ہو گا۔ اور حاجات دور ہوں گے۔"

پانچواں طریقہ: حجابات کو دور کرنے اور زہد و قناعت حاصل کرنے اور پارسائی اور بلندی اقبال حاصل کرنے اور کشف کا باب کھلنے کیلئے ان آیات شریفہ کو صبح بعد نماز فجر داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھے اور نہار منہ چاٹے سات روز متواتر یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ کشف کا باب کھلے اور دل کی سختی دور ہووے۔ اور صبر و قناعت کا حصول ہووے اور اوپر جمیع مسلمانوں کے رحمت حاصل ہو۔ وہ آیات یہ ہیں۔"

بسم الله الرحمن الرحیم ولله ملک السموت والارض وما بینهما والیه المصیر ط یاهل الکتاب قد جائکم رسولنا یبین لکم علی فترة من الرسل ان تقولوا ماجا ئنا من بشیر ولا نذیر فقد جائکم بشیر ونذیر. والله علی کل

شیء ط واذ قال موسیٰ لقومہ اذکروا نعمۃ اللہ علیکم اذ جعل انبیاء وجعلکم ملوکا واتکم مالم یوت احدا من العالمین ط یا قوم ادخلو الارض المقدسۃ التی کتب اللہ لکم ولا ترتدو اعلی ادبارکم فتنقلبوا خسرین ط

مندرجہ بالا پانچ طریقے جو مذکور ہوئے ہیں، عمل کشف و شغل کشف و کرامات میں از حد ضروری ہیں۔ کشف کے معنی ہی پردہ اٹھانے کے ہیں۔ دل پر اگر ظلمات کے حجابات پڑے ہوں گے تو کچھ بھی انکشاف ہونا ناممکن ہوگا اس لئے عاملین کشف کو لازم ہے کہ پہلے دل کو حجابات سے صاف کرے اور ایمان کو قوی کرے اور عقیدہ درست اور مضبوط بنائے اور ترددات کو دل سے دور کرے انشاءاللہ بہت جلد شغل کشف میں اعلیٰ مرتبہ ہوگا۔"

مفرد حرفوں کے خواص جہاں تک ہمارا خیال ہے آج تک کسی مطبوعہ کتاب میں نہیں دیکھے گئے نہ اس کتاب چشمہ فیض میں کسی مطبوعہ کتاب سے کوئی لفظ لکھا گیا کیونکہ جس عمل کا ہمیں خود علم نہیں کہ وہ کیسا ہے اسے کس اعتبار اور بھروسہ پر دنیا کے سامنے پیش کیا جائے۔ اس میں صرف وہی چیزیں درج ہیں جو ہمارے اپنے خاندان میں ہمیشہ زیر عمل رہی ہیں اور انہی مستند چیزوں میں مفردات کے خواص بھی شامل ہیں جو حسب ذیل ہیں۔

الف

روز جمعہ

(۱) جمعہ کی رات کو گیارہ بار الف لکھ کر اپنے ساتھ رکھو۔ اس کے بعد بادشاہ وائسرائے، گورنر یا کسی حاکم کے پاس جاؤ وہ تمہاری عزت کرے گا تم ان کی نظروں میں معزز ہو گے۔ دل میں نرمی اور روشنی پیدا ہوگی۔ دل سے تردد اور شبہات دور ہوں گے۔ ہر قابل پذیرائی حاجت پوری ہوگی لیکن لکھتے وقت ان دو ناموں کو متواتر پڑھتے رہو۔ یا سبحان یا اللہ

ب
روز یکشنبہ

(۲) یکشنبہ کے روز بارہ بار بے لکھو پڑھتے ہوئے چاند کا زمانہ ہو اور جو شخص متکبر مغرور اور لوگوں کو ستاتے والا ہو اس کا غرور توڑنے اور لوگوں کو اس کے ظلم سے محفوظ رکھنے کے لئے اور اس کے دل میں ظلم کی جگہ رحم اور ہمدردی پیدا کرنے کے لئے اس متکبر اور ظالم شخص کے مکان میں کسی مناسب جگہ (عمل ب کو دفن کر دو تا کہ اس کا ظلم ٹوٹ جائے اور وہ رحمدل بن جائے۔
اگر کسی سے دوستی کرنی چاہو تو ایسے وقت جبکہ وہ باتیں کر رہا ہو بارہ (ب) لکھ کر اپنے پاس رکھ لو وہ شخص عزیز دوست بن جائے گا۔
اور اگر کسی مریض کو صحت نہیں ہوتی تو یہی (ب ۱۲ عدد) چینی کے پیالے میں لکھو اور پانی سے دھو کر مریض کو پلاؤ یا اس نقش شدہ پیالے میں دوا مریض کو پلاؤ شفا پائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ب لکھتے وقت یہ نام کثرت سے پڑھو یا حی۔ یا اللہ۔ یا رحمن

ت
روز چہار شنبہ

(۳) چہار شنبہ کے دن چار سو دس ت لکھو جس وقت کہ سورج ڈوب رہا ہو۔ اس کے کھانے سے دل کی کدورتیں دور ہوں گی حافظہ ترقی کرے گا۔ علم حاصل ہوگا۔ جو سبق یاد کیا جائے گا۔ فراموش نہ ہوگا۔ (بچوں اور طالب علم لڑکوں کیلئے بہت مفید ہے)
اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہے تو لکھ کر قرآن میں رکھو، لکھتے وقت یہ نام کثرت سے متواتر زبان پر جاری رہیں۔ یا قیوم یا واحد۔

ث

روز سہ شنبہ

(۴) سہ شنبہ کے دن بوقت زوال (یعنی جب آفتاب نصف النہار سے گزر رہا ہو) پانچ سو ث لکھو اور گھر کی دیوار میں لٹکا دو۔ جو کام شروع کرو گے اس میں متزلزل نہ ہو گے اور ثابت قدم رہو گے۔

اگر کسی عورت کا شوہر ناراض ہو گیا ہو اور بات نہ کرتا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے شوہر کو (پانچ سو ث بطور تعویذ) لکھ کر پانی کے پیالے میں شوہر کو پلا دے آپس میں صلح ہو جائے گی۔ اور آئندہ کبھی جنگ نہ ہو گی لکھتے وقت ان ناموں کو برابر پڑھنا چاہئے۔ یا دائم یا حمید۔

ج

روز سہ شنبہ

(۵) سہ شنبہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت ترپن (۵۳) ج لکھ کر اپنے پاس لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھو۔ حاسد لوگوں کی زبان اس کے مال اور کام پر بند ہو جائے گی دشمن مائل بدوستی ہو جائیں گے۔ تمام جائز خواہشیں اور حاجتیں پوری ہوں گی۔ عمر میں برکت ہو گی۔ لکھتے وقت یہ دو نام کثرت سے پڑھو۔ یا بار یا کبیر۔

ح

روز پنجشنبہ

(۶) شب پنجشنبہ کو جبکہ چاند بڑھنے والا ہو۔ اٹھارہ ح لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھو۔ کوئی جادو اثر نہ کرے گا۔ کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔ بیماری سے محفوظ رہو گے۔ حلال رزق پاؤ گے۔ اگر کوئی مشک و زعفران سے لکھ کر اور حریر یا کسی عمدہ کپڑے میں لپیٹ کر اور سفید موم سے موم جامہ

کر کے دانت کے نیچے دبائے اور سو رہے تو رات کو تمام قسم کی روحوں کو خواب میں دیکھ سکتا ہے۔ لیکن ڈرے نہیں۔ اگر ڈر گیا تو موت کا اندیشہ ہے لکھتے وقت یہ دونام پڑھتا رہے۔ یا باری یازاکی (چاہئے کہ ۴۰ سال سے کم عمر کے لوگ روحوں کو دیکھنے کی کوشش نہ کریں

خ

روز یکشنبہ

(۷) یکشنبہ کے دن آخر ماہ میں پاک اور تنہائی کی جگہ میں بیٹھ کر چھ سو دس خ لکھوا پنے گھر میں کسی مقام پاک پر رکھ دو۔ اگر کسی سے کچھ کام ہو گا تو پورا ہو جائے گا اگر ظالم شخص کے ہاتھ میں گرفتار ہو تو خلاصی پاؤ گے۔ دشمن دب جائیں گے۔ اور انہیں کوئی مشکل مصیبت آ پڑے گی۔ لکھتے وقت یہ دونام کثرت سے پڑھو۔ یا کافی یا نقی۔

د

روز چہارشنبہ

(۸) چہارشنبہ کی رات کو آدھی رات کے وقت کسی ایسی جگہ جہاں کوئی دوسرا آدمی نہ ہو یا ہوں تو سو رہے ہوں تو مشک و زعفران سے پینتیس دلکھو۔ اور اپنے پاس محفوظ رکھو۔ ہمیشہ دست و دل کشادہ رہے گا۔ اور لوگ عزت کی نظر سے دیکھیں گے اور قابل اعتبار سمجھیں گے۔ اور اگر قرضدار ہو تو قرض سے نجات پاؤ گے۔ لکھتے وقت ان دوناموں کا ورد کرو یا حنان یا منان۔

ذ

روز شنبہ

(۹) شنبہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت اکیلی مسجد میں بیٹھ کر رات سو اکتیس (۷۳۱) ذلکھو اور پاک مقام میں یا مسجد کے کسی کونے میں دفن کرو۔ اگر مال کسی خطرے کی جگہ میں ہے تو

محفوظ رہے گا اور اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ لکھتے وقت کثرت سے ان دونوں ناموں کو پڑھنا چاہئے۔یادیان یا خالق

ر

روز دوشنبہ

(۱۰) دوشنبہ کی رات کو جبکہ چاند مکمل ہو چکا ہو ر (دو جگہ ۲۰۔۲۰ اور ایک جگہ ۱۰) لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے جائز عشق میں جائبین سے اضافہ ہوگا۔ عجائبات دیکھنے میں آئیں گے۔ حاکم ورئیس کی نظروں میں معزز ہوگا۔اور مصائب سے محفوظ رہے گا۔ لکھتے وقت کثرت سے پڑھو یا رحیم یا تام۔

ز

روز شنبہ

(۱۱) شنبہ کے دن شام کو سورج ڈوبتے وقت ستر ز لکھ کر پرانے قبرستان میں دفن کرنے سے چند علوم معرفت اس پر ایسے منکشف ہوں گے۔ جو مخلوق سے پوشیدہ ہیں لیکن ان علوم سے واقف ہو کر عمل پڑھنے والا جلد ہی ہلاک ہو جائے گا۔ لکھتے وقت یہ دو نام کثرت سے پڑھے جائیں یاعبد ، یا علام (یہ سلسلہ حروف میں درج کر دیا گیا ہے۔ لیکن کسی کو میری طرف سے اجازت نہیں ہے۔(بخاری)

س

روز جمعہ

(۱۲) جمعہ کے روز دو ہزار سین لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھو۔ اگر وطن سے جدا ہو جلد وطن نصیب ہو۔ کاموں میں فتح و نصرت پاؤ۔ خطرات سے محفوظ رہو۔ دیکھنے والے مرعوب ہوں اور

حاسدین کی زبانیں برائی پر نہ کھلیں لکھتے وقت برابر پڑھتے رہو۔ یاحلیم یامعید

ش

روز چہار شنبہ

(۱۳) چہار شنبہ کے دن تین ہزار ساٹھ شین لکھوا اور حمام میں جا کر طشت کے پانی میں گھول دو اور اس پانی سے غسل کرو مال و دولت حاصل ہو گی۔ اس عمل کے بعد ہمیشہ پاک رہنا نہایت ضروری ہے ورنہ دولتمندی درویشی میں تبدیل ہو جائے گی۔ لکھتے وقت یہ دو نام برابر پڑھتے رہو۔ یاحمید یا عزیز

ص

جمعہ

(۱۴) شب جمعہ چینی کے برتن میں پچانوے صاد مشک و زعفران سے لکھ کر اس میں پانی پیو حتیٰ کہ پیالہ صاف ہو جائے۔ اگر کسی نے کچھ کر دیا ہے۔ یعنی مردانگی کو باندھ دیا ہے۔ تو کھل جائے گی۔ یا عورت کی نسوانیت کو باندھ دیا ہے تو حمام میں جا کر سر پر اس پانی کو ڈالے۔ جس میں یہ عمل کھلا ہوا ہے۔ تو کشادگی ہو گی۔ اور بندش کھل جائے گی۔ اگر دو گروہوں میں جنگ ہے تو صلح ہو جائے گی یا برابر رہیں گے۔ کسی کو شکست و فتح نہ ہو گی۔ لکھتے وقت یہ دو نام پڑھتے رہو۔ یا قاهر یا قریب۔

ض

شنبہ

(۱۵) شنبہ کی رات کو آٹھ سو پانچ ض لکھوا ور انار کی لکڑی پر باندھ دو جس طرح علم ہوتا ہے۔ اور ایک خالی مکان کی اس دیوار میں جو قبلہ کی طرف ہو پوشیدہ کر دو۔ اگر تم نے کسی کے پاس کوئی امانت رکھی ہے۔ اور وہ انکاری ہو گیا ہے تو آپ کی امانت واپس کر دے گا۔ اس کی

بدبختی دوستی میں تبدیل ہو جائے گی۔ بشرطیکہ قرآن کے درمیان اسی عمل کو رکھ دیا جائے۔ لکھتے وقت یہ نام پڑھتے رہو یا حذل یا نور

ط

جمعہ

(۱۶) جمعہ کی رات کو مشک و زعفران سے نوے ط لکھو اور پاک وصاف ہو کر درود شریف پڑھتے ہوئے سر کے نیچے رکھ کر سو رہو خواب میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار فرحت آثار میسر ہو گا۔ اگر اس عمل شمشیر پر کندہ کرایا جائے تو اس کی ہر ضرب کارگر ہوگی۔

بیان کیا جاتا ہے اور قدیم قلمی کتب میں درج ہے کہ ضحاک بادشاہ کی شمشیر پر کندہ تھا اور اس سے بہت کام لیا کرتا تھا۔ اگر اسی نقش کو قرآن کریم میں رکھا جائے تو دشمن کی تباہی کا موجب ہو گا۔ اور اگر اپنے پاس رکھا جائے تو لوگوں کی نظروں میں عزیز ہو اور مال و دولت سے بہرہ اندوز ہو۔ اور جس پاک مقصد۔۔۔۔۔ کے لئے اس کو نیک نیتی سے لکھا جائے اس میں کامیابی نصیب ہو۔ لکھتے وقت ان دو ناموں کا ورد جاری رہے۔ یا علی یا قدوس۔

ظ

پنجشنبہ

(۱۷) پنجشنبہ کی رات کو نو سو (۹۰۰) ظ لکھو اور چینی کے پیالے میں گھول کر مریض کو پلا دو بفضل ایزد جلد شفایاب ہو گا۔ لکھتے وقت یہ دو نام پڑھتے رہو۔ یا مبدء یا جلیل

ع

روز پنجشنبہ

(۱۸) پنجشنبہ کے دن تین ہزار عین لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھو (بعد نماز فجر یا بعد نماز عصر بہتر

اوقات ہیں) شہرت ایسی نصیب ہوگی کہ سارے ملک میں مشہور ہو جاؤ گے اور ایمان کامل نصیب ہوگا اور عمل کرنے والے پر کوئی غصہ اور قہر نہ کر سکے گا۔ لکھتے وقت یہ دو نام برابر پڑھتے رہو۔ یامحمود یا کریم.

غ

جمعہ

(۱۹) جمعہ کے دن ایک ہزار ساٹھ غین لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے انسان کسی کا محتاج نہیں رہے گا۔ اور تمام نیک ارادوں میں برکت ہوگی۔ اور دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی اور عجائبات دیکھنے میں آئیں گے۔ لکھتے وقت یہ دو نام بہت زیادہ پڑھنے چاہئیں۔ یا عظیم یا عجیب

ف

چہار شنبہ

(۲۰) چہار شنبہ کے دن نو (۹) ف لکھو۔ خداوند کریم دینی و دنیاوی مقاصد پورے کرے گا۔ دنیاوی مقاصد میں خلاف دین کوئی نہ ہو جائز اور پاک مقصد کے لئے ہو لکھتے وقت یہ ایک نام کثرت سے پڑھنا چاہئے۔ یا غیاث

ق

(۲۱) ایک سو اکیاسی (۱۸۱) ق لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے قید و بند سے نجات ملے گی اور روزی کشادہ ہوگی۔ لکھتے وقت یہ دو نام پڑھنے چاہئے۔ یا ملک یا مھیمن (وقت کی قید نہیں)

ک

(۲۲) ایک سو ایک (۱۰۱) کاف لکھ کر اپنے رکھنے سے تمام رنج و مصائب سے چھٹکارا نصیب

ہوگا۔ اور امداد خداوندی لکھنے والے کے کاموں میں شامل ہوگی۔ اس کو ہر وقت لکھ سکتے ہیں۔
لکھتے وقت یہ دو نام پڑھو۔ یا کلیم یا کریم.

ل

چہار شنبہ

(۲۳) چہار شنبہ کی آدھی رات کے وقت بہتر (۷۲) لام لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے مکاروں کے مکر سے محفوظ رہو گے اور کوئی شخص اونچی آواز سے تمہارے سامنے بات بھی نہ کر سکے گا۔
لکھتے وقت یہ نام پڑھتے رہو۔ یا شکور.

م

روز جمعہ

(۲۴) جمعہ کے دن آفتاب نکلنے سے پہلے نوے (۹۰) میم لکھ کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھنے سے جس شخص سے جو کام ہوگا۔ پورا ہوگا اور اگر باغ یا کھیت میں لٹکایا جائے تو اس میں برکت ہوگی۔ اور آفات ارضی وسماوی سے محفوظ رہے گا۔ لکھتے وقت یہ دو نام ورد زبان رہیں۔ یسا خالق یا محیط

ن

سہ شنبہ

(۲۵) سہ شنبہ کی رات کو ایک سو تیس یا تین ہزار نون لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے علم سیکھنا آسان ہو جائے گا بزرگوں سے جلال وبزرگی میں حصہ ملے گا۔ امراض سے حفاظت میں رہو گے۔ اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں میسر ہوں گی۔ لکھتے وقت یہ دو نام ضرور پڑھتے رہو۔ یا احیا یا اعلا.

و

روز جمعہ

(۲۶) جمعہ کے دن تیرہ (۱۳) واؤ لکھ کر قرآن شریف میں رکھنے سے ہر وہ مقصد جس کے لئے یہ عمل لکھا گیا پورا ہوگا لکھتے وقت چاہئے کہ دونام زبان پر جاری رہیں یا حلیم یا شکور.

ہ

(۲۷) پندرہ (ہ) لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے بعض باتیں خواب میں اس پر منکشف ہوں گی اور اسرار غیبیہ سے آگاہی نصیب ہوگی (افسوس کہ اس حرف کے عمل کا دن اور وقت نہ معلوم ہو سکا۔ اس لئے اس سے پورا فائدہ اٹھانا دشوار ہے۔ بہر نوع تسلسل میں لکھ دیا گیا ہے۔ اگر کسی عامل کامل یا خدا رسیدہ بزرگ کی نظر سے یہ کتاب گزرے اور اسے اس عمل کے متعلق مزید معلومات ہوں تو مستند کتاب کا حوالہ دے کر ہمیں مشکور فرمائیں۔ بخاری) لکھتے وقت پڑھو یا کبیر یا کبیر یا ھادی.

ی

(۲۸) بیس (۲۰) عدد ی لکھ کر اپنے پاس رکھو تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔ اور جو کام دوسرے حروف سے پورے ہوں گے۔ تقریباً وہ سب حرف ی سے بھی پورے ہوتے ہیں۔ لیکن جو بات جدا جدا حرفوں کے خواص میں ہے وہ صرف ایک ی سے بہمہ وجوہ پورے ہونے کسی قدر مشکل نظر آئیں گے۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ جو حرف جو خاصیت رکھتا ہے۔ اس سے اسی کے مطابق فائدہ اٹھایا جائے۔ حرف ی چونکہ آخری حرف ہے۔ اس لئے اس میں دوسرے حروف کے خواص بھی کسی مناسب حد تک موجود ہیں۔ لکھتے وقت پڑھو یا سلام یا دائم وقت اور دن کی کوئی قید نہیں ہے۔

لکھنے کی ترکیب

اگر تمام عملیات مشک و زعفران سے لکھے جائیں تو زیادہ موثر ہو سکتے ہیں۔ نیز نقوش یا عمل کے وقت غذا کو بھی مدنظر رکھا جائے تو مناسب ہوگا۔ بعض نقوش اور بعض عملیات میں تو لازماً خیال رکھنا پڑتا ہے۔ اور بعض میں یہ قید نہیں ہے۔ جن چیزوں سے اکثر پرہیز کیا جاتا ہے۔ وہ حسب ذیل ہیں۔ گوشت۔ پیاز۔ لہسن۔ ادرک۔ ہینگ۔ مولی۔ تیل سرسوں کا زیادہ گرم چیزیں۔ ماش کی دال اور گوبھی اور دیگر بادی اغذیہ۔ مثلاً عمل حب۔ تسخیر عالم۔ دست غیب یا زیارت حبیب پاک کا عمل یا اسی قسم کے تعویذات وغیرہ میں خیال رکھا جائے۔

عشق و محبت کے عملیات و تعویذات لکھتے وقت اگر اپنے پاس پھول خوشبو۔ عطر یا دوسری قسم کی خوشبویات رکھ لی جائیں تو بہتر ہے بعض اوقات کسی قسم کی شیرینی بھی ضروری تو نہیں۔ اگر ہو تو بہتر ہے۔ اور یہ صرف محبت کے تعویذات یا شوہر کو بیوی کا گرویدہ بنانے یا بیوی کو شوہر کا گرویدہ بنانے کے تعویذات میں پاس رکھ کر فاتحہ دے کر کچھ چکھ لی جاتی ہے۔ اس لئے ناظرین کو ان تمام باتوں سے آگاہ کر دیا گیا۔ کہ وہ عمل و تعویذ۔

عشق و محبت

محبت کا عطر

(۱) باوضو سورہ اخلاص یعنی قل ہو اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر عطر پر پھونکو اور اس عطر کو اپنے شوہر کے کپڑوں میں لگاؤ یا مرد پڑھ کر عورت کے کپڑوں میں لگائے دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو گی۔ جس کے کپڑوں میں یہ عطر لگایا جائے گا۔ وہ زیادہ محبت کرے گا۔ اس سے جو عطر لگائے گا۔ کوئی غیر اس کو استعمال نہ کرے۔ عصر و مغرب کے درمیان یا فجر کی نماز کے بعد پڑھنا زیادہ مفید ہے۔

محبت کا سرمہ

(۲) باوضو ان آیات کو پڑھ کر سرمہ پر دم کرو اور یہ پڑھا ہوا سرمہ آنکھ میں لگاؤ۔ بیوی کو چاہیئے کہ خود بھی اور مرد کو بھی اگر وہ لگانے کا عادی ہو تو لگانا چاہیئے۔ دونوں میں محبت پیدا ہوگی اور باہم رنج وملال کی نوبت نہ آئے گی۔ دوسرا کوئی شخص اس سرمہ کو نہ لگائے۔

محبت کی الائچی

(۳) ایک ہزار ایک مرتبہ ہرالائچی پر پڑھو یا دودو ترکیب یہ ہے کہ غسل اور وضو کرکے پہلے فجر کی نماز پڑھو پھر ہرالائچی کا منہ کھولکر دانوں پر پھونکو اور منہ بند کردو جب الائچی کھانے کو دو اس کے دانے نکال کردو غسل اور وضو دونوں ضروری ہیں۔ اس کے علاوہ اگر صرف ایک پاک چادر میں اپنا جسم چھپا کر یہ عمل پڑھا جائے تو زیادہ مفید ہے۔ یعنی ہر روز کا لباس جسم پر نہ ہو غسل کے بعد ایک بڑی سی چادر لے کر جو جسم کو سر سے پاؤں تک چھپا سکے۔ اسی کے ساتھ نماز پڑھ لو اور اسی میں عمل پڑھو۔

محبت کی شیرینی

(۴) شیرینی پر سات مرتبہ سورہ الم نشرح لک صدرک آخر تک والی ربک فرغب پر ختم کرکے شیرینی پر دم کرے۔ اور جس کو اپنی طرف راغب کرتا ہو اس کو کھلائے۔ مثلاً شوہر ناخوش ہے یا بیٹا ناراض ہے یا داماد سے خفگی ہوگئی ہے یا بیوی ناخوش ہے جس کو کھلایا جائے گا اس کا دل نرم ہو جائے گا اور ناراضگی وخفگی درمیان سے دور ہو جائے گی۔ باوضو پڑھنا چاہیئے۔ وقت کی قید نہیں جب چاہو پڑھ لو۔

محبت کا پان

(۵) هو الذی ارسل رسوله بالهدی ودین الحق لیظهره علی الدین کله

وكفا باللہ شہیدا۔ برحمتک یا ارحم الراحمین وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ اجمعین۔

ترکیب: پان پر الائچی پر اور سپاری پر اس کو پڑھ سکتے ہیں۔ سات مرتبہ باوضو ہو کر پڑھو اور پان وغیرہ پر دم کر کے بیوی کو یا شوہر کو کھلانے سے آپس میں بے حد محبت اور اخلاص پیدا ہوگا۔

محبت کا صندل

(۶) عمل: فتلقی ادم من ربہ کلمات فتاب علیہ انہ ھو التواب الرحیم۔

ترکیب: صندل کو پی کر اس پر سات مرتبہ آیت پڑھو اور پسے ہوئے صندل کو اپنے چہرہ پر ملو محبت پیدا ہوگی۔ اگر شوہر ایسا کرے تو بیوی فریفتہ اور بیوی ایسا کرے گی تو شوہر فریفتہ ہو جائے گا اور دونوں میں خوب محبت رہے گی۔

محبت کا نمک

(۷) محبت کا دم کردہ نمک محبوب کو کھلانے میں ملا کر کھلا دو مقصود حاصل ہوگا۔ عمل ایک سو ایک مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

ان الذین آمنوا وعملوا الصلحات سیجعل لھم الرحمن۔

محبت کے پھول

(۸) یہ ایک افسون ہے جو ہماری پرانی کتابوں میں چلا آتا ہے۔ یہ عمل قرآن سے نہیں ہے۔ کسی سنیاسی یا رشی منی سے ہمارے خاندان تک پہنچا ہوگا ہندو ناظرین کو اس کا ضرور تجربہ کرنا چاہیے۔

افسوں: ارضی سوھنی منیرانی جندرانی جیوبسکوتی اوم اوم سات مرتبہ پڑھ کر پھول پر دم کر دو اور مطلوب کو سونگھنے کے لئے دو۔ لکھا ہے کہ محبت کے لئے بہت زود اثر ہے۔ واللہ اعلم

دوسرے کو اپنا عاشق بنا لو

(۹) اس عمل کی بہت تعریف لکھی ہے اور کیوں قابل تعریف نہ ہو جبکہ اس میں اللہ تعالیٰ کے محبوب ناموں کے اور اس سے رحم اور محبت طلب کرنے کے سوا اور کچھ ہے ہی نہیں۔ اس کے ساتھ جو الفاظ درج ہیں وہ یہ ہیں۔

''بنوایس ایں آیت بداو شستہ معشوق خود را بخوراں اگر در صندوق آہن باشد شکستہ پیش تو آید بامر اللہ تعالیٰ''

ترجمہ: یعنی اس آیت کو (یا نشانی کو) لکھ اور دھو کر اپنے محبوب کو کھلا دے اگر لوہے کے صندوق میں بھی بند ہے تو اس کو توڑ کر تیرے پاس آ جائے گا۔ اللہ کے حکم کے ساتھ۔

عمل: ماشاء اللہ ولا حول ولا قوۃ اللہ باللہ العلی العظیم۔ یا حی یا قیوم یا ولی یا دائم یا ابدا یا احد یا فردا یا وترا یا صمدا یا حی یا قیوم برحمتک یا ارحم الرحمین۔

تسخیر شوہر اور حاکم

(۱۰) شوہر اور حاکم کو مسخر کرنے کے لئے نہایت زود اثر اور ہمارے اپنے خاندان کے مجربات میں سے بلکہ معمول میں سے ہے۔

عمل: ولق محبتی فی قلبی وجعلہ علی رئوفا محبا رحیما بحق یا رحمن یا رحیم یا مسخر

ترکیب: چار وقت کی نماز کے بعد لینے فجر، ظہر، عصر، مغرب، بس، عشا کی نماز تو ضرور پڑھے گا۔ مگر عمل نہ پڑھے گیارہ روز تک متواتر پڑھے۔ گیارہ گیارہ مرتبہ۔ عمل کے درمیان

ہی میں مدت ختم ہونے سے پہلے ہی مقصود حاصل ہوگا۔ یا ختم کرنے کے بعد ہمیں ایسا اتفاق ہوا ہے کہ ختم مدت سے قبل کامیابی ہوگئی۔ اگر آپ زبان اور دل و دماغ اور بخل سے پاک رکھتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ آپ کو بھی جلد سے جلد کامیابی نہ ہو۔ عمل کے لئے ضروری امور میں سے یہ باتیں ہیں کہ نیت پاک ہو۔ لباس پاک ہو۔ زبان پاک ہو۔ اور دل پاک ہو۔ بس پھر کامیابی یقینی ہے۔

عمل تسخیر قلب ہر کس

(۱۱) سورہ لا اقسم بھذا البلد آخر تک اکتالیس مرتبہ سورج نکلتے وقت ہر روز پڑھو ہر شخص کی نظر میں محبوب اور ہر دلعزیز بن جاؤ گے۔ جدھر جاؤ گے لوگ عزت کریں گے۔

جائز محبت کا برقی عمل

اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پھر آیت پاک اکیس بار پڑھو۔ کسی شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلاؤ وقلن حاشا للہ ماھذا البشرا ط ان ھذا الا ملک کریم فلما رانہ اکبرنہ وقطعن ایدیھن۔ اکیس بار (سورہ یوسف)

سوال: عدیم الفرصتی اور مارا مارا پھرتا نہ کسی کام میں جی لگتا ہے نہ گھر کا کوئی کام کر پاتا ہوں ہر وقت خیالات منتشر۔ کئی مقدمات مجھ پر چلا دیئے ہیں یار لوگ خوب مذاق اڑاتے ہیں اور پیسہ ڈھول کی طرح قرض دام لے کر پورا کرنا پڑتا ہے۔ رشوت خوری عام ہوگئی ہے بلا رشوت لئے کوئی دمڑی کو نہیں پوچھتا۔ زندگی وبال جان بن گئی ہے۔ ایک سرمڈ بڑا زبردست دشمن بن گیا ہے جو دوسروں کو میرا دشمن بناتا جاتا ہے۔ پارٹی بندی کر لی ہے۔ اس کمبخت کی صورت سے مجھے تنفر ہے۔ کچھ تو رہبری فرمائیے۔

جواب: اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف فلما تجلی ربہ للجبل جعلہ دکاو خر

موسی فقفا۔ ایک ہزار مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ اکیس روز کت برابر جملہ آفات سے محفوظ ہو جائیں گے۔ کامیابی مقدمات کے لئے ہمہ وقت دعا کی جاتی ہے۔ اللہ العزیز کامیاب ہوں گے بےفکر رہیں اور اپنے اپنے کام میں لگے رہیں جملہ آلام و مصائب اللہ تعالیٰ کی رحمت ہیں پریشان نہ ہونا چاہئے بلکہ مکافات عمل جان کر شکر گزار ہونا بندوں کا کام ہے اور حسر روز سے شرجیع کریں۔ بندہ کو مصنع کر دیں۔ کسی کو جانی مالی نقصان پہنچانے کا ارادہ نہ کیا جائے۔ صرف اپنی حفاظت کا عقیدہ ہو ورنہ نفع نہ ہوگا۔ بلکہ نقصان کا یقین ہے خدا کی رحمت اس کے پڑھنے والے کے ساتھ ہے دشمن فرار ہو جائے گا اور خصوصیات دشمن اور اس کی صفات کا بھی انشاء اللہ قلع قمع ہو جائے گا۔ اس عمل کی عام خریداران کتاب کو اجازت کے ساتھ ساتھ مخصوص دعا بھی شامل حال ہے اور رہے گی۔

مطلوب کی آنکھ میں طالب کا نظر آنا اور بیقرار رہنا

یا ودود روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھ کر اپنے مطلوب کا تصور کر کے کمال خلوص سے دعا مانگ لیا کیجئے چند روز کے بعد خواب میں بھی آپ ہی آپ نظر آئیں گے اور اگر پانی پر دم کر کے روزانہ اپنی بیوی کو پلا دیا کریں گے تو ایک دوسرے میں کمال الفت اور ایک دوسرے کے مشتاق ہوں گے۔

محبوب کا بے چین ہو کر حاضر ہونا

یا باری۔ اس اسم اعظم شریف کو روزانہ ایک چلہ تک (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے اور عطر پر دم کر کے رکھ لیجئے۔ تب محبوب حاضر ہو۔ اُس کے عطر لگا دیجئے۔ بیقرار رہے گا اور ہمیشہ طالب کا دم بھرے گا کسی کے سمجھانے سے نہ سمجھے گا۔

فائدہ: پاک نیت اور محبت بچی کے واسطے یہ عمل کارآمد ہے۔

کسی کو اپنی محبت میں گرویدہ بنانا

یا مقلب القلوب والابصار قلب قلبه الی ۔لفظ الی پر مخصوص جس شخص کو گرویدہ بنانا ہو۔ اُس کا تصور اپنی طرف رکھے اور صبح سے شام تک برابر پڑھتا رہے۔ پڑھنے کی قید نہیں جس قدر ہو جائے اور دُعا مانگ لے۔ محبوب خواہ کسی مقام پر ہو۔ حاضر ہوگا۔ شفقت اور محبت سے پیش آئے گا۔

روغن فریفتہ محبت

زعفران ایک ماشہ گلاب تین تولے بھگو کر اس سے آیت شریف بعد نماز جمعہ لکھ کر لوبان کی دھونی دیں پھر خالص تیل روغن چنبیلی سے دھو کر شیشی میں محفوظ کر دیجئے وقت ضرورت دونوں ابرو پر لگا کر جس کے پاس آپ جائیں گے انشاء اللہ کمال محبت سے بٹھائے گا نہایت خلق سے پیش آئے گا۔ عزت وجاہ اور مقبولیت پیدا ہوگی نظروں میں کمال محبوب ہوگا۔

سورہ توبہ رکوع ۱۱ پارہ ۱۰ یریدون ان یطفو سے ولو کرہ الی تک

تنبیہہ: کلام پاک کے عملیات سے جائز فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے فی زمانہ اللہ واسطے محبت رکھنے والے دنیا میں کم ملیں گے۔ اور عورتوں سے محبت کرنے والے شہوت نفسانی کی خاطر دُنیا میں ہزاروں شخص موجود ہیں اور ہر شخص کو اسی کی تلاش ہے کہ ناجائز کام پورا ہو جائے بڑی بات ہے نیز ایسے مذموم حرام فعل کے واسطے معقول نذرانہ پیش کرنے کے واسطے تیار ہیں۔ ہمارے بھائی جن کو دینداری کی ہوا بھی نہیں لگی۔ لالچ میں آ کر ایسے کام کرتے اور مخلوق کا پیسہ خوب کھاتے ہیں یاد رکھئے کہ کلام پاک کی عظمت ووقار کو کھونے والا اور اس سے ناپاک کام لینے والا خود ذلیل وخوار ہوتا ہے۔ اس مقولے کو پیش نظر رکھ کر کام لیجئے۔

ہر شخص کو اپنے خیال کے موافق بنالینا

چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے سانس کے باہر آتے اور سانس کے اندر جاتے میں ہر چیز پر نظر ڈالنے میں صرف اللہ اللہ اللہ کی کثرت سے مزاولت کرو۔ ایک چلہ میں خدا جانے آپ کیا سے کیا ہو جائیں گے۔ مخلوق فرمانبردار ہوگی۔ دُنیا کی نعمتیں خود بخود آپ کے سامنے ہوں گی۔

شوہر کا ناراض ہو جانا

ومن الناس من يتخذ من دون الله اندادا يحبونهم كحب الله. والذين امنوا اشد حبا لله. ولو يرالذين ظلموا اذ يرون العذاب ان القوة لله جميعا وان الله شديد العذاب (سپارہ ۲۔ رکوع ۴)

اول وآخر درود شریف سات، سات مرتبہ پڑھے اور اکیس مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھ کر دم کرے اور سات دن تک برابر کسی الائچی یا عطر یا شیرینی پر دم کر کے کھلاتا رہے انشاء اللہ دلی محبت ہو جائے گی۔

محبت کا عجیب وغریب چٹکلہ

جب مطلوب سامنے آئے۔ جھک کر سلام کرے اور اُس کی نظر سے نظر ملا کر مثل حیرت و افسوس کے اپنا عکس ڈالے اور نہایت لجاجت سے محبوب سے مزاج پرسی کرے۔ کامیاب ہو گا۔ جب جب اور جس جس وقت ملے۔ یہ طریقہ جاری رکھے۔

عام مخلوق میں منظور ہو جانا

نہایت نرم گفتگو ہنس کر ہر شخص سے کری۔ تمکنت کو پاس نہ آنے دے۔ خواہ کوئی شخص بولے یا نہ بولے خود شوق سے اُس کے پاس جائے اور خیریت دریافت کرے۔ جو کام تمہارے حد

اختیاری ہو اس کو پورا کرنے کی کوشش کرے اور یہ ظاہر و باور کرا دے کہ میں ہر طریقہ سے حاضر ہوں۔ اگر آپ کے مکان پر کسی کا آنا ہو جو کچھ آپ خاطر کر سکتے ہوں کیجئے قالین پر بٹھلایئے۔ حسب پان طعام سے خاطر کرنا اور جب وہ چلنے لگے اس کے ساتھ تھاڑ ورتک پیچھے پیچھے جانا اور نہایت ادب کے ساتھ اُس سے مصافحہ کر کے رخصت ہونا چاہئے۔ انشاء اللہ آپ ہر دلعزیز رہیں گے۔ مخلوق ہمیشہ اچھی نظر سے دیکھے گی۔

تسخیر عام۔ امتیازی شان

یا عزیز یا لطیف ہر دو کے اعداد (۲۲۳) اور اپنے نام کے اعداد ملا کر بعد نماز فجر روز پڑھیں۔ چالیس یوم تک پھر اپنا معمول بنالیں اور روزانہ ایک مرتبہ کسی وقت مقررہ پر پڑھتا رہے۔ مخلوق کی محبت کے ہجوم کا تماشہ دیکھے۔

بسم اللہ الرحمن یسمعون ۔ مع بسم اللہ شریف لکھے درد سر اگر ہو روبقبلہ مریض کو کھڑا کر کے اُس سے کہے کہ سر کو دبالو اوری کے بیچ تین بار بسم اللہ کہہ کر کیل دے دے۔ فوراً درد بند ہوگا۔ مریض سے دریافت کرے کہ اب درد تو نہیں ہے اور دندانہ میں ٹھونکنے سے درد واڑھ کا جاتا ہے۔ م کے درمیان میں کہیں ٹھونکنے سے درد کان کھاتا ہے اور ح کے درمیان میں شقیقہ یعنی نصف سر کا درد اور (د) پر ابرو کا درد ان کے درمیان میں بخار جاتا ہے۔

(نوٹ) مریض کے اطمینان کے لئے آہستہ آہستہ تین بار میں پوری کیل ٹھونک دے۔

تسخیر محبوب کیلئے بیحد مجرب عمل

چاند دیکھنے کے بعد پہلے اتوار کی رات یہ عمل شروع کریں صرف سات دن کا عمل ہے احتیاط کے ساتھ اگر جائز محبت کیلئے یہ کیا جائے۔ تو ہرگز خطا نہ ہوگا کئی کا آزمودہ ہے۔

عمل: یہ نقش کاغذ پر لکھ کر کوری روئی میں لپیٹئے اور ایک کورا چراغ لیکر اس میں یہ فیتہ رکھ دیں

اور تل کے تیل سے روشن کریں چراغ کا منہ محبوب کے مکان کی طرف ہو خود چراغ کے سامنے بیٹھے اور مندرجہ ذیل افسوں ۴۱ بار پڑھتا رہے۔ جب پڑھ چکے چراغ جلتا رہے ونے جب فیتہ بالکل جل کر راکھ ہو جائے تو اس کو زمین کے نیچے دفن کر دے دوسرے روز پھر نیا چراغ حسب سابق بنا دے اسی طرح سات دن عمل کرتا رہے

افسوں: کالا کلوا کالی رات کالا بھیجوں آدھی رات جب وہ آوے آدھی رات تن مجھ لاگے ساری رات کلوا بیر فلانی کوں بیٹھی کوں اٹھالاؤ سوتی کوں جگالاؤ کھڑی کوں دوڑالاؤ حال لاؤ فی الحال لاؤ جو نہ لائے تو سگی بہن بھانجی کے سیج پر پگ دھرے۔

نقش جس کا ہر روز فیتہ بنے گا۔ یہ ہے۔

کالا کلوا ۹	جو نہ لاوے ۲۲	کھڑی کو دوڑالاؤ	فلاں کوں ۱۶
حال لاؤ ۲۰	کلوا بیر ۱۵	کالی رات ۱۰	فی الحال لاؤ ۲۱
تن مجھ لاگے ساری رات	بیٹھی کوں اٹھالاؤ	سیج پر پگ دھرے	کالا بھیجوں
تو سگی بہن بھانجی کے	آدھی رات	جب وہ آوے آدھی رات	سوتی کوں جگالاؤ

عمل محبت

چالیس دن چنے کے لیکر ایک ایک دانے پر سورہ زلزال پڑھ کر دم کرے اور ہر ایک دانے کو آگ میں ڈالے یا سو بار ایک ہی مرتبہ پڑھ کر سب پر پھونکے اور آگ میں ڈالے اس وقت منہ میں شیرینی رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کم سے کم تین روز میں اپنا اثر دکھاوے گا۔ خدانخواستہ اگر تین روز میں کامیابی نہ ہو تو ایک ہفتہ تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. واذا زلزلت الارض زالھا وزلزلو زلزالا شدید اوجمیع جوارح فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں یومئذ یصدر الناس

اشتاتا لیروا اعمالهم فمن یعمل مثقال ذرة خیر یره ومن یعمل مثقال ذرة شریره ط

نوٹ: فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی ماں اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھیے۔

عمل حب بالکل عجیب وغریب

محبت کیلئے یہ عمل نہایت سریع الاثر اور بیحد مجرب ہے خطا نہیں کرتا بارہا مرتبہ کا آزمودہ ہے۔
اس عمل شریف کی دو ترکیبیں ہیں۔ عامل جس طرح سہولت سمجھے عمل کرسکتا ہے۔
پہلی ترکیب: مندرجہ ذیل آیات قرآنی کے اعداد بحساب ابجد نکالے جو حسب ذیل ہیں۔

لو انفقت	ما فی الارض	جمیعا ما الفت	بین قلوبهم
۶۶۷	۱۱۶۳	۹۲۶	۲۳۵
ولکن الله الفت بینهم		انه عزیز حکیم	عسی الله ان یجعل
۳۹۰		۲۲۸	۳۹۰
بینکم	وبین الذین	عادیتم منهم مودته	والله قدیر
۱	۸۵۹	۱۱۱۵	

والله غفور الرحیم سبخرله بحق ط میزان کل اعداد (۸۸۲۲)
۱۰۰۵

مجموعہ ہذا میں طالب ومطلوب کے اعداد مع لفظ ابن وبنت وعرف شامل کرے بعد ازاں مربع نقش تیار کرلیا جائے۔ اور اس نقش کا فیتہ بنا کر فیتے میں نئی روئی نیا چراغ اور نیا تیل روزانہ چنبیلی کا ہونا چاہیے۔

فیتے کے روبرو بیٹھ کر موافق تعداد اسم مطلوب مذکورہ وبالا آیات تلاوت کریں۔

اگر پہلی دوسری اور تیسری شب میں گوہر مقصود ہاتھ نہ آئے تو تا حصول مراد ہفتہ دو ہفتہ تین ہفتے متواتر پڑھتے رہیں۔ کوئی دن ناغہ نہ ہو۔

دوسری ترکیب: آیت مذکور کے مجموعہ میں طالب مطلوب کے عقیقے کا نام مع عرف کے اگر ہر دو عرف ہوں مع لفظ ابن و بنت کے حسب مذکور جمع کریں۔ اور مربع نقش تیار کریں اور نقش کو اس طرح تہہ کریں کہ داہنے ہاتھ کے زیریں گوشے سے بائیں ہاتھ کے گوشہ بالا کی طرف تہہ ہو گویا کہ خانہ ایک پر نوک بنے رہیں۔ روشنائی سے نشان بنائیں۔ پھر کوری روئی اس پر لپیٹیں کہ سب کاغذ اس پر چھپ جائے۔ وہی نشان والا گوشہ یاد رکھیں روئی لپیٹ کر اس پر پھر نشان بنا دیں اور کورے چراغ میں چمبیلی یا بیلے کا عمدہ چلیل بھریں اور اس فیتہ کو باوضو لکھ کر اس پر رکھیں۔ اور پاک تنکے سے روشن کریں۔ چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی جانب رکھیں اور خود اس کے پیچھے بیٹھ کر اس کی روشنی میں باوضو مذکورہ دونوں آیات پڑھیں۔ حروف پڑھنے میں ٹھیک ادا ہوں۔ جلدی نہ کریں۔ اور روشنی کاغذ پر لکھیں۔ حروف چشمہ دار ہوں۔ مثلاً ق۔ و۔ ف۔ م۔ ہ لکھے جائیں۔ فیتہ کا رخ خانہ مطلوب کی جانب رہے۔ قرات آیات میں قلب کو اللہ عزوجل کی طرف متوجہ رکھیں۔ قرات اور فیتہ ساتھ ساتھ ختم ہو۔ اگر قرات جلد ختم ہونے والی ہو تو فیتہ کی لو بڑھائیں بچے ہوئے تیل کو اپنے بالوں یا جسم میں لگائیں سات اکیس یا اکتالیس دن پڑھیں گھبرائیں نہیں۔ نہ شک لائیں۔ چڑھتے چاند جو کیم سے تیرہویں شب تک رہتا ہے۔ ماہ ثابت یا ذوجدین سے شروع کریں اور وقت مقررہ پر بعد نماز عشاء پڑھا کریں۔ شب کا ایک وقت مقرر کرلیں۔ آخر تک وہ وقت ناغہ نہ ہو۔ تلاوت میں صرف آیات رہیں۔ نام یا حرف کچھ نہ ہوگا۔

عمل حسب تسخیر خلائق کے لئے

محبت و تسخیر کیلئے یہ عمل مبارک بعد نماز عشاء قبلہ رو ہو کر اکتالیس دن تک ہر روز اکتالیس مرتبہ

پڑھیں۔ تسخیر خلائق کیلئے بے حد پر اثر عمل ہے۔

عمل: جب یا جبرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل ۂ حضر وللحب والمسحرات خلق اللہ بحق یا اللہ یا ودود یا بدوح یا اقطاب ہند۔ یہ عمل کشائش رزق کے لئے بھی پڑھا جاتا ہے۔ لیکن تعداد میں اضافہ کرنا ہوگا۔ یعنی بعد از نماز ایک ہزار گیارہ مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھنا ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق کی فراوانی ہوگی۔

محبت اور اپنی محبوبہ کی تسخیر کیلئے

محبوب کیلئے اس سے بہتر عمل تجربہ میں کوئی اور نہ آیا فوراً ہی اثر کرتا ہے بشرطیکہ طلب صادق ہو۔ نیت جائز ہو۔ عمل یہ ہے۔

یا جامع المتفرقین بحق یا بدوح۔

ترکیب: ہر روز بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں پڑھتے وقت محبوب کا تصور رکھیں کہ وہ ہاتھ باندھے سامنے کھڑا ہے۔

برائے محبت و بیقراری محبوب

اس عمل مبارک کو شروع چاند میں کسی مبارک تاریخ سے شروع کریں پہلے دن جو وقت مقرر کریں اسی وقت روز پڑھا کریں۔ ہر روز سات بار یہ عمل پڑھیں اور چالیس دن تک جاری رکھیں انشاء اللہ اس درمیان گوہر مقصود سے دامن بھر جائے گا۔

عمل مبارک: الحمد للہ رب العالمین بستم جاں فلاں بن فلاں رابا جان خویش با فلاں الرحمٰن الرحیم بستم چشمان فلاں بن فلاں راباچشماں خویش با فلاں مالک یوم الدین بستم دہان فلاں بن فلاں بادہان خویش فلاں وایاک نعبد بستم سر فلاں بن فلاں رابا سر خویش با فلاں اہدنا

الصراط المستقیم بستم دستان فلاں بن فلاں را با دستان خویش یا فلاں۔ صراط الذین بستم پائے فلاں بن فلاں را با پائے خویش یا فلاں انعمت علیہم بستم کنود فلاں بن فلاں را با کنود خویش یا فلاں غیر المغضوب علیہم بستم علہائے فلاں بن فلاں با علہائے خویش یا فلاں ولا الضالین بستم سی صد وشصت وشش رگ و چہار صد و چہل و چہار استخواں فلاں بن فلاں را با آہن بستم ہفت اندام فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں بہ ہفت آیت الحمد للہ رب العالمین بستم۔

نوٹ: اگر مندرجہ بالا نقش عمل اپنے لئے پڑھیں تو صرف خویش کہیں اگر دوسرے کیلئے پڑھیں تو فلاں کی جگہ اس کا نام لیں اسی طرح ہر فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں کا نام لیا کریں یہ شرط ضروری ہے۔

محبت کیلئے اکسیری عمل

یہ عمل حب کیلئے اکسیری صفت رکھتا ہے اکثر بزرگان کرام کا مجرب ہے کبھی خطا نہیں جاتا میرا بھی چند مرتبہ کا آزمودہ ہے بالکل موثر اور مجرب ہے۔

عمل: بسم اللہ الذی بیدہ ملکوت کل شیء والیہ ترجعون لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ط

ترکیب: مندرجہ بالا آیت شریف کو شروع چاند میں اتوار کے دن (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کریں۔ اور مطلوب کو کھلائیں۔ اس آیت کی برکت سے محبوب بیقرار ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

محبوب کو مطیع کرنے کے لئے جادو اثر عمل

اگر کسی سنگدل محبوب کو اپنا مطیع اور فرمانبردار بنانا ہو تو اس عمل کو بہ اعتقاد صادق پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد کامیابی ہوگی عمل شریف یہ ہے

ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین

برحمتک یا ارحم الراحمین ط

ترکیب: مندرجہ بالا آیت شریف کو شروع چاند میں جمعرات یا پیر کے دن اعتقاد صادق اور بہ نیت جائز صرف سات مرتبہ پڑھ کر پھولوں پر دم کرے یا شیرینی پر اور پھول یا شیرینی محبوب کو دے۔ انشاء اللہ فوراً کامیابی ہوگی۔

دیگر: اگر کسی سے دوستی یا محبت پیدا کرنا مطلوب ہو تو مندرجہ ذیل نہایت آسان عمل کرے انشاء اللہ فوراً کامیابی ہوگی یہ عمل میرا بارہا کا آزمودہ ہے ہر مرتبہ بہت جلد کامیابی ہوئی ہے۔ کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ رفاہ عام کی غرض سے درج ہے۔ الحکیم

ترکیب: مندرجہ بالا اسم کو شروع چاند میں تو چندی جمعرات سے شروع کرے اور صبح شام بعد نماز پڑھیں اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ایک سو ایک اس اسم اعظم کو پڑھا کریں۔ وقت تلاوت آنکھیں بند کر کے تصور کریں کہ مطلوب سامنے حاضر ہے جب عمل ختم ہو جائے تو تصور میں محبوب کے اوپر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں کامیابی ہوگی۔ اگر اتفاق سے تاخیر ہو جائے تو تین ہفتہ تک عمل جاری رکھیں۔ بددل ہرگز نہ ہوں۔ اعتقاد شرط ہے اگر اس عمل کو سوا لاکھ مرتبہ چالیس دن کے ادائے زکوٰۃ پڑھ لیں تو اس عمل کے عامل ہوں گے۔ اس کے بعد صرف تین روز ہر ایک مقصد کے لئے پڑھنا کافی ہوگا۔ نیت جائز شرط ہے۔ یہ عمل مبارک نہایت موثر و مجرب ہے۔

عطر محبت

محبوب کیلئے مندرجہ ذیل عمل بھی نادر الوجود ہے۔ فوراً۔ ہی اپنا اثر کرتا ہے۔

عمل: سورہ مزمل کو مع گیارہ مرتبہ درود شریف کی گیارہ مرتبہ تلاوت کر کے عطر پر دم کرے۔

اور محبوب کو سنگھائیں فوراً فریفتہ ہوگا۔

تسخیر محبوب کیلئے

اگر کوئی محبوب سنگدل خواہ عورت ہو یا مرد آپ کی طرف متوجہ نہ ہوتا ہو تو یہ عمل کیلئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین روز میں فرمانبردار ہو جائے گا۔

عمل:۔ یاودود

ترکیب: چاہئے کہ پوری پاکیزگی کے ساتھ ایک پیالہ شربت کا تیار کریں اس میں گلاب اور کٹورہ ڈالیں لازم ہے کہ پنجشنبہ کا دن ہو، عصر کے وقت قبلہ رو بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے محبوب کا تصور کریں۔ اور ایک ہزار چار سو مرتبہ اسم اعظم مندرجہ بالا کو گیارہ گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف کے پڑھیں اس کے بعد اس شربت پر دم کریں اور خود پی لیں۔ انشاء اللہ اسی دن مطلوب حاضر ہوگا۔ یا تین یا سات دن تک یہ عمل کریں۔ ضرور کامیابی ہوگی۔

اتفاق واتحاد گروہ کیلئے عمل

اگر کسی گروہ میں لڑائی جھگڑا یا سخت جنگ ہونے کا امکان ہو تو صلح وامن کیلئے مندرجہ ذیل آیت شریف کو ایک صاف کاغذ پر زعفران سے لکھ کر پانی میں دھو کر اس پانی میں کنویں میں ڈال دیں جس سے وہ لوگ پانی پیتے ہوں خدا کے فضل وکرم سے باہمی اتحاد پیدا ہوگا۔ آیت مقدسہ یہ ہے

وجآء من اقص المدينة رجل يسعى قال يا قوم اتبعوا المرسلين اتبعو من لا يسئلكم اجرا وهم مهتدون.

دعائے محبت

اسمائے موکلات کی یہ دعا محبت کیلئے عجیب و مجرب ہے۔ چاہیے کہ چالیس بار شیرینی پر دم کر کے کھلائیں مطلوب اس کے کھاتے ہی فریفتہ و بیقرار ہو جائے گا۔

دُعا: عزمت علیکم یا معشراک رواح وصاحب السر والاسواس الخناس جنود ابلیس خاتم سلیمان داود علیهما السلاد بحق هاروت ماروت هو لازک للعالمین۔

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں دالسما ابدا یہ عمل شروع چاند میں نوچندی جمعرات کو کیا جائے گا۔

نوٹ: اس آیت کی زکوٰۃ اس طرح ادا کریں۔ کہ اتوار کے دن سے شروع کریں اور روزانہ گیارہ بار لکھ کر گولیاں بنا کر دریا میں ڈالا کریں اس طرح سات دن تک کریں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

تسخیر محبوب کیلئے ایک اور موثر عمل

اگر آپ چاہتے ہیں کہ کسی کو اپنا مطیع اور فرمانبردار بنائیں تو چاہیے کہ چودہ دن اسی تسبیح کو ایک سو مرتبہ وقت مقرر کر کے پڑھیں بیحد سریع الاثر ہے تسبیح یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم سبحان الذی دیش خواہاں من کن و الحمد للہ بائش گویائے من و لا الہ الا اللہ چشم دیدہ من کن و اللہ اکبر کوشش یا شنوائے من و لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

ہمہ تن و ہمہ جان فلاں بنت فلاں کو مطیع و فرمانبردار من کن بحق ہذا الکلام آمین

ہدایت: عروج چاند نیک ساعت میں یہ تسبیح مبارک شروع کریں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

تسخیرِ محبوب کیلئے ایک لاجواب عمل

بعد نمازِ عشاء اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر آیت کریمہ ایک سو مرتبہ پڑھیں۔ بیحد پرتاثیر ہے۔ لیکن مرد کیلئے ہرگز نہ پڑھیں عورت کیلئے پڑھیں۔ خصوصاً بیوی کیلئے اکثیر ہے۔ اعظم ہے۔

عمل شروع کرنے سے قبل حضرت پیر دستگیر محبوب سبحان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فاتحہ کچھ شیرینی سامنے رکھ کر دیں یہ عمل ۱۲ دن کریں آیت شریف یہ ہے بہ تستعین اللهم اجعلنی محبوب فی قلبی بحق یا ہدوح یا ہدوح۔ اس عمل شریف کے لئے بزرگانِ دین نے متفقہ فیصلہ کیا ہے کہ تسخیرِ محبوب کے لئے اس سے بہتر تیر بہدف اور اکسیر صفت کوئی دوسرا عمل نہیں ہے۔

دُعائے عقد المحبت

یہ دعائے مبارک ایک سو چودہ سورہ مبارکہ قرآن شریف میں سے اخذ کر کے مرتب کی گئی ہے مقصد محبت کے لئے اس سے زیادہ مجرب شاید ہی کوئی چیز ہو

اکثر صوفیائے کرام نے اس دعائے مبارکہ کی اپنی بیاضوں میں جو اسناد لکھی ہیں۔ وہ بہت کچھ ہیں اور اس دعا کو پڑھنے کی مختلف ترکیبیں درج کی ہیں ان میں سے بعض بہت ہی دشوار ہیں اور بعض سہل ہیں ان تراکیب میں سے ذیل کی ایک ترکیب نہایت سہل ہے، عام شخص فائدہ اٹھا سکے اس کے لئے درج کرتا ہوں۔

جائز محبت پیدا کرنے کیلئے اس دعائے مبارکہ کو چالیس دن تک ہر روز ایک بار بعد نمازِ عشاء پڑھے اگر محبوب کو مصری یا کوئی شیرینی کھلا سکتا ہو تو اس پر دم کر کے رکھ لے اور محبوب کو کھلائے اگر ایسا نہ کر سکتا ہو تو صرف پڑھ لے اور اپنے اوپر دم کر لے کافی ہے۔

دعائے مبارکہ میں ابنائے آدم وبنات حوا کے فقرے بہت ہی جگہ آئے ہیں۔ ان مقامات پر یہ خیال رکھنا چاہئے۔ کہ دعائے مبارکہ اگر کسی فرد کیلئے پڑھی جارہی ہے۔ تو صرف ان کا نام لینا چاہئے۔ اور آبنائے آدم وبنات حوا کا فقرہ ترک کر دینا چاہئے۔ اور اگر خلائق تسخیر یعنی بہت سے افراد کے لئے دعائے مبارکہ کی تلاوت کی جارہی ہے۔ تو فقرہ مندرجہ ہی تلاوت کرنا چاہئے۔ یہ دعائے مبارکہ تسخیر خلائق کیلئے بھی عجیب وغریب چیز ہے اس مقصد کیلئے بھی بعد نماز عشاء صرف ایک بار تلاوت کرنا چاہئے۔

بعض صوفیائے کرام نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ زندگی میں صرف ایک بار اس کی تلاوت تسخیر خلائق کے لئے کافی ہے۔ لیکن بیشتر عاملین کا کاملین اس پر متفق ہیں۔ کہ اس کی تلاوت متواتر رکھنا سودمند ہے مجھے بھی ان سے ہی اتفاق ہے۔ دعائے مبارکہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

الذین ینفقون فی السرء والضراء والکاظمین الغیظ والعارفین عن الناس ط واللہ یحب المحسنین والذین اذ فعلو فاحشۃ او ظلمو انفسھم ذکر اللہ فاستغفر لہ فیھم ومن یغفر لذنوب الا اللہ قف ولہ یصر وعلی مافعلو وھم یعلمون. ط اولئک جزائو ھم مغفرۃ من ربھم وجنت تجری من تحتھا النھر خالدین فیھا ونعم اجر عاملین.

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد یا اللہ یارحمن یارحیم یاحی یاقیوم اللھم سخرلی فلاں ابن فلاں یاابنائے آدم یا بنات حوا اللھم صل علی سیدنا محمد یا اللہ یارحمن یا حی یا قیوم اللھم سخرلی من فی السموات والارض سخرلی بمھر دومتی من بافلاں بن فلاں اللھم صل علی سیدنا محمد وجعلہ علی رئوفا رحیما محبا بحق یا اللہ یارحمن یارحیم اللھم صل

علی سیدنا محمد وبارک وسلم یارب

بحرمت آں نام کہ درانجیل نوشتہ یارب۔ بحرمت جمیع اسمہائے عظام واسماء الحسنیٰ وآیات الکبریٰ وبحرمت سیدنا علی مرتضیٰ وبحرمت سیدۃ النساء فاطمۃ الزہراو بحرمت سیدنا علی مرتضیٰ وامام حسن المجتبیٰ وبحرمت سیدنا حسین شہید کربلا و بحرمت حضور سیدنا غوث الاعظم قطب الاقطاب البری یا مقلب القلوب والابصار لین وعلی قلوب ابنائے آدم وبنات حواہا الرحمتہ والرافۃ اللھم سخرلی ابنائے آدم وبنات حواہا رئوف برحمتک یاارحم الراحمین ط

عمل سورہ اخلاص برائے تسخیر محبوب

تسخیر محبوب کیلئے ذیل کا عمل مجرب ہے۔ عروج ماہ میں پڑھیں یقیناً کامیابی ہوگی۔ عمل یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

قل ھو اللہ احد یاجبرئیل یااسرافیل اللہ الصمد یامیکائیل لم یلد یامیکائیل ولم یولد یاعزرائیل ولم یکن لہ رقعہائیل کفوا احد یاہدح اھیا اشرا ھیا یا عطوف یااشرفائیل یاھمواکیل۔ فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں بے قرار و بے آرام شدہ باید یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئا اللہ۔

ترکیب: ۳۱ دانے کالی مرچوں کے لے کر ہر دانے پر پہلے دن تین تین بار یہ عمل پڑھے۔ دوسرے دن ۵-۵ بار۔ تیسرے دن ۷ سات بار ہر دانے پر پڑھے ہر روز کوئلے کی آگ میں وہ دم شدہ کالی مرچیں جلادیا کریں۔ یہ عمل سات یا اکیس دن میں اپنا اثر دکھائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصہ میں کامیابی ہوگی۔

تسخیر خلائق کیلئے مجرب عمل

تسخیر خلائق کیلئے عروج ماہ میں با اعتقاد صادق اس عمل کو پڑھیں انشاء اللہ حیرتناک کامیابی ہوگی۔

عمل: اجب یاجبرائیل یا وردائیل یا رافتمائیل یا تنکفیل احضر والحب والمسخرات خلق اللہ لی بحق یا اللہ یاھو یا ودود یابلوح یااقطاب ھند۔

ترکیب: ۲۱۱ مرتبہ بعد نماز عشاء ہرروز اس کی تلاوت کیا کریں۔

عمل تلاوت آیۃ الکرسی برائے محبت

نماز فرض کے بعد آیت الکرسی شریف کی اس طرح تلاوت کرائے کہ آیت الکرسی شریف کے دس کلموں پر دسوں انگلیوں کو بند کرے شروع دائیں چھنگلی سے کرکے بائیں انگوٹھے پر ختم کرو۔ اور یشفع عندہ کے دو عینوں کے درمیان حاجات یعنی مثل حب یا ترقی مراتب ومناسب وغیرہ دل میں لائے اور لیعلم مابین ایدیھم کے دو میموں کے درمیان حاجات قہر یعنی بربادی اعداد ظلم ظالمان وغیرہ کا خیال کریں
جب انگلیاں بند کر چکے تو سورہ الم نشرح قل ہو اللہ اور درود شریف تین تین بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکے پھر ایک بار الحمد مع بسم اللہ شریف و آمین پڑھ کر ایک ایک انگلی کھولتا جائے۔
جب دس بار پڑھ کر دسوں انگلیاں کھول چکے ہاتھ پر پھونک مار کر تمام اعضاء پر مل لے۔
یہ عمل نہایت سریع الاثر اور مجرب ہے۔ بحکم خدا مقصد فوراً پورا ہوتا ہے۔ اکثر بار کا آزمودہ ہے۔ کبھی خطا نہیں کرتا ہے۔

تسخیر کیلئے

یارحیم کل حریخ ومکوب وغیاثہ ومعادہ یہ اسم پاک جمالی ہے اگر کوئی شخص تسخیر ارواح وقلوب خلائق کے جمیع خلائق کے لئے جو آسمان وزمین پر ہیں۔ اسم پاک کی تلاوت کریں انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوں گے۔ اکثر مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

ترکیب: چالیس دن تک متواتر سات ہزار بار پڑھے تمام روحانیات عالم علوی وساکنان سفلی اس کی طرف متوجہ ہوں۔ اور اس کے مددگار ہوں اس دعوت کا نام دعوت رحیمی ہے۔
اس کی ایک دوسری ترکیب بھی ہے یعنی اگر کوئی آدمی ہر روز تین سو ساٹھ بار اس اسم پاک کو پڑھے گا۔ اور اول و آخر ہر سینکڑہ تین بار درود شریف پڑھے گا۔ اگر قید ہو گا رہائی ملے گی۔ قرضدار ہو گا سبکدوشی ہو گی مریض شفا پائے فقیر تو نگر ہو گا۔ گمراہ ہدایت پائے گا۔ اگر دریا یا جنگل میں ہو گا تو غرق ہونے یا ہلاک ہونے سے محفوظ رہے گا۔ مسافر اپنے وطن سے دور پڑا ہو گا اپنے گھر واپس آئے گا۔ اگر کسی کا باطن خراب ہو گا۔ جمعیت خاطر انصیب ہو گی۔ اور لذات حضوری سے مسرور ہو گا۔ غرض ہر حاجت پوری ہو گی۔ ہر مقصد میں کامیابی ہو گی اس عمل شریف کیلئے بعد نماز عشاء تنہائی میں بیٹھ کر پڑھنا ضروری ہے۔

بے نظیر عمل محبت

یحبھم ویحبونہ ط اذلۃ علی المومنین اعزۃ علی الکفرین ط اگر صرف ایک ہی مرتبہ یہ عمل کرنا ہو تو گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور ریوڑھیوں پر پڑھ کر اپنے مطلوب کو کھلا دے مطیع وفرمانبردار ہو جائے گا ورنہ سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کرے پھر کسی کیلئے پڑھنا ہو مع نام طالب ومطلوب کے اور ابن وبنت کے اکتالیس بار پڑھ کر ریوڑھیوں پر دم کرے اور محبوب کو کھلائے ریوڑھیوں کی جفت رکھیں طاق ہرگز نہ ہوں تعداد میں خواہ کتنی ہوں وقت کی کوئی قید نہیں بیحد مجرب عمل ہے۔

محبت کیلئے تعویذات

ملاپ کا تعویذ

ہولی کی رات میں جب لکڑیوں میں آگ لگے تو آگ کے پاس بیٹھ کر یہ آیت پڑھنا شروع کرو۔ اور ایک بڑے کاغذ پر لکھتے جاؤ۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین (بس اسی قدر پڑھیں) ہر آیت اس قدر فرق یعنی فاصلہ دے کر لکھو کہ ہر آیت کاٹ کر الگ کر سکو۔ ہر آیت کے نیچے بھی جگہ چھوڑتے جاؤ پڑھنے لکھنے کی کوئی تعداد نہیں ہے۔ جب نیند آنے لگے۔ تو پڑھنا اور لکھنا بند کرو۔ جب دو شخصوں کے درمیان رنجش دور کر کے میل ملاپ کرانا ہو تو ایک آیت کو کاٹ کر اس کے نیچے دونوں کے نام مع والدہ کے لکھ کر موم جامہ کر کے طالب قمیض میں اندر کی جانب جہاں بٹن ہوتے ہیں۔ سلوالے قمیض بدلنا ہو تو اسی طرح دوسرے قمیض میں سلوا لینا چاہئے۔ تعویذ میں نام طالب والدہ پہلے اور نام مطلوب مع والدہ بعد میں لکھا جائے۔

طالب اس تعویذ کو اپنے پاس رکھ کر مطلوب کے سامنے بار بار جاتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دلی مطلب ضرور بر آئے گا۔

محبت کیلئے اکسیری تعویذ

ذیل میں دو نقش ہیں۔ ان میں سے نمبر ایک کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں جہاں مناسب ہو۔ دوسرا نقش مطلوب کو پانی میں چائے یا شربت میں گھول کر پلائیں۔ یعنی نقش صاف ہو جائے۔ تو کاغذ کو پھینک دیں جو عبارت نقش کے نیچے تحریر ہے۔ وہ بھی لکھیں۔ نقش اول کے نیچے طالب اپنا نام لکھے۔ جائز جگہ پر کام میں لیں۔ اگر جگہ ایسی ہے کہ آپ کوئی پلا نہیں سکتے تو اس عمل کو نہ کریں۔ نقش جمعرات یا جمعہ کے دن سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک لکھنا ہو گا۔ تاریخ کی کوئی قید نہیں۔

نقش دوسرے صفحہ پر دیے گئے ہیں۔

٧٨٦

١٥	٢١	٢٧	١
٢٥	٣	١٣	٢٣
٢٥	٢١	١٧	١١
١٩	٩	٧	٢٤

نام طالب عبد نعیم کحب اللہ

٧٨٦

١٦	٢٣	٢٨	٢
٢٦	٣	١٢	٢٤
٦	٢٣	١٨	١٢
٢٠	١١	٨	٣٠

نام مطلوب اللّٰھم سخر کما سخرت لمحمد یدلداؤد علیہ السلام

تعویذ محبت یا تسخیر اعظم کا نایاب عمل

تسخیر اسم اعظم ہے اور جس طرح اکسیر کیمیا نادر الوجود ہے اسی طرح تسخیر بھی عنقا ہے تسخیر کا عمل کرنا ہر ایک کا کام نہیں ہاں اگر میاں بیوی میں کدورت ہو گئی ہو یا کوئی عزیز دوست ناراض ہو گیا ہو تو یا کوئی کام کسی سے لینا ہے بشرطیکہ یہ کام خلاف شرع نہ ہو تو تسخیر کا عمل کرنا چاہئے۔ اس بارے میں ذیل کا عمل بہت مجرب ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ جس دن نیا چاند دیکھے اسی دن دس منٹ کے وقت میں یہ عمل کرنا چاہئے۔ پہلی تاریخ کا چاند تھوڑی دیر رہتا ہے اگر چاند غروب ہو گیا تو پھر عمل کا وقت جاتا رہے گا دوسرے مہینہ کرنا ہوگا۔ پہلی رات کا چاند غروب نہ ہو۔ اس وقت تک عمل کرنا چاہئے۔

ترکیب: زعفران یا ہلدی پیس کر اس کی روشنائی بنا کر یہ نقش سفید کاغذ پر ١٣ عدد تحریر کریں اور اپنے پاس رکھیں۔ دوسرے دن سے روزانہ ایک نقش پر اس شخص کا نام لکھ کر دریا، نہر یا کنویں میں آٹے کی گولی بنا کر ڈالیں۔ خدا چاہے تو اس درمیان وہ شخص مہربان ہو جائے گا۔ کل ٣٣ نقش لکھنا ہیں۔ اگر ٧۔ ٨۔ ٩ نقش لکھ لئے ہیں۔ اور چاند غروب ہو گیا تو کوئی نقصان نہیں ہے لیکن دو۔ تین یا چار پانچ لکھے ہیں۔ اور چاند غروب ہو گیا تو پھر یہ نقش کام نہ دے گا۔ ذہنمیں تیرہ نقوش کی لکیریں کھینچ کر اور ان پر بسم اللہ شریف کے عدد لکھ کر رکھیں وقت پر صرف نقش بھر لیں۔ تاکہ جلد از جلد لکھ لیں۔ مطلوب کا نام پانی میں ڈالتے وقت لکھا کریں۔

نقش یہ ہے۔

۱۲۲	لن	یاودود
ک	ف	ت
ط	ش	ذ

بیوی کو مطیع کرنے کیلئے

اگر میاں بیوی کیلئے کوئی اکسیر الخواص عمل ہو سکتا ہے۔ تو صرف یہی عمل ہے۔ چاہئے کہ اگر شوہر بیوی کے درمیان خاطر خواہ محبت نہ ہو۔ بیوی ہر وقت اپنے شوہر سے بدظن اور کشیدہ رہتی ہو تو مندرجہ ذیل نقش آناً فاناً حالات میں انقلاب پیدا کر دیتا ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

ترکیب: اس نقش مکرم کو ساعت سعید میں لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں بیوی مطیع و فرمانبردار ہو جائے گی۔ باہمی کشیدگی جاتی رہے گی۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۳۱۶۴۷	۳۱۶۴۸۴	۳۱۶۴۸۱	۳۱۶۴۷۸
۳۱۶۴۸۲	۳۱۶۴۷۷	۳۱۶۴۷۱	۳۱۶۴۸۳
۳۱۶۴۷۶	۳۱۶۴۷۹	۳۱۶۴۶۴	۳۱۶۴۷۲
۳۱۶۴۸۵	۳۱۶۴۷۳	۳۱۶۴۷۵	۳۱۶۴۸۰

سریع الاثر کثیر المنفعت نقش محبت

مندرجہ ذیل نقش محبت ایک بافیض بزرگ کا عطیہ خاص ہے انہوں نے اپنی بیاض خاص میں طویل اسناد کے ساتھ درج کر کے مخفی رکھا تھا راقم الحروف کو اپنی عنایت خاص سے مرحمت فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا اس عظیم الاثر نقش کو نہایت احتیاط سے رکھنا اور انتہائی مجبوری میں اہل حاجت کے لئے اس کو کام میں لانا اس نقش کی تاثیر معجز نما ہے اکثر مرتبہ کا آزمودہ ہے

محبوب کتنا ہی سنگدل ہو نفرت کرنے والا ہو۔ اس کی برکت سے فی الفور اس کا دل موم ہو کر پگھلنے لگے گا۔ اور بےچین و بیقرار ہو کر طالب کے قدموں پر جھک جائے گا۔ راہ میں اگر پہاڑ ہوں کانٹے یا دریا ہوں کوئی شے اس کو روک نہیں سکتی۔ مگر طالب کی نیت بخیر ہو۔ طلب جائز ہو۔ اس کا ضرور خیال رکھنا چاہئے۔

مندرجہ بالا ارشاد کے ساتھ افادہ عام کی غرض سے اس نقش متبرک کو درج کر رہا ہوں۔ محبت کیلئے اس نقش کو لکھ کر فیتہ بنا کر کورے سکورے میں روغن کنجد ڈال کر پاک جگہ میں دفن کرے اور منہ چراغ کا مطلوب کے خانہ کی طرف ہو جب چراغ گل ہو جائے تو فاتحہ شیرنی پر حضرت محبوب سبحانی اور شاہ عبدالواحد اور شاہ

برائے تسخیر مطلوب

اسماء حسنی میں سے اگر اسم الٰہی کا حرف اول آپ کے اپنے نام یا مقصد کے حرف اول کے مطابق مل جائے تو تاثیر کئی گناہ بڑھ جاتی ہے اور کام جلد ہو جاتا ہے۔

کسی سے جائز کام نکلوانا

اگر کسی کو کسی سے کوئی جائز کام ہو اور انکاری کی صورت بن رہی ہو یا انکار ہو چکا ہو تو اس عمل کو کرے اللہ کے حکم سے جس کسی نے بھی انکار کیا ہوگا وہ اللہ کے حکم سے دوبارہ پھر اس کام کو کرنے کی حامی بھرے گا۔ ایک عدد سرخ ریشمی رومال لے کر اس کو صندل جلا کر اس کی دھونی اس رومال کو دے اور جب دھونی دینے والا عمل شروع کرے تو خود (بسم اللہ الرحمن الرحیم کھیعص ذکر رحمت ربک عبدہ زکریا) کو (2304) مرتبہ پڑھے

جب تعداد ختم ہو جائے تو اس پر اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اس کے نیچے اپنا مختصر سا مقصد بھی لکھے اور اسے اپنے پاس رکھ کر جس سے کام ہو اس کے پاس جائے اللہ کے حکم سے وہ بھی بھی انکار نہیں کر سکے گا دیر سویر چاہے ہی ہو جائے لیکن انکار نہیں ہو گا کوشش یہی کرنی چاہیے کہ اس عمل کو اس آدمی کے پاس جانے سے پہلے ہی کیا جائے تاکہ شک کی کوئی بنیاد نہ رہے اس عمل کو حب کے کام میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے مثلاً اگر دو میاں بیوی ہوں اور ان کی آپس میں صلح و اتفاق نہ ہوتا ہو تو بھی اسی عمل کو کیا جائے اور اس رومال کو دونوں میں سے کوئی بھی اپنے شوہر یا بیوی کا نام لکھ کر اپنے پاس رکھ لے۔ یا کوئی طالب جائز مقصد کی خاطر اپنے محبوب کا نام لکھ کر اسے استعمال کرے۔

بسم اللہ شریف کا عربی نقش

اس نقش میں مقصد کا سو فیصدی کامیاب نتیجہ پایا جاتا ہے۔ اس لئے اس کی ابتدا بسم اللہ الرحمن الرحیم سے کی جاتی ہے یہ بسم اللہ شریف کا عربی نقش ہے اور اس کے بے پناہ فوائد ہیں لیکن جب تک اس کی زکوۃ نہ ادا کی جائے تب تک مقصد پورا نہیں ہو گا۔ زکوۃ اس نقش کی چالیس دنوں تک چالیس عدد نقش زعفران سے لکھے اور انہیں آٹے میں بند کر کے گولیاں بنائے اور

دریا یا تالاب میں مچھلیوں کو ڈالے چالیس دنوں تک اس نقش کا عامل بن جائے گا پھر جس کسی بھی مقصد کی خاطر اس نقش کو لکھ کر استعمال کرے گا اسی وقت اثر ظاہر ہوگا اور کام فوراً ہو جائے گا۔ اگر کوئی ملک سے باہر چلا جائے یا کوئی مفرور ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے ایک قفل میں بند کر کے ہوا میں لٹکائے تاکہ یہ ہوا سے ہلے مفرور یا ملک سے باہر گیا ہوا فرد تین دنوں کے اندر واپس آئے گا۔ اگر کوئی بہت سخت بیماری یا تکلیف میں مبتلا ہو تو اس نقش کو روزانہ صبح چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھے اور گلاب کے عرق سے دھو کر پئے اس عمل کو ست دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے بڑی سے بڑی بیماری کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی سفر میں جانے سے پہلے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ کر جائے تو اسے سفر میں کوئی بھی تکلیف یا رنج نہیں ہوگا اور جیسے صحیح سلامت جائے گا اسی طرح واپس آئے گا۔ اگر کسی سے محبت قائم کرنی ہو تو اس نقش کو کبوتر کے خون سے لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور نام مع والدہ اپنے محبوب کا لکھے محبوب تابعداری قبول کرے گا اور تیا دوست بن جائے اس عمل کو ایسے زن و شوہر بھی کر سکتے ہیں جن کا آپس میں اتفاق نہ ہو۔

طریق ختم سورۃ فاتحہ

پہلے وضو کرے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ آئمہ طاہرین علیہم السلام کیلئے سورہ فاتحہ پڑھے اور اپنی حاجت طلب کرے۔ اس کے بعد۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر الرحمن الرحیم۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر یارؤف یاعطوف۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر مالک یوم الدین۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر یا عالم السرائر یا مقلب القلوب۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر یا سریع یاقریب۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر اھدنا الصراط المستقیم۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر یا قادر یامقتدر۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر صراط الذین انعمت علیھم۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر یاحکیم یا علیم۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر غیر المغضوب علیھم ولا الضالین۔ سات مرتبہ پڑھے۔

پھر یا قاھر یاعزیز۔ سات مرتبہ پڑھے۔

اس کے بعد دس مرتبہ سورۃ فاتحہ کی تلاوت کرے کہ یہ مجرب طریقہ ہے۔

اللھم صل علی محمد و آل محمد۔

عجیب نقش سورۃ الرحمٰن

دنیا کا کوئی بھی ایسا انسان جو زندگی میں اپنی مراد کو نہ پہنچتا ہو یا کوئی ایسا کام ہو جو اس کا پورا نہ ہوتا ہو تو اللہ کی کامل رحمت پر یقین رکھتے ہوئے آگے درج نقش کو سوا لاکھ کی تعداد میں خود اپنے ہاتھوں سے لکھے اور اسے آٹے میں بند کر کے مچھلیوں کو ڈالے اور اس کا اثر خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لے اگر کوئی ایسا نہ کر سکے تو دریا پر جا کر مچھلیوں کو گوندھا ہوا آٹا ڈالے اور گھر آ کر اس نقش کو تیار کر کے اپنے گلے میں باندھے اور جب نماز یا قرآن کی تلاوت کرے تو اس نقش کو اپنے سجدے کی جگہ رکھ دیا کرے۔ بے روزگار افراد تو چندے اتوار والے دن اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھیں بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا اور کوئی کام ضرور مل جائے گا۔ غیب سے رزق و روزی کی فراخی کیلئے اس نقش کو بارہ ربیع الاول والے دن اور رات بارہ بجے تک جتنے مرضی ایک ہی جلسے میں لکھ کر رکھ لے اور جس کو استعمال کرنے کیلئے دیگا یا خود استعمال کرے گا تو جیب نوٹوں سے خالی نہیں رہے گی اور نہ ہی کوئی مشکل مصیبت اچانک نمودار ہوگی۔ حل المصائب اور مشکلات کے خاتمے کیلئے اس نقش کو چندی جمعرات والے دن بعد نماز عشاء زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اس پر اکیس مرتبہ اعتصام اختتام کے ساتھ سورۃ الرحمٰن شریف پڑھ کر دم کرے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اگر ہو سکے تو دو نقش درج کرے ایک کو گھر یا کاروباری مقام پر ضرور لگائے۔ دنیاوی ہر مصیبت و مشکل کے خاتمے کیلئے اس نقش کو ضرور زعفران سے نیلے رنگ سے چھٹکارہ دلوائے گا۔ اپنی من پسند جگہ شادی کرنے کیلئے اس نقش کو محبوب کا نام مع والدہ اور اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے پاس رکھے اور سورۃ کو تلاوت کرے۔

الرحمن
فبای الاء
ربکما
تکذبن
الرحمن
علم القرآن
خلق الانسان
علمه البیان

طاقت نقش سورۃ الرحمٰن

امتحان میں کامیابی کیلئے اس نقش کو ایک دن میں سارا دن زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر دھو کر پیتا جائے اور رات کو دوسرے نقش کو لکھ کر اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے امید ہے کہ جو مضمون ہوں گے ان کے متعلق خبر گیری ہوگی۔ پیدائش کے دنوں میں بچے اور ماں دونوں کو روحانی و جسمانی بیماریوں سے نجات دلوانے کیلئے اس نقش کو مسجد میں بعد نماز فجر لکھے اور اس حاملہ کا نام مع والدہ لکھ کر گلے میں پہننے کو دے بعد پیدائش کے اسی نقش کو بچے کے گلے میں پہنا دے ماں و بچہ دونوں سلامتی و امن میں رہیں گے۔ ناجائز قبضہ یا کسی سے مکان و دکان خالی کروانے کیلئے نقش کو لکھ کر اس کے ارد گرد اپنا مقصد لکھے اور اسے کسی بزرگ کے مزار پر باندھ کر گھر آ جائے تین دنوں کے بعد اس مزار پر جا کر کسی میٹھی شے کو بانٹ دے کیا ہوگا وہ خود سامنے آ جائے گا۔ منسوخی تبادلہ کیلئے اس نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے پاس رکھے اور سورۃ رحمٰن شریف کو اعتصام و اختتام کے ساتھ پڑھے۔ حل المشکلات کیلئے اس نقس کو کاروباری مقام اور اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر شیشے کے فریم میں لگا کر لٹکائے۔ سحر زدہ یا جادو میں مبتلا افراد کی مکمل روک تھام کیلئے اس نقس کو دھو کر پلائے اور اس کو گلے میں بھی باندھے۔ مقدمے میں فتح حاصل کرنے اور اپنے دشمنوں کو سرنگوں کرنے کیلئے نقش کو لکھ کر چاندی کے تعویذ میں محفوظ کروا کر اپنے گلے میں باندھ کر حاکم یا جج کے سامنے پیش ہو وہ صلہ رحمی سے پیش آئے

گا۔اور فتح مندی میں استعمال کرنے والے افراد دنیاوی ہر معاملے میں کامیاب ہوں گے اور ان کے وسیلے بنتے ہی جائیں گے۔

نقش الانسان

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو اس نقش کو [illegible] اور چوکور [illegible] پر [illegible] جو عدد طالب و مطلوب کے اور ان کی ماؤں کے نام ہوں ان عددوں کو نقش کے اردگرد لکھے اور اپنے پاس رکھے اللہ کے حکم سے جس کیلئے بھی اس نقش کو اپنے پاس رکھا جائے گا وہ مسخر ہوگا۔ اگر کوئی بھی اس نقش کو ہر طرح کی فتوحات کیلئے مکان کے چاروں کونوں میں شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر لگائے تو بہت فتوحات ہوں گی اس کے علاوہ اور بھی بہت سے خواص ہیں جو یہاں بیان نہیں ہو سکتے۔ یہ ایسا سریع التاثیر نقش ہے جس کی بدولت کوئی بھی اگر کسی سے دوستی کرنا چاہتا ہوگا تو دوستی ہوگی۔ کسی سے محبت قائم کرنی ہوگی تو محبت قائم ہوگی اگر کسی مسافر یا کسی بھی اپنے کو بلانا ہوگا تو واپس آئے گا اس نقش کو اگر کسی مرد کے کیلئے عمل کرنا ہو تو بکرے کے دل میں رکھ کر اسے قبرستان میں دفن کرے اگر کسی عورت کے متعلق عمل کرنا ہو تو بکری کے دل میں رکھ کر قبرستان میں دفن کرے اسی طرح اس کا ایک ہی عمل رہے گا اور مقصد کئی ہوں گے۔ اگر کسی افسر کا دل موم کرنا ہو تو اسی عمل کو جو کوئی بھی کرے گا اس افسر کا دل موم ہوگا اور وہ

جو بھی جائز خواہشات ہوں گی وہ پوری کرنے میں مدد کرے گا۔اس عمل کو کوئی کسی کو مسخر کرنے کی خاطر بھی کر سکتا ہے اگر کوئی فوجداری یا مقدمے میں پھنس گیا ہو تو اس عمل کو اس جج یا حاکم کے نام سے کرے جس کے ہاتھ میں فیصلہ ہو اس کا دل نرم ہو گا۔

فبای الاء ربکما تکذبن

من	الانسان	خلق
صلصال	من	الانسان
کالفخار	فلاں بن فلاں	من

فبای الاء ربکما تکذبن

نقش النار

اگر کسی کا محبوب محبت نہ کرتا ہو تو اس نقش کو کورے چراغ میں کالی سیاہی سے لکھے اور اس میں کوئی خوشبودار تیل ڈال کر جلائے اور اس کا رخ خانہ محبوب کی طرف رکھے اور خود اس آیت کو اپنے محبوب کے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر جلتے ہوئے چراغ پر اس طریقے سے پھونکے مارے جس سے چراغ نہ بجھے اس عمل کو مسلسل کیا جائے محبوب مطیع وفرمانبردار ہو گا اور طالب سے زیادہ سے زیادہ پیار و محبت کرے گا اور اس عمل کی بدولت پیار و محبت کے معاملے میں جس کسی بھی نوعیت کی رکاوٹ ہو گی۔اس کا خاتمہ ہو گا۔یاد رہے کہ اس عمل کو جائز جگہ استعمال کرنا چاہئے ورنہ گناہ ہوتا ہے۔اگر کسی کا محبوب کہیں چلا گیا ہو تو اس نقش کو ہرن کی کھال پر کالی روشنائی سے لکھے اور اس میں جہاں محبوب کا نام لکھا ہو وہاں ایک سوئی چبھو دے اور روز اس نقش کو کھول کر نقش والی آیت کو اس پر محبوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے محبوب جہاں بھی ہو گا چند دنوں کے اندر حاضر ہو گا اگر محبوب حاضر ہو جائے تو اس نقش کو لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے محبوب کبھی جدا نہیں ہو گا۔اگر کوئی کہیں بھاگ گیا ہو اور واپس نہ آتا

ہوتو ایک عدد قفل لاکر اس پر سات سو مرتبہ اسی آیت کو پڑھے ہر سو کے بعد بھاگے ہوئے کا نام لے اور اس قفل پر دم کر کے اسے ہوا میں اس طریقے سے پھینکے کہ لوٹ کر واپس آئے چند دنوں کے اندر مفرور واپس آ جائے گا۔

فبای الاء ربکما تکذبن

وخلق	الجان	من
الجان	من	مارج
من	فلاں بن فلاں	من نار

نقش الذات

اگر کسی بدکردار یا عامل نے کسی کے رزق کی کمی والا عمل یا کوئی سفلی اعمال کیے ہوں تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے رزق میں کمی نہیں ہوگی اگر ہو سکے تو ایک عدد زائد لکھ کر اسے اپنے کاروباری مقام پر لگائے اللہ کے حکم سے رزق فراخ ہوگا۔ اگر کوئی بار بار گھر سے بھاگ جاتا ہو یا کوئی مفرور ہو یا کسی کا کوئی غلام یا اپنا ہی کوئی سامان چرا کر بھاگ گیا ہو تو اس نقش کو تین دنوں تک تین مرتبہ لکھے اور اس کا نام مع والدہ لکھ کر دریا یا نہر میں ڈال دیا کرے اور گھر آ کر اسی آیت کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھے اللہ کی رحمت ہو جائے گی۔ بچوں میں ایک مرض جموگہ ہوتا ہے۔ اس سے ہمیشہ کیلئے محفوظ رہنے اور حمل سے لے کر پیدائش تک اس نقش کو بعد پیدائش کے فوراً بچے کے گلے میں پہنا دیا جائے بچہ تمام اقسام کے جملہ امراض سے محفوظ رہے گا۔ کسی کے خواب کو باندھنے کیلئے یعنی اس کی خواب بندی کرنے کیلئے اس نقش کو لوہے کے پتر سے پر لکھ کر اپنا نام مع والدہ اور جس کے خواب کو باندھنا ہے اس نام مع والدہ لکھ کر اس کے گرد اس مرد یا عورت کے چند بال لے کر بند کر کے آگ کے پاس

دفن کیا جائے اس کو نیند نہیں آئے گی۔ اس عمل کو نہایت جائز جگہ استعمال کریں۔ کیونکہ اس عمل کی بدولت کسی کو بھی نیند نہیں آتی۔

فبای الاء ربکما تکذبٰن

فبای	فی کبد	و تنخنی
فی کبد	التخنی	ذات
تنخنی	ذات	الا کمد

فبای الاء ربکما تکذبٰن

۱

نقش الحب

حب پیار محبت نئی دوستی کرنے اور پہلے سے موجود رکاوٹوں کے خاتمے اور اس مقصد کیلئے اس نقش کو ایک ہفتہ میں نو سو تک لکھیے اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالے ہر روز ازمیں نقش بنیں گے محبوب بے قرار ہوگا اور مطلوب نے زیادہ محبت کرے گا۔ اس عمل کو ایسے افراد کیلئے کریں جو ملک سے دور رہتے ہوں۔ اور محبت کرنے پر مائل نہ ہوتے ہوں اس نقش کو آٹے میں بند کر کے مچھلیوں کو کھلایا بھی جائے اور خود بھی اپنے پاس اس کا نام مع والدہ لکھ کر رکھا جائے اور محبوب یا جس سے دوستی کرنی ہے۔ اس کا کامل تصور باندھ کر اس آیت کو پڑھا جائے۔ اگر کسی کی زبان ناجائز چلتی ہو اور اس کی زبان سے دوسرے الجھن محسوس کرتے ہوں تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنی ٹوپی کے نیچے رکھے تمام بدگو افراد کی زبان بند ہوگی۔ اگر ان کا نام مع والدہ لکھ لیا جائے تو زیادہ اثر پیدا ہوگا۔ اس نقش کا بار بار تجربہ کیا جا چکا ہے اور ہر مرتبہ کامیابی ملی ہے اس لئے اگر کوئی بھاگ گیا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اس بھاگنے والے کا نام لکھ کر وزنی پتھر کے نیچے دبائے اللہ کے حکم سے چند دنوں کے اندر حاضر ہو گا۔ اسی عمل کو محبوب کو واپس بلانے کیلئے بھی کیا جا سکتا ہے۔

فبای الاء ربکما تکذبن

و الحب	ذو العصف	و الریحان
و الریحان	و الحب	ذو العصف
و العصف	الریحان	و الحب
و الحب	و العصف	الریحان

فبای الاء ربکما تکذبن

ہر مشکل اور حاجت کیلئے

جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو بارہ ہزار مرتبہ اس طرح پڑھے کہ ہر ہزار پورا کرنے کے بعد درود شریف کم از کم ایک مرتبہ ضرور پڑھے اور اپنے اور اپنے مقاصد کے لئے دُعا کرے پھر ایک ہزار کے بعد دعا کرے۔ اسی طرح بارہ ہزار کی تعداد پوری کرے۔ انشاء اللہ ہر مشکل آسان ہوگی اور ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔

مقصد میں کامیابی کے لئے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ۷۸۶ اعداد ہیں جو شخص ۷۸۶ مرتبہ لگاتار سات روز پڑھے اور اپنے مقصد کی دُعا کرے۔ انشاء اللہ وہ مقصد پورا ہوگا۔

تسخیر قلب کیلئے: جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ۶۰۰ (چھ سو) مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت و عظمت ہوگی اور کوئی اس سے بدسلوکی نہ کر سکے گا۔

آفات و بلیات سے حفاظت کیلئے: جو شخص محرم کی پہلی تاریخ کو ایک سو تیرہ مرتبہ (۱۱۳) پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ انشاء اللہ جملہ آفات و مصائب سے محفوظ رہے گا مجرب ہے۔

چوری اور شیطانی اثرات سے حفاظت: سونے سے پہلے اکیس مرتبہ پوری بسم

اللہ الرحمٰن الرحیم ط پڑھے تو چوری اور شیطانی اثرات سے اور اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔

حافظہ تیز ہونے کیلئے: سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پانی پر دم کرکے طلوع آفتاب کے وقت پئے تو ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو جائے۔

حب کیلئے: سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پانی پر دم کرکے جس کو پلائے اس کو گہری محبت ہو جائے (ناجائز کاموں میں استعمال سے وبال کا خطرہ ہے)

حفاظت اولاد کیلئے: جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط اکسٹھ (۶۱) مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ بچے محفوظ رہیں گے۔

حکام کیلئے: ایک کاغذ پر ۵۰۰ مرتبہ پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھے اور اس پر ڈیڑھ سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر اس تعویذ کو اپنے پاس رکھے تو حکام مہربان ہو جائیں اور ظالم کے شر سے محفوظ رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

دردسر کے لئے: پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اکیس مرتبہ لکھ کر درد والے کے گلے یا سر میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ درد بند ہو جائے گا۔

حاجت روائی کیلئے: جو شخص صبح و شام یہ دعا لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین۔ سات مرتبہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام کاموں اور فکروں کا کفیل ہو جائے گا۔ اور اس کی تمام حاجتیں پوری اور مشکلات آسان ہو جائیں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

لوح محبت

مندرجہ ذیل لوح محبت لکھ کر پاس رکھیں اس کے علاوہ رات کو سونے سے پہلے عمل کر کے سو جائیں کسی سے بات نہیں کرنی ہے عمل یہ ہے یا عزیز یا ودود یا بدوح علی حب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں العجل الساعۃ الوحا۔ پہلے اپنا نام بمعہ والدہ علی الحب کے بعد مطلوب کا نام بمعہ والدہ پڑھنا ہے۔ روزانہ پانچ سو بار پڑھیں اور پچاس روپے خیرات کریں۔ لوح محبت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل — جبرائیل

یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح

عزرائیل — اسرافیل

فلاں بن فلاں تابع شد

نام:..............................

والد کا نام:..............................

والدہ کا نام:..............................

پتہ:..............................

....

تابع شد

نام:..............................

والد کا نام:..............................

والدہ کا نام:..............................

پتہ:..............................

....

فتح مندی

اگر کوئی بھی اس نقش کو ہر طرح کی فتوحات کیلئے مکان یا دکان میں حصول برکت کیلئے چاروں کونوں میں زعفران اور خوشبو سے معطر کر کے لگائے تو بہت فتوحات ہوں گی بدنظری، بد اعمال، جادو، ٹونہ، سایہ، جنات کا خاتمہ ہوگا۔ اس کے اور بھی بہت سے خواص ہیں جو استعمال کرنے کے بعد معلوم ہوں گے۔

م	مزمل	مزمل	مزمل	مزمل	م
ح	مزمل	مزمل	مزمل	مزمل	ح
م	مزمل	مزمل	مزمل	مزمل	م
د	مزمل	مزمل	مزمل	مزمل	د

الم حمعسق کھیعص ن

کسی کو دوست بنانا

یہ ایسا سریع التاثیر عمل ہے جس کی بدولت کوئی بھی اگر کسی سے دوستی کرنا چاہتا ہوگا تو دوسری ہو گی۔ کسی سے محبت قائم کرنی ہوگی تو محبت قائم ہوگی اگر کسی مسافر یا کسی بھی اپنے کو بلانا ہوگا تو واپس آئے گا مقصد کا تصور باندھ کر اگر کسی مرد کے کیلئے عمل کرنا ہو تو بکرے کے دل پر دم

کر کے اسے قبرستان میں دفن کرے اگر کسی عورت کے متعلق عمل کرنا ہو تو بکری کے دل پر دم کر کے قبرستان میں دفن کرے اسی طرح اس کا ایک ہی عمل رہے گا اور مقصد کئی ہوں گے۔ اگر کسی افسر کا دل موم کرنا ہو تو اسی عمل کو جو کوئی بھی کرے گا اس افسر کا دل موم ہو گا اور وہ جو بھی جائز خواہشات ہوں گی وہ پوری کرنے میں مدد کرے گا۔ اس عمل کو کوئی کسی کو مسخر کرنے کی خاطر بھی کر سکتا ہے اگر کوئی فوجداری یا مقدمے میں پھنس گیا ہو تو اس عمل کو اس جج یا حاکم کے نام سے کرے جس کے ہاتھ میں فیصلہ ہو اس کا دل نرم ہو گا۔ اس عمل میں اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھا جائے اور سورۃ المزمل کو اعتصام و اختتام کے ساتھ پڑھ کر دم کیا جائے۔

پیار پیدا ہو

اس مقصد کیلئے اس نقش کو کل تعداد ایک ہزار کے مطابق لکھے اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالے ہر روز نقوش کو تازہ لکھے نقش ایک ہی کاغذ پر لکھے جا سکتے ہیں انہیں بعد میں علیحدہ کر کے گولیاں بنائی جائیں محبوب بے قرار ہو گا اور مطلوب سے زیادہ محبت کرے گا۔ اس عمل کو کرنے کے ساتھ ساتھ خود بھی رات کو کورا چراغ جلا کر اس کے سامنے بیٹھ کر سورۃ مزمل کو اپنی نیت کا کامل تصور باندھ کر دم کرے۔

زبان بندی

اگر بد گو افرد کی زبان بند کرنی ہو تو ان کا کامل تصور باندھ کر روزانہ کسی شہید یا بزرگ کے مزار پر جا کر سورۃ المزمل کو اکیس مرتبہ اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھے اور خاموشی سے گھر آ جایا کرے اس عمل کو سات دنوں تک کرے اور کوئی حسب توفیق میٹھی شے بچوں میں تقسیم کر دے جو افراد بدزبان استعمال کرتے ہوں گے اس فرد کے حق میں ان کی زبان بندی ہو گی۔

بھاگا ہوا واپس آئے

اس عمل کا بارہا مرتبہ تجربہ کیا جا چکا ہے اور ہر مرتبہ کامیابی ملی ہے اس لئے اگر کوئی بھاگ گیا ہو تو سورۃ المزمل کے مفردات جو کہ پچھلے صفحات میں درج ہے۔

آیت الکرسی کا عمل

ہر مطلب کے لئے چالیس دن کرتا ہے۔

☆ آیت الکرسی اسی طرح پڑھے کہ دونوں ہاتھ کی دس انگلیاں ترتیب وار دس مقامات پر بند کرے۔ ابتداء دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے اور آخر میں بائیں ہاتھ کا انگوٹھا۔ ا۔ ھو، ۲۔ القیوم، ۳۔ نوم، ۴۔ فی الارض، ۵۔ باذنہ، ۶۔ خلفھم، ۷۔ شاء، ۸۔ الارض، ۹۔ حفظھما، ۱۰۔ العظیم یشفع عندہ پڑھتے ہوئے دو عین کے درمیان مطلب خیر طلب کرے اور یعلم ما کی دونوں میموں کے درمیان دفع شر طلب کرے۔ پوری پڑھ لینے کے بعد ۳ بار سورہ الم نشرح ۳ بار درود شریف پھر آسمان کی طرف دیکھ کر حاجت کرے طلب کرے اور دس بار سورہ حمد پڑھے اور ہر مرتبہ انگلیاں کھولتا جائے پہلے بائیں ہاتھ کا انگوٹھا اور آخر میں دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی اور

اوپر کی طرف پھونک مارے۔

☆ برائے ہلاکت دشمن: صبح سویرے طلوع فجر کے وقت قبلہ رخ ہو کر ۲۱ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور سات دن مسلسل پڑھے۔ (کسی سے کلام کئے بغیر شروع کرے یعلم ما کی دونوں میمون کے درمیان ہلاکت دشمن کا اردہ کرے۔

☆ برائے محبت: عمل سابق صرف ی شفع عندہ کے دونوں عین کے درمیان محبوب کا تصور کرے۔

☆ نصف شب چار رکعت نماز حاجت ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد دس بار آیت الکرسی آخری سلام کے بعد یہ دعا اللھم انی اسئلک یا اللہ (دس) ۱۰ بار کہے پھر کہے یا حی یا قیوم یا من لاتاخذہ سنۃ ولا نوم اسئلک بحق آیت الکرسی عندک اپنی حاجت کا نام لے کر مانگے پھر کہے وان تتولنی جمیع مآربی ومقاصدی وما اطلبہ منک حاجت طلب کرے اول وآخر درود شریف ان شاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

☆ تعویذ حفاظت: سورہ اعراف کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھنا حفاظت کا باعث ہے۔

☆ آیت الکرسی کا صبح شام پڑھنا چور، ڈاکو، آتش زنی بلکہ ہر قسم کے موذیوں سے حفاظت کا موجب ہے۔

☆ سورہ انفال کو لکھ کر اپنے پاس رکھنا ایک حفاظتی قلعہ ہے۔

☆ سورہ ابراہیم کا لکھ کر بچے کے گلے میں باندھنا حفاظت کا موجب ہے۔

☆ سورہ کہف کو لکھ کر غلہ میں رکھنا کیڑوں مکوڑوں سے حفاظت کا موجب ہے اور گھر

میں رکھنا فکر و فاقہ و قرضہ اور لوگوں کی اذیتوں سے بچنے کا تعویذ ہے۔

☆ حاکم جابر کے سامنے کھیعص سے دائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے اور حمعسق سے بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے ان شاء اللہ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

☆ سورہ شعراء کی تلاوت کرے چوری سے محفوظ ہوگا۔

☆ سورہ نمل کو لکھ کر رکھنا موجب حفاظت ہے۔

☆ سورہ یٰسین، سورہ صفٰت کو اپنے پاس رکھنا، موجب حفاظت ہے۔

☆ جاثیہ، احقاف، فتح، محمد، حجرات، ق، نجم، رحمٰن، مجادلہ اور ممتحنہ سورتوں کو لکھ کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھنا موجب حفاظت ہے۔

☆ تعویذ برکت: سورہ مومن کا تعویذ باعث برکت ہے۔ سورہ قمر کا تعویذ باعث عزت ہے۔

☆ تسخیر جنات: کے لئے سورہ جن روزانہ پڑھے یا اس کے عدد نقش مثلث طبعی پر کرے اس کے اعداد ۶۳۶۰ میں پر کرنے کا طریقہ یہ ہے۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

☆ چور سے بچنے کے لئے: آیت الکرسی کو لکھ کر کھیت میں دفن کرنے سے وہ کھیت چوری سے محفوظ ہوگا۔ اگر آیت الکرسی کو لکھ کر گھر میں رکھا جائے تو گھر چوری سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ سورہ شعراء کی تلاوت کرنے والے کے گھر چور داخل نہیں ہوگا۔

☆ سورہ مریم کو گھر کی دیوار پر لکھے تو وہ گھر چوری سے محفوظ ہوگا۔

☆ سفر میں عم یتسائلون کی تلاوت کرنے والا چوروں کو سے محفوظ رہے گا۔

☆ فعصی فرعون الرسول فاخذ ناہ اخذا وبیلا جو کی روٹی کے چند ٹکڑوں پر لکھ کر مشکوک آدمیوں کو کھلائے جو چور ہوگا اس کے حلق میں ٹکڑا پھنس جائے گا۔

☆ گمشدہ کو حاصل کرنا: مثلث پر کرکے اس کی پشت پر گمشدہ کا نام لکھیں اور یہ آیت لکھیں او کظلمت فی بحر لجی یغشہ موج من فوقہ سحب ظلمت بعضها فوق بعض اذ اخرج یدہ لم یکد یراها ومن لم یجعل الله له نورا فماله من نور۔ پس تعویذ کو بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں۔ گمشدہ مل جاتا ہے۔ (مجرب ہے)

۲۔ نابالغ بچے کے ہاتھ پر روشنائی اور روغن لگا کر یہ عزیمت پڑھے پھر جو یا ماش کے دانے بچے کو سلادیے ۷ یا ۹ دانے مارنے کے بعد چور کی شکل آئے گی پس اس کو پہچان لے یا نام وولدیت و پورا پتہ اس سے پوچھ کر لکھ دے۔

۳۔ عزیمت یہ ہے۔ عزمت علیکم فتحون فتحون فتحون جنتک جنتک شفیعا شفیعا عطیشا عطیشا سرورا سرورا سرورا قدورا قدورا سهلا سهلا نهلا نهلا احضروا من جانب المشرق والمغرب بحق سلیمن ابن داؤد علیهما السلام۔

۴۔ نقش کو پتھر کے نیچے رکھیں بھاگا ہوا شخص واپس آئے گا۔

بستم راہ شمال فلاں بن فلاں ۔ بستم راہ مغرب فلاں بن فلاں بستم راہ جنوب فلاں بن فلاں

ب بدوح و

جسم ... فلاں بن فلاں جسم راہ مغرب فلاں بن فلاں جسم راہ جنوب فلاں بن فلاں

ب	جداح	د
جداث	جداث	جداث
ثہ	جداح	حہ

کرے گا۔

☆ اسی طرح جو شخص سورہ احقاف کو دھو کر پیے محبوب خلائق ہوگا۔

☆ سورۃ التکاثر کو ہر روز اکیس مرتبہ پڑھنا محبوب خلائق بنا دیتا ہے۔

ا۔ طالب و مطلوب کے اعداد کے برابر پابندی زمان و مکان کے ساتھ باطہارت مقام خلوت میں عروج ماہ میں یہ آیت مجیدہ سات روز مسلسل پڑھے۔ عسى الله ان يجعل بينكم بين الذين عاديتم منهم مودة والله قدير والله غفور رحيم يا مسخر سخر لی فلاں بن فلاں (مطلوب کا نام لے) بلطفک الخفی۔

۲۔ دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات بار آیت مذکورہ پڑھے اور سلام کے بعد کہے اللهم لين قلب فلاں بن فلاں كما لينت الحديد لداؤد عليه السلام۔

☆ دردِ سر کے لئے: سات مرتبہ حم لکھ کر سر پر باندھے تو دردِ سر ختم ہوگا۔ حم حم حم حم حم حم حم

دشمن سے نجات پانا اور دشمن کو مغلوب کرنا۔

☆ برائے مطالب عظیمہ: ۱۰۰ مرتبہ طا ایک دفعہ قل هو الله احد اسی طرح ۸ مرتبہ دہرائے اس کے بعد سورہ قل ھو اللہ احد کو ۱۷ مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

☆ طہ کے اعداد کا مربع لڑکی کے اچھے رشتے کے لئے اور جادو سے حفاظت کے لئے

ابتدا ۹۹۸۱۳۱ سے کرے اور خانہ نمبر ۱۳ میں ایک زیادہ کرے۔

☆ عمل نام علیؑ: دشمن کے دفع کرنے اور برکت کے لئے نماز صبح کے بعد پڑھے ۱۰ دفعہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا قاھر العدو یا والی الولی۔۔۔ یامظہر العجائب یا مرتضیٰ علیؑ

☆ پابندی مکان وزمان وطہارت کے ساتھ دو رکعت نماز حاجت کے بعد بلا فاصلہ ۱۱ دفعہ درود شریف۔ اور اس کے بعد ایک ہزار پانچ سو ستر دفعہ یا علیؑ کا ورد کریں اختتام پر اپنے مقصد کی دعا مانگے کر آخر میں دس مرتبہ درود شریف۔ یہ دس راتیں مسلسل عمل کرے کامیابی ہوگی۔ (انشاءاللہ)

☆ حل مشکلات کے لئے یا علیؑ کا نقش مثلث اپنے پاس رکھیں۔

☆ ہمزاد کے لئے ۲۱ رات مسلسل باشرائط پڑھیں حاضر ہو شیطان تجھے حضرت علیؑ کی آن علی آیا علی آیا۔ تاریک کمرہ میں بیٹھے اور پشت کی طرف چراغ ہو اور نظر کو اپنی سایہ گردن کے پر لگائے رکھے ہاتھ میں چھڑی ہو اور اس کا اشارہ گردن کی طرف ہو۔

حصار کے لئے پڑھے۔ یا حافظ یا حفیظ، یا وکیل اللہ آگے محمدؐ پیچھے محمدؐ دائیں ہاتھ حضرت امام حسنؑ بائیں ہاتھ کو حضرت امام حسینؑ کلید داؤد پیغمبر قفل سلیمان علیہ السلام نگہبان ذات اللہ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ انگلی پر دم کر کے تین دفعہ پھر حصار کرے۔

☆ دشمن کی ہلاکت کے لئے: دستے کہ روی مرہ بن قیس یا صاحب اسرار یک بار دیگر بر کردشمن مازن یا حیدر کرار یا حیدر کرار ۳۲۵ بار تین رات مسلسل باشرائط پڑھے۔ دشمن کا تصور کر کے غیر مستعمل چاقو کھول کر اس کا اشارہ دشمن کی طرف کرے۔

☆ تسخیر کے لئے: صبح سویرے سورج کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر نام علیؑ پڑھے اور جب تک پڑھتا رہے آنکھ نہ جھپکنے پائے۔ سات بار روزانہ اور ۲۱ دن پڑھے۔

☆ داڑھ کے درد کا عمل: جس داڑھ میں درد ہو اسی جانب رخسار کے اوپر انگلی سے لکھا جائے (فرعون غرق شد) وہ تھوک دے پھر دوبارہ لکھے اور تھوکے تیسری بار درد ختم ہو جائے گا الگ الگ حرف بھی لکھے جا سکتے ہیں ف ر ع و ن غ ر ق ش د۔

☆ کامیابی کے لئے عمل: دعائے قاموس کو ۹۹ بار پڑھنے سے مقصد میں کامیابی ہوتی ہے۔

☆ جس مقصد کے لئے جاتا ہو یہ تعویذ لکھ کر بازو پر باندھے۔ ید ع ب ا ح م۔

☆ سلام قولا من رب رحیم۔ پندرہ دن مسلسل روزانہ ۸۱۸ مرتبہ۔

ابتداء از چہار شنبہ، با شرائط طہارت وحدت مکان و زمان و غذائے حلال۔

☆ چھ دن کا عمل لا الہ الا اللہ وحدت مکان و غذائے حلال اتوار کو گیارہ ہزار پھر ایک ہزار کا ہر روز اضافہ حتی کہ بروز جمعہ سولہ ہزار پڑھے۔

☆ روزانہ یا حی یا قیوم ۴۰۷ امرتبہ پڑھنے سے کامیابی ہوگی۔

☆ چار رکعت نماز حاجت پڑھے۔

پہلی رکعت میں حمد کے بعد وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد۔

دوسری رکعت میں حمد کے بعد لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبناہ لہ ونجیناہ من الغم وکذلک ننجی المو...

تیسری رکعت میں بعد از حمد حسبی اللہ ونعم الوکیل۔

چوتھی رکعت میں بعد از حمد لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

☆ حروف مقطعات قرآنیہ لکھ کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھے۔

☆ چالیس دن سورہ مزمل پڑھے ہر روز ۱۱ مرتبہ باشرائط۔

☆ سورہ ھود کو ہرن کے چمڑے پر لکھ کر پاس رکھنا پاس کامیابی کا موجب ہے۔

☆ عمل برائے دولت وکیمیا و جفر در یک مجلس ۱۵۹۵۶: سات دن علیحدگی میں پابندی شرائط وحدت مکان وزمان وطہارت کاملہ نجور عود پہلے یٰسین ہدیہ امیر المومنین پھر ایک ہزار کھیعص و حمعسق اغشنی آخر میں کھلے دل سے صدقہ دوران ورد "ال م ل ک" کاغذ پر لکھ کر نظر م کے سر پر رکھے یا چالیس دن بعد از نماز صبح یٰسین ہدیہ امیر و باشرائط ورد ۳۹۸۹ برائے عہدہ حکومت و وسعت رزق وکشائش کے لئے ابتداء عمل خمیس یا شب جمعہ سے ہو نجور مناسب ضروری ہے یا چالیس روز باشرائط آیت کی تلاوت اور ال م ل ک میم کی آنکھ پر نظر جما کر ۲۹ بار ورد آیت برائے رواانی دولت روزانہ عمل سے پہلے ایک فاتحہ ہدیہ امیرؑ

☆ یا علیؑ کے ورد کا طریقہ: علامہ نہاوندی سے منقول ہے وقت معین میں اور مکان معین میں باشرائط پڑھیں۔ کوئی بھی حاجت درپیش ہو قربۃ الی اللہ دو رکعت نماز پڑھیں اور سلام کے بعد بلا فاصلہ ۱۰ دفعہ درود شریف اور کلام کئے بغیر اسی جگہ پر اسی حالت میں ایک ہزار پانچ سو ستر دفعہ یا علیؑ کا ورد کریں پھر اپنی حاجت کا ذکر کر کے دس بار پڑھیں اور مسلسل دس راتیں عمل جاری رکھیں جو بھی مشکل ہو گی آسان ہو جائے گی۔ (ان شاء اللہ) (مجرب)

☆ حضرت عباسؑ کے نام کا ورد: نماز جمعہ یا ظہر جمعہ کے بعد کلام کئے بغیر ۱۳۳ بار پڑھے سات دن مسلسل یا کاشف الکرب عن وجه الحسین. اکشف کربی

بحق اخیک الحسین۔

☆ بدھ کی رات شروع ایک ہفتہ مسلسل یا ابا اعبد اللہ ابا الفضل پھر سو بار یہ اشعار پڑھے۔

اے ماہ بنی ہاشم خورشید بقا عباس
اے نور دل حیدر شمع شہداء عباس
از درد و غم ایام من رو بتو آوردم
دست بمن مسکین گیر از بہر خدا عباس

ان شاء اللہ ہر مشکل آسان ہوگی۔

☆ امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء کا ورد حل مشکلات کے لئے اکسیر کا کام دیتا ہے۔

☆ وسعت رزق: نماز تہجد وسعت رزق کا باعث ہے۔

سورہ یوسف کو لکھ کر دھو کر پی لینا وسعت رزق کا موجب ہے۔

☆ سورہ فجر کو زعفران سے لکھ کر پاس رکھنا وسعت رزق کا موجب ہے۔

☆ صبح و شام سورہ یٰسین کی تلاوت رزق کو بڑھاتی ہے۔

☆ سورہ واقعہ کی بکثرت تلاوت سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔

☆ جو شخص سورہ جن کی زیادہ تلاوت کرے رزق وسیع ہوگا اور قرضے ادا ہوں گے۔

☆ حضرت پیغمبرؐ سے منقول ہے کہ آیت مجیدہ ومن یتق اللہ تاقدرا چالیس دن پڑھے ہر روز ۱۵۹ دفعہ اور چالیسویں دن ۱۷۸ دفعہ ابتداء عمل یا جمعرات یا جمعہ میں سوموار کرے اور ابتداء میں غسل کرکے پاکیزہ لباس پہنے اور دو رکعت نماز بجالائے ان

شاء اللہ بند کاروبار کھل جائے گا۔ اور رزق فراوانی سے پہنچے گا۔ شروع ختم تک پہلے ایک سو دفعہ درود شریف اور اختتام عمل پر بھی ایک سو دفعہ درود شریف پڑھے۔

☆ آیت مجیدہ قل اللھم مالک الملک ۔۔۔۔۔۔تا بغیر حساب ۴۱ دن ہر دن ۱۴۱ بار پڑھے۔۔۔۔۔۔ اول و آخر درود شریف کم از کم ایک سو دفعہ پڑھے۔ شروع جمعہ یا اتوار کو ساعت اول میں غسل کر کے پہلے دو رکعت نماز پڑھے سلام کے بعد کسی سے کلام کئے بغیر قبلہ رو با وضو ورد مذکور پڑھے۔ آیت الملک لکھی ہوئی سامنے رکھے اور ورد کے دوران اپنی نظر الملک کی میم پر جمائے رکھے۔

☆ سورہ یوسف کو لکھ کر پاس رکھنا ترقی و مراتب اور وسعت رزق کے لئے موزوں ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حدیث شریف میں آیا ہے کہ پیغمبر اسلامؐ نے فرمایا کہ جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتا یا کہتا ہے تو اللہ کراماً کاتبین کو حکم فرماتا ہے کہ اس شخص کے نامہ اعمال میں چار لاکھ نیکیاں لکھ دیں۔ اور چار لاکھ برائیاں اس سے دور کر دیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" لکھے تو اللہ تعالیٰ اس کے پچھلے تمام گناہ بخش دیتا ہے۔

☆ عمل بسم اللہ عامل کو چاہئے کہ سب سے پہلے ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے اور گناہوں سے اجتناب کرے۔ عروج ماہ میں نماز صبح کے بعد عمل شروع کرے اور اس کے تین طریقے ہیں۔ ۱ ہزار، ۲ سینکڑہ، ۳ دھائی۔ ہر روز دس ہزار مرتبہ دس دنوں تک پڑھے۔ جب ایک لاکھ ہو جائے تو سینکڑہ شروع کرے۔ ہر روز ہزار بار پڑھے اور پھر دھائی کو اختیار کرے۔ ہر روز ہزار بار پڑھے جب عمل پورا ہو جائے تو ہر روز سو مرتبہ

پڑھ لیا کریں پھر جس مقصد ہی کے لئے پڑھے گا تو وہ فوراً ہی پورا ہو جائے گا۔ (انشاء اللہ)

☆ حدیث میں ہے کہ جب بسم اللہ شریف نازل ہوئی تو اس کی ہیبت سے پہاڑ تھرا گئے۔ جو شخص چاہے کہ دوزخ کے انیس فرشتوں سے (جو اس پر موکل ہیں) نجات حاصل کرے اسے چاہئے کہ بسم اللہ پڑھا کرے۔ اس لئے بسم اللہ کے انیس حروف ہیں۔ اس کے ہر حرف کی برکت سے ہر موکل سے نجات ملے گی۔ حضرت جابر بن عبد اللہؓ سے روایت ہے کہ جب بسم اللہ نازل ہوئی تو بادل مشرق کی طرف روانہ ہوا اور تیز و تند ہوا رک گئی۔ بہتے ہوئے دریاؤں میں ٹھہراؤ آ گیا۔ سرکش جانوروں کے سر جھک گئے۔ شیاطین آسمانوں سے نکال دیئے گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم، جو بھی خلوص نیت سے کسی مریض پر میرا یہ نام دم کرے گا تو میں اس کو اپنے فضل و کرم سے فوری طور پر کلی شفا عطا کروں گا۔ علماء کا قول ہے جب کسی پر کوئی مشکل پیش آئے تو اسے چاہئے کہ باوضو ہو کر بسم اللہ ۷۸۶ مرتبہ سات دنوں تک پڑھے۔ ان شاء اللہ اس کی وہ مشکل آسان ہو جائے گی اور اس کی حاجت پوری ہو گی۔ جو کوئی نماز صبح کے بعد ایک ہزار پانچ سو مرتبہ بسم اللہ پڑھے گا تو اس کا مقصد پورا ہو جائے گا اور حاجت برآئے گی۔

☆ رزق میں وسعت کے لئے نماز صبح کے دریا کے کنارے مغرب کے بعد بارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور پڑھنے سے پہلے ترک حیوانات ضرور ہونا چاہئے۔

☆ حکام کی خوشنودی، دولت، منصب اور عزت کے حصول کے لئے جمعرات کو پڑھیں اور عشاء کے بعد سونے کی نیت سے بستر پر لیٹ جائیں اور روزمرہ کی نیت کریں اور

بسم اللہ پڑھنا شروع کر دیں۔ یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے سو جائیں، جب صبح ہو اور جمعہ کا دن بھی ہو تو نماز صبح پڑھ کر پھر ایک سو اکیس بار بسم اللہ پڑھیں اور زعفران و گلاب سے بسم اللہ اس طریقے سے لکھیں۔ ب س م ال ل ہ ال ر ح م ن ال ر ح ی م، جو شخص اس پر عمل کرے گا تو وہ لوگوں کی نظروں میں چودھویں رات کے چاند کی مانند ہوگا اور اس کا وقار سب کے دلوں میں ہوگا۔

☆ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ جو شخص بسم اللہ کو کاغذ پر ایک سو ایک بار لکھ کر اپنے کھیت یا باغ میں دفن کرے تو وہ کھیت اور باغ ہرا بھرا رہے گا اور اس میں غلہ اور پھل پھول بہت کثرت سے پیدا ہوں گے۔

☆ جو شخص صرف الرحمٰن کو کاغذ پر پانچ سو مرتبہ لکھے اور اس کاغذ پر ایک سو پچاس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اپنے پاس بحفاظت رکھے تو ہمیشہ تمام مخلوقات کی نظروں میں باوقار اور صاحب عزت رہے گا اور حاکم وقت اس کی بہت زیادہ عزت کرنے گا اور وہ اپنی زندگی میں تمام آفات و بلیات اور حادثات سے محفوظ رہے گا۔ لیکن نجاست کی حالت میں اس کاغذ کو اپنے پاس نہ رکھیں اور غسل کر کے پھر اپنے پاس رکھیں کیونکہ نجاست عمل بالکل اثر نہیں کرتا اور متبرک چیزوں کو نجاست میں اپنے پاس نہ رکھیں۔

☆ جو شخص لفظ "الرحیم" کو ایک سو نوے مرتبہ کسی کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو وہ جنگ میں گولی اور تلوار کے زخم سے بچا رہے گا اور کوئی حربہ اس کے جسم پر کارگر نہ ہوگا لیکن احتیاط شرط ہے۔

☆ جب کسی ظالم حکمران کے پاس جائیں تو پچاس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اس پر دم کر دیں وہ رحمدل ہو جائے گا اور اس کی محبت اس کے دل میں پیدا ہوگی اور اس کی

بہت زیادہ خاطر مدارات کرے گا۔

☆ جب کوئی شخص کسی جابر حکمران کے سامنے جائے تو کلمہ کی انگلی سے اپنی پیشانی پر بسم اللہ لکھے۔ حاکم بہت زیادہ مہربان ہوگا لیکن نجات کی صورت میں یہ عمل نہ کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا اور رسوائی ہوگی۔

☆ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ہر روز سات سو چھیاسی مرتبہ چالیس دنوں تک پڑھیں۔ چالیس دن مکمل کرنے کے بعد ہر روز ایک سو بتیس مرتبہ پڑھا کریں۔ پھر جب کوئی مشکل پیش آئے انیس مرتبہ وقت معین پر انیس دنوں تک پڑھا کریں۔ بڑی سے بڑی مشکل بھی حل ہو جائے گی اور یہ عمل بزرگوں کا بارہا آزمودہ ہے۔

☆ علماء فرماتے ہیں کہ جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو چھ سو چھبیس مرتبہ لکھ کر تعویذ بنائے اور اس تعویذ کو اپنے پاس رکھے تو تمام مخلوقات کے نزدیک اس کا وقار بلند ہوگا۔

☆ جو شخص سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پانی پر دم کر کے جس کو بھی پلائے گا اس کی محبت اس کے دل میں سما جائے گی۔ اگر یہ پانی کند ذہن کو پلا دیا جائے تو اس کا ذہن زیادہ ہوگا۔

☆ جب کوئی مشکل پیش آئے تو نوچندے جمعہ طلوع آفتاب کے وقت دو رکعت نماز بہ نیت نقش پڑھے پھر اس نقش کو لکھ کر پڑھے اور موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھے۔

الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن

برائے آگاہی

کسی دینی یا دنیوی مشکل امر کا حل معلوم کرنے کے لئے بعد نماز عشاء مندرجہ ذیل اسم کی ہزار بار تلاوت جہر کے بغیر بات کئے سو رہے۔ ان شاء اللہ اسی رات آگاہی ہو جائے گی۔ اسم مبارک یہ ہے۔ "یا علیم"

ترک شراب و دیگر بری عادت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل — جبرائیل

۲۷۹	۲۹۱	۳۰۳	۲۵۱
۲۹۹	۲۵۵	۲۷۵	۲۹۵
۲۵۹	۳۱۱	۲۸۳	۲۷۱
۲۸۷	۲۶۷	۲۶۳	۳۰۷

عزرائیل — اسرافیل

بستم بستم عادت شراب نوشی و دیگر

بری عادت ۔۔۔۔۔۔۔ ترک

شراب نوشی و دیگر بری عادت ۔

ابدا ابدا ابدا بحق ۱۱۲۴_۱۱۲۴_۱۱۲۴

مندرجہ بالا نقش کی ۱۴ فوٹو اسٹیٹ کروائیں پھر نماز عشاء کے بعد خالی جگہ پر زعفران یا زردہ رنگ سے مطلوب کا نام بمعہ والدہ لکھیں اس عمل کے بعد ایک نقش مطلوب کے تکیے میں ڈال

دیں ایک نقش موم جامہ کر کے آپ اپنے بازو پر باندھیں ایک نقش پر پلاسٹک کی تھیلی چڑھا کر کسی بھاری چیز کے نیچے دبا دیں نقش روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر مطلوب کو پلائیں۔ ۳۱ روپے خیرات کریں۔ ہر وقت مریض کا تصور کر کے الہادی پڑھو۔

حب کے لئے

بروز اتوار قبل از طلوع آفتاب (سورج نکلنے سے پہلے یہ طلسم دھعد: لکھیے۔ ایک کو آگ میں جلا دے اور دوسرے کو باوضو موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ حب شدید پیدا ہوگی۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۹۶ ۲

عاداہ الـ ـہ

(اس طرف سے جلا دے)

الوحا

الوحا الوحا

نام:..............................

والد کا نام:..............................

والدہ کا نام:..............................

پتہ:..............................

....

عملِ حب

نام:..............................

والد کا نام:..............................

والدہ کا نام:..............................

پتہ:..............................

....

برائے حب مجرب

سورۃ العصر۔ روزانہ بعد از نماز عصر ایک سو ایک مرتبہ۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ ایک ہفتہ تک مسلسل پڑھے۔ ناغہ نہ کرے۔ مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ صرف جائز محبت کے لئے کرنے کی اجازت ہے۔ سورۃ العصر یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعَصْرِ ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ

ہر کوئی سلوک و محبت سے رہے

گھر میں ہر طرح کا سکون اور آپس میں محبت قائم کرنے کیلئے اس نقش کو ہر کھانے و پینے والی شے میں ملا کر گھر کے تمام افراد کو کھلائے اور پلائے گھر میں رہنے والے تمام افراد آپس میں اتفاق اور سلوک سے رہیں گے۔ انشاء اللہ

غلبت	الروم
الروم	غلبت
غلبت	الروم

تسخیر مخلوق

اگر کوئی فرد یہ چاہتا ہو کہ دنیا کا ہر انسان کی عزت و احترام کرے تو اس نقش کو نوچندی جمعرات کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور ایک عدد پتھر مرجان کے نیچے کسی چپکنے والی شے سے چپکا کر چاندی کی انگوٹھی میں محفوظ کروا کر اسے اپنے سیدھے ہاتھ والی کسی بھی انگلی میں پہنے اللہ کے حاکم سے جو کوئی بھی اس کو دیکھے گا وہ اس کی عزت و احترام کرے گا لیکن اس صورت میں یہ زیادہ مغرور نہ ہو۔

تلك	ايت القران
ايت القران	وكتاب
وكتاب	مبين

شادی کے لئے

جس مرد کی شادی نہ ہوتی ہو وہ تین روز تک متواتر روزے رکھے اور ہر شب کو سوتے سے پہلے اکیس مرتبہ یہ آیت پڑھ لیا کرے۔

والذین یقولون ربنا ھب لنا من ازواجنا وذریتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما۔ اولئک یجزون الغرفۃ بما صبروا ویلقون فیھا تحیۃ وسلما۔ خلدین فیھا۔ حسنت مستقرا ومقاما۔

(الفرقان، آیت نمبر ۷۴،۷۵،۷۶)

ہر ماہ میں تین روز تک ضرور عمل کرتے رہیں حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ ایک جمیلہ وحسینہ وصالحہ بیوی عطا فرمادے گا۔

دیگر

1- بعد نماز مغرب، مغرب کے نفل ادا کر کے سجدہ شکر میں اول و آخر درود شریف کے ساتھ ۱۱۰ مرتبہ "یالطیف" چالیس روز تک بلاناغہ پڑھے۔ اگر ناغہ ہوجائے تو پھر سے شروع کرے، انشاء اللہ مدعا ملے گا۔

2- صبح کی نماز کے بعد اول و آخر ۵ مرتبہ درود پڑھ کر یہ دعا ۱۲ مرتبہ بارہ روز تک پڑھے۔ نکاح کی صورت پیدا ہوگی۔ اگر نہ ہو تو غلطی تصور کر کے مداومت کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ۔ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ۔ (سورۃ آل عمران آیت)

دیگر

یہ عمل گیارہ روز کا ہے اس کو بدھ کی رات سے شروع کیا جائے اور اتوار کی رات کو ختم کیا جائے جس لڑکی کا رشتہ نہ آرہا ہو۔ وہ بعد نماز عشاء گیارہ ہزار مرتبہ یا معطی پڑھے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کی تلاوت کرے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اچھا رشتہ بھی ملے گا۔ اور شادی کے اخراجات جو بھی ہوں گے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کا بھی سبب پیدا ہوگا۔

دیگر

یہ عمل بے حد مجرب اور آسان ہے۔ بعد نماز عشاء تمام کاموں سے فراغت کے بعد سوتے وقت باوضو ہو کر بستر پر لیٹ جائے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں اکتالیس مرتبہ سورہ اخلاص مع بسم اللہ پڑھ کر دُعا مانگ کر سو جائیں کسی سے بات نہ کریں۔

دیگر

یا نور کل شیء انت الذی خلق الظلمت بنورہ

ہر نماز کے بعد اس دُعا کو ۳۳ بار پڑھا جائے اور دعا کی جائے۔ لڑکی خود بھی پڑھ سکتی ہے۔ اول و آخر درود شریف تین بار پڑھیں۔

ہر مقصد کے لئے:

شب بدھ بعد از نماز عشاء قبلہ رُخ ہو کر ۱۲۰۰ مرتبہ " یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ " پڑھنا ہر نیک مقصد کے حصول کے لئے موثر ہے۔

رجوع مطلوب:

اگر کسی وجہ سے کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہو رہی ہو تو مندرجہ ذیل نقش جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت گلاب و زعفران سے لکھے اور لڑکی کے بازو پر باندھ دیں اور ہر روز پانچ مرتبہ سورہ مقصد پڑھیں۔ انشاء اللہ جلد رشتہ طے ہو جائے گا۔

۲۵۳۳۷	۲۵۳۴۰	۲۵۳۴۳	۲۵۳۳۰
۲۵۳۴۲	۲۵۳۳۱	۲۵۳۳۶	۲۵۳۴۱
۲۵۳۳۴	۲۵۳۴۵	۲۵۳۳۸	۲۵۳۳۵
۲۵۳۳۹	۲۵۳۴۴	۲۵۳۳۳	۲۵۳۴۴

بخت کشائی شادی کے علاوہ اگر شیطانی وسواس دل میں پیدا ہوتے ہوں یا کوئی شخص بد زبان اور بد مزاج ہو اس کو اس نقش شریف کا پلانا از حد مفید ہے۔

حل المشکلات کے لئے مجرب عمل

تیر بہدف عمل پیش کرتے

ہیں۔اس عمل کے بے شمار فوائد ہیں۔ مثلاً ادائیگی قرض، حصول ملازمت، فتوحات، رزق میں برکت، حل المشکلات کے لئے مجرب المجرب عمل ہے۔

طریقہ: اس عمل کو روزانہ بعد نماز عشاء یا بعد نماز فجر اپنا نام مع والدہ کے اعداد قمری نکال کر پڑھیں۔ اوّل و آخر ۳۱۳ بار دُرود شریف ضرور پڑھیں۔ عمل کی مدت اکیس دن یا اکتالیس دن کی ہے۔ گزارش ہے کہ اللہ تعالیٰ کامیابی دے تو مجھ حقیر کو تقصیر کو دُعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔ عمل درج ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ كُنْ فَيَكُوْنَ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ يَا كَفِيْلُ يَا وَكِيْلُ يَا بَاسِطُ يَا نَافِعُ يَا غَنِیُّ يَا مُغْنِیُّ يَا وَهَّابُ يَا رَزَّاقُ اُرْزُقْنِیْ رِزْقًا طَيِّبًا وَّاسِعًا بِغَيْرِ حِسَابٍ ط اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَبِطَاعَتِكَ وَبِحَقِّ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

حاضری مطلوب

نقش مَلوح حب اور حاضری مطلوب کے لئے نہایت پُر تاثیر ہے۔ جس کی وجہ سے اُڑتے ہوئے پرندے بھی قدموں میں گر پڑتے ہیں۔ اس کے لئے جلالی و جمالی پرہیز ہے۔ سوا لاکھ اس کی زکواۃ ہے۔ سوا لاکھ نقوش کی گولیاں آٹے میں بنا کر دریا میں پھینکتے جائیں اور ساتھ ساتھ یا مَلوح پڑھتے جائیں۔ جب مطلوب کو طلب کرتا ہو۔ بروز جمعہ طلوع آفتاب کے وقت زہرہ کی ساعت میں شنگرف سے ہرن کی جھلی پر دو صورتیں طالب مطلوب کی بنا کر اِن میں نقش لکھ دو لوبان و عنبر کی دھونی دے کر ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر انار کی خرش ٹہنی پر معلق کر دیں۔ ہوا سے ہلتا رہے اِن صورتوں کے نیچے لکھیں: الحبُّ فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں جنت فلاں کو حاضر کرو حاضر کرو حاضر کرو" العجل الساعة الوحا"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
ب	د	و	ح
و	ح	ب	د

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں کو

حاضر کرو حاضر کرو حاضر کرو" العجل الساعة الوحا"

محق یا مَلوح تلوخت بین الحلوخ الی الحلوخ ملوحک بالحلوخ

یہ نقش حب بتائے گئے تمام کاموں کے لئے ہے اس سے کام لینا عامل کی اپنی فراست کا کام ہے۔ صرف جائز اور شرعی حاجت کے لئے کیا جائے ورنہ نقصان ہوگا۔

وسعت رزق کے اعمال

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص دو مہینے تک ہر روز سو مرتبہ اس دعا کو پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو مال اور علم کا خزانہ عطا کرے گا۔ دعا یہ ہے (اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِنْ جَمِیْعِ جُرْمِیْ وَظُلْمِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ) جناب رسول خدا ﷺ سے منقول ہے کہ جس شخص کی روزی کا باب تنگ ہو گیا ہو اگر وہ چاہے کہ روزی مجھ کو آسانی سے مل جائے تو لازم ہے کہ صبح و شام میں تین مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔ لکھا ہے کہ اس عمل کا اثر یہ ہے کہ عامل کی سات پشت خلق کی محتاج نہ ہو گی۔ اللہ تعالیٰ کی مدد سے وہ دعا یہ ہے۔ (یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِیْ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَیِّبًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ)

غیبی امداد

اگر ہر طرف سے مشکلات گھیر لیں چارہ کار نظر نہ آتا ہو تو ہر روز سورۃ فتح پڑھیں۔ جب آیت نمبر 7 (واللہ جنود السموت والارض وکان اللہ عزیزاً حکیما) پر آئیں تو اس آیت شریف کو 300 مرتبہ تکرار کریں اور دعا مانگیں پھر سورۃ مکمل کریں۔

شادی کیلئے

جس لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کی عمر کے جتنے ماہ بنتے ہوں اتنے تمرے (کھجوریں) لے کر ان سب پر اکتالیس ۴۱ مرتبہ سورۃ رحمٰن اور سورۃ فتح پڑھ کر دم کریں اور نماز جمعہ کے بعد نمازیوں میں تقسیم کریں۔ 7 جمعہ بلا ناغہ کریں غیب سے رشتہ آئے گا جو بہت اچھا ہو گا۔

بدبختی کی وجہ سے پریشانی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَيُّوۡمُ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ۝ قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ يُحِبُّوۡنَهُمۡ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۝

عشاء کے بعد ایک سو ایک مرتبہ پڑھکر ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ تین بار چہرہ پر پھیر لیں۔

یہ عمل اکیس روز، چالیس روز یا نوے دن تک جاری رکھیں۔ جیسے حالات ہوں اس کے مطابق عمل کریں۔

نقش برائے روزگار

یہ نقش روزگار کے واسطے بازو میں یا گلے میں باندھے اور دوکان کے واسطے بھی مفید ہے۔ ایک صندوق (گلہ۔ پیسوں کی پیٹی) میں رکھئے اور ایک نقش دوکان میں لگائیے۔

۷۸۶

٣١٥٧	٣١٧٣	٣١٦٧	٣١٦٤
٣١٦٨	٣١٦٣	٣١٥٨	٣١٧٢
٣١٦٢	٣١٦٥	٣١٧٥	٣١٥٩
٣١٧٤	٣١٦٠	٣١٦١	٣١٦٦